# معلوماتی پیک ۔ جمہوریہ آئرلینڈ

## گلوب

## تمام تارکین وطن والدین کے لئے آئرلینڈ کا پروگرام

تمام تارکین وطن والدین کے لئے آئرلینڈ کا پروگرام

Urdu ROI.indd 1 14/May/2009 14:24 14/May/2009

# اعتراف خد مات

ان معلومات کی تشکیل میں بہت سے ذرائع سے مدد لی گئ ہے اور ہم ایسے تمام افراد کی مدد اوران کے متعلقه شعبه میں تجربے کا اعتراف کرتے ہیں۔

پہلی بات تو یه ہے که ہم اس پراجیکٹ کے لئے سرحد پار فنڈ دینے والوں کاشکریه ادا کرنا چاہیں گے جنھوں نے ہمیں اس منصوبے پر عمل درآمد کے لئے وسائل فراہم کیے ۔

دوسری بات یه که ہم اس پراجیکِٹ کی انتظامی کمیٹی کے افراد کا شکریه ادا کرنا چاہتے ہیں جنھوں نے اس ٹول کٹ Toolkit کے لئے وقت اور وسائل مہیا کیے۔

تیسری بات یه که ہم اپنی مشاورتی کمیٹی کا بھی شکریه ادا کرنا چاہیں گے جنھوں نے سرحد کے دونوں اطراف سے پریکٹیشنرز اور والدین دونوں کو یکجا کیا جن میں سے بہت سے خود بھی تارکین وطن والدین ہیں۔

ہم ان تمام لوگوں کا بھی شکریه ادا کرتے ہیں اور ان کی بھرپور تعریف بھی کرتے ہیں جنھوں نے اپنی رائے دی اوراس ریسورس پیک کے مختلف حصوں کا اضافه بھی کیا۔ جن میں برنارڈوس تورسیتھا (Barnardos Tuar Ceatha)، وزیر برائے باہمی ارتباط ، شمولیت اور متنوع سروسزشمالی آئرلینڈ، ہیلتھ سروس ایگزیکٹیواور ISPCC کے اندرونی مبصرین شامل ہیں۔

ہم ان تمام پریکٹیشرز، والدین اور نوجوان لوگوں کے ممنون ہیں جنھوں نے ہمارے مشاورتی عمل میں حصه لیا جو پورے آئرلینڈ میں منعقد ہوا اور ویب کے ذریعے بھی انجام دیاگیا۔ آپ کی حمایت اور اس معلوماتی پیک کو بنانے میں ہمیں مطلوبه معلومات مہیا کرنے پر ہم آپ کاتہه دل سے شکریه ادا کرتے ہیں۔

آخر پر ہم اُن تمام لوگوں کا بھی شکریه ادا کرنا چاہتے ہیں۔ جنھوں نے اس پر وگرام میں ہماری مدد کی۔ آپ کا بہت بہت شکریه ۔

فیونا ڈائر Fiona Dwyer [تمام آئی پی آئی پی
IPIP پراجیکٹ کوآرڈینیٹر،ISPCC ]

میری نیکولسن Mary Nicholson [تمام آئی پی آئی پی
IPIP پراجیکٹ مینجراورایڈوکیسی مینجر ،ISPCC

## تعارف

گلوب:۔ تمام تارکین وطن والدین کے لئے آئرلینڈ کا پروگرام 24 ماہ کا ایک ایسا منصوبہ ہے جس کا مقصد تارکین وطن والدین کی آئرلینڈ میں رہنے اور اپنے بچوں کی کفالت کرنے میں مدد دینا ہے۔
یہ ریسورس پیک اس منصوبے کی 3 اجزاء میں سے ایک ہے ۔
ریسورس پیک آئرلینڈ میں زندگی کے تمام پہلوؤں پرمحیط والدین کے لئے ایک معاون معلوماتی کتابچے کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔ یہ 6 مختلف موضوعات پر تازہ ترین معلومات اور دوسرے ذرائع کے روابط پرمشتمل ہے جن تک آپ مزید معلومات کے لئے رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔
ہرحصے کو آسان رسائی کے لئے الگ الگ پیش کیا گیا ہے تاکہ اگر اس میں کوئی موضوع آپ کے لئے خاص اہمیت رکھتا ہے تو آپ اس تک فوری رسائی حاصل کریں۔

### سیکشن نمبر1

آئرلینڈ میں رہنا ...... ایک مختصر تعارف

### سیکشن نمبر 2

آئرلینڈ میں رہنا ......... عملی معلومات

### سیکشن نمبر 3

قانونی معلومات

### سیکشن نمبر 4

صحت اور سماجی خدمات کا نظام

### سیکشن نمبر 5


نظام

### سیکشن نمبر 6

تفریحی اور سماجی سرگرمیاں

ان سیکشنوں کو یا تو سوالات و جوابات یا پھر کسی موضوع پردی گئی معلومات میں مزید تقسیم کر دیا گیا ہے۔ یہ تقسیم کسی خاص سیکشن کاپتہ لگانےیا خاص سوال کا جواب حاصل کرنے میں آسانی پیداکرتی ہے۔

ان 6 سیکشنوں کے آخر میں عام طور پر استعمال ہونے والے مخفف الفاظ اور سرنامے کے علاوہ الفاظ کی فرہنگ /لغت بھی دی گئی ہے۔



# مندرجات


میں کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

سیکشن :1
آئرلینڈ میں رہنا۔ ایک مختصر تعارف.........................5

سیکشن :2
آئرلینڈ میں رہنا۔ عملی معلومات ..............................7

سیکشن :3
آئرلینڈ میں قانونی معلومات ................................ 17

سیکشن:4
صحت و سماجی خدمات نظام.............................. 19

سیکشن :5
آئرلینڈ کا تعلیمی نظام...................................... 27

سیکشن :6
تفریحی و سماجی سرگرمیاں .............................. 33

فرہنگ / لغت........................................... 35

مخفف الفاظ اور سرنامیے ........................ 36

آئرلینڈ میں آئرش زبان کا استعمال .......... 36



# میں کہاں تلاش کرسکتاہوں؟

گورنمنٹ سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر1

آبادی سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر1

بل ادا کرنے سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر2

کرائے سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر2

اپنے بچے کے حقوق سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر3

گھریلو زیادتی سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر3

ویکسی نیشن سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر4

نگرانی سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر4

ہوم ورک سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر5

سکول کے نظم و ضبط سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر5

ثقافت سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر6

لائبریری سے متعلق معلومات؟ – دیکھیے سیکشن نمبر6

## اہم حقائق

آئرلینڈ کو ایری (Eire) بھی کہتے ہیں اوراسے آپ مختلف جگہوں مثلاً ٹکٹوں پر لکھا ہوا بھی دیکھیں گے۔ یہ آئرلینڈ کی زبان کا لفظ ہے۔

آئرلینڈ ایک آئینی جمہوریہ ہے اوراس کا آئین 1937ء میں وضع کیا گیا تھا۔

آئرلینڈ کی آبادی 4 ملین سے کچھ زائد ہے۔ (2006ء کی مردم شماری کے اعداد و شمارکے مطابق)

آئرلینڈ کا دارالحکومت ڈبلن Dublin ہے جو آئرش زبان میں بیلے آتھا کلائتھ Baile Átha Cliathکہلاتا ہے۔

آئرلینڈ کا سرکاری سکه یورو Euro ہے جو قیمتوں سے قبل € کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔ آئر لینڈ 2002ء میں یورو Euro کی کرنسی کواختیار کیا تھا۔

آئرلینڈ کی سرکاری زبان انگریزی اور آئرش ہے۔[جو گیلجی اور گیلک Gaeilge and Gaelic بھی کہلاتی ہے]

آئرلینڈ کی تمام جگہوں کے نام آئرش اور انگریزی دونوں زبانوں میں لکھے جاتے ہیں۔


## آئرلینڈ کا محل و قوع

### آئر لینڈ کہاں واقع ہے ؟

آئرلینڈ ایک جزیرہ ہے جو شمالی مغربی یورپ میں واقع ہے۔ آئرلینڈ کے مشرق میں اس کا سب سے قریبی پڑوسی برطانیه ہے۔ ان دونوں ملکوں کو درمیان میں آئزش سمندر واقع ہے۔
جمہوریه آئرلینڈ جزیرہ کل6 میں سے 5 حصوں پر مشتمل ہے اور شمالی آئر لینڈ (جو برطانیه کا ایک حصه ہے) جزیرہ کے بقیه چھٹے حصے پر مشتمل ہے۔
آئرلینڈ کے علاقے کی تقسیم کس طرح کی گئی ہے ؟
جمہوریه آئر لینڈ 26 کاؤنٹیوں پر منقسم ہے جو آئر لینڈ کے چار صوبوں پر مشتمل ہیں۔




## آئرلینڈ کے صوبے




1- لنسٹر (Leinster)
2- منسٹر (Munster)
3- کوناٹ (Connaught)
4- السٹر (Ulster)

## لینسٹر Leinster :

صوبه السٹر جزیرے کے شمال میں واقع ہے۔السٹر کی اکثریت شمالی آئرلینڈ کا حصه ہے۔السٹر میں کل 9 کاؤنٹیزہیں جن میں سے 6 شمالی آئرلینڈ سے تعلق رکھتی ہیں اور بقیه 3 جمہوریه آئرلینڈ کا حصه ہیں۔

| نام | آئزش نام | کاؤنٹی، قصبه یا شہر |
|---|---|---|
| Carlow کارلو | Ceatharlach سیٹھارلاچ | Carlow کارلو |
| Dublin ڈبلن | Baile Átha Cliath بائلی اتھا کلیاتھ | Dublin ڈبلن |
| Kildare کیلڈیر | Cill Dara سل دارا | Naas نآس |
| Kilkenny کیلکینی | Cill Chainnigh سل چین نگ | Kilkenny کیلکینی |
| Laois لاؤس | Laois لاؤس | Portlaoise پورٹ لاؤس |
| Longford لانگ فورڈ | Longfort لانگ فورڈ | Longford لانگ فورڈ |
| Louth لاوتھ | Lú لو | Dundalk ڈن ڈاک |
| Meath میتھ | Mí می | Trim ٹرم |
| Offaly اوفالی | Ua Fáilghe اوافیلگی | Tullamore ٹولامور |
| Westmeath ویسٹ میتھ | Iarmhí لارمحی | Mullingar مولن گر |
| Wexford ویکس فورڈ | Loch Garman لاوچ جرمن | Wexford ویکس فورڈ |
| Wicklow وک لو | Cill Mhantáin سل مھن ٹین | Wicklow وک لو |

## مونسٹرMunster :

صوبه مونسٹر ملک کے جنوب میں واقع ہے اور کلیئر، کارک، کیری، لیمرک، ٹیپرے اور واٹر فورڈ کے ضلعوں پر مشتعل ہے۔

| نام | آئزش نام | کاؤنٹی، قصبه یا شہر |
|---|---|---|
| Clare کلیئر | Clár کار | Ennis اینیس |
| Cork کارک | Corcaigh کاکیگ | Cork کارک |
| Kerry کیری | Ciarraí کیارائی | Tralee ٹرالی |
| Limerick لیمرک | Luimneach لوم نیچ | Limerick لیمرک |
| Tipperary ٹیپریری | Tiobraid Arainn ٹائبرڈ ایرن | Clonmel کلونگ میل |
| Waterford واٹر فورڈ | Port Lairge پورٹ لائرج | Waterford واٹر فورڈ |

## کوناؤٹ Connaught :

صوبه کوناؤٹ جزیرہ مغرب میں واقع ہے اور گالوے، لیٹرم، مائیو، راوس کومن اور سلیگو کے ضلعوں پر مشتعل ہے۔

| نام | آئزش نام | کاؤنٹی، قصبه یا شہر |
|---|---|---|
| Galway گالوے | Gaillimh گیلمھ | Galway گالوے |
| Leitrim لیٹرم | Liatroim لیاٹروئم | Carrick-on-Shannon کیرک - آن شانن |
| Mayo مائیو | Maigh Eo میگھ یو | Castlebar کیسٹل بار |
| Roscommon راوس کومن | Ros Comán | Roscommon راوس کومن |
| Sligo سلیگو | Sligeach سلیگیچ | Sligo سلیگو |

## لسٹر Ulster :

صوبہ السٹر جزیرہ کے جنوب میں واقع ہے۔ السٹر کے زیادہ تر علاقے شمالی آئر لینڈ کا حصہ ہیں۔ جمہوریہ آئر لینڈ کا صوبہ السٹر کاواں، ڈونیگال، مونا گھان کے ضلعوں پر مشتمل ہے۔

| نام | آئرش نام | کاؤنٹی، قصبہ یا شہر |
|---|---|---|
| Cavan کاواں | Cabhán کبھان | Cavan کاواں |
| Lifford لیفورڈ | Dún na nGall ڈن نن گال | Donegal ڈونیگال |
| Monaghan مونا گھان | Muineacháin مونیکھین | Monaghan مونا گھان |

# آئرلینڈ کی مختصر تاریخ

### آئرلینڈ کی تاریخ کیا ہے ؟

آئرلینڈ کی ایک بہت طویل تاریخ ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس کا آغازتقریباً 7000B.C.میں ہوا تھا اوراس کے ابتدائی لوگ سکاٹ لینڈ سے ہجرت کرکے برطانیہ میں آئے تھے۔

آئرلینڈ پر بہت سے مختلف گروہوں نے حملے اور درانداز‌ی کی تھی جن میں سیلٹس (Celts)ویکنگز (Vikings)، نازمنز [Normans] اور انگریز شامل تھے۔

1916ء میں مشرقی شورش پیدا ہونے تک انگلینڈ نے تقریباً 800 سال آئرلینڈ پر حکومت کی جب قوم پرستی کے حامیوں نے اعلان کیا تھا کہ آئرلینڈ ایک آزاد مملکت ہے۔

سال 1921 میں اینگلو - آئرش معاہدہ پر دستخط کیے گئے اور شمالی آئرلینڈ سلطنت برطانیہ کی متحدہ سلطنت اور شمالی آئرلینڈ کے حصہ کے طور پر برقرار رہا ۔

سال 1932ء میں‌ایامون ڈیولیرا De Valera آزاد آئرش ریاست کےپہلے سربراہ بنے۔

سال 1937ء میں نئے آئین نے آئرش آزاد ریاست کا خاتمہ کردیا اور یہ اعلان کیا گیا کہ آئر لینڈ (Eire ) ایک خود مختار آزاد جمہوری ریاست ہوگی اور مکمل طور پر برطانیہ کے کنٹرول سے آزاد ہوگی۔

سال 1959میں آئرلینڈ اقوام متحدہ میں شامل ہوا۔

سال1973ء میں آئرلینڈ نے یورپین اکنامک کیمونٹی میں شمولیت اختیار کی۔(جو اب یورپین یونین ہے )

سال2002ء میں‌آئرلینڈ یورو(€) کرنسی کا استعمال شروع کیا ۔

# حکومت

### آئرلینڈ کا سربراہ کون ہے ؟

ریاست کا سربراہ صدر ہوتا ہے (آئرش میں اسے او چاترائن Uachtaráin کہتے ہیں)
آئرلینڈ میں حکومت کا سربراہ ٹوئسیچ Taoiseach ہوتا ہے ۔ نائب وزیراعظم ٹاناشتی Tánaiste کہلاتا ہے۔

### ٹو ئسیچ کا تقرر کس طرح کیا جاتا ہے ؟

ڈیل ایرین Dáil Éireann کی طرف سے نامزدگی کے بعد صدر ٹو ئسیچ کا تقرر کرتا ہے اور وہ اس وقت تک حکومت میں رہتا ہے جب تک اسے لازمی طور پر نمائندگان کی حمایت حاصل رہتی ہے۔

### پارلیمنٹ کیا کہلاتی ہے ؟

آئرلینڈ میں پارلیمنٹ کو اوئریچٹاس (Oireachtas) کہا جاتا ہے اور یہ دو ایوانوں پر مشتعل ہوتی ہے۔ پہلے ایوان کو ایوان نمائندگان یا ڈیل ایرین (Dáil Éireann) کہا جاتا ہے اور دوسرا ایوان کو سینٹ یا سینڈی ایرین (Seanad Éireann) کہا جاتا ہے۔

### اہم سیاسی جماعتیں کون کون سی ہیں ؟

آئرلینڈ میں اہم سیاسی جماعتیں فیانا فیل (Fianna Fáil)، فائن گیل (Fine Gael)، لیبرLabour، سن فین (Sinn Féin)، گرین پارٹی، پروگریسو ڈیموکریٹس اور سو شلسٹ پارٹی ہیں۔

### پارلیمنٹ کے نمائندگان کو کیا کہا جاتا ہے ؟

ڈیل ایرین (Dáil Éireann) کےرکن،ایوان نمائندگان کو عام انتخابات میں ووٹ دیتے ہیں اور یہ نمائندگان پانچ سا ل تک اپنا عہدہ برقرار رکھتے ہیں۔ انھیں ٹیچتا ڈالا Teachta Dála (جسے انگریزی زبان میں ڈیلDáil کا نائب) کہا جاتا ہے۔ اس عہدہ کا مختف TD ہے جو ان کے نام کے بعد استعمال کیا جاتا ہے جیسے برین لینہن ٹی ڈیTD Brian Lenihan جو وزیر خزانہ ہے۔ اس وقت ڈیل ایرین (Dáil Éireann)کے 166 نمائندگان یا TDہیں‌اور سینڈی ایرین (Seanad Éireann) کے 60 نمائندگان ہیں۔

### کیا میں انتخابات میں ووٹ دے سکتا ہوں ؟

آئرلینڈ کے شہری تمام انتخابات میں ووٹ دے سکتے ہیں ۔ اگر آپ کا تعلق برطانیہ سے ہے تو آپ ڈیلDail، یورپین اور مقامی انتخابات میں ووٹ دے سکتے ہیں۔ یورپین یونین کے شہری یورپین اور مقامی انتخابات میں ووٹ دے سکتے ہیں جب کہ غیر یورپین یونین کے شہری صرف مقامی انتخابات میں‌ووٹ دے سکتے ہیں۔

# آبادی کا پروفائل (خاکہ)

**کتنے لوگ آئر لینڈ میں رہتے ہیں ؟**

اس وقت آئر لینڈ کی آبادی 4,239,848افراد پر مشتمل ہے۔ (2006کے اعداد و شمار کے مطابق )کل 4,239,848 افراد پر مشتمل آبادی میں سے مردوں کی تعداد2,121,171 ہے اور خواتین کی تعداد2,118,677 ہے۔

### کل آبادی میں :

- 0-14 سال کی عمر کے افراد کی تعداد 864,449 ہے۔
- 15 -24سال کی عمر کے افراد کی تعداد632,732 ہے۔
- 25-44سال کی عمر کےافراد کی تعداد1,345,873 ہے۔
- 26-64سال کی عمر کے افراد کی تعداد928,868 ہے۔
- 65-اوراس سے اوپر کی عمرکے افراد کی تعداد 467,926 ہے۔

### سب سے بڑا شہر کون سا ہے ؟

آئرلینڈ کا سب سے بڑا شہر ڈبلن Dublinہے اور یہ آبادی کے لحاظ سےبھی سب سے بڑا ہے۔ ڈبلن میں لوگوں کی 1,187,176 تعداد رہتی ہے اور بہت سے لوگ پڑوسی کاونٹیوں‌کے قصبوں میں رہتے ہیں۔

### آئرلینڈ میں آبادی کے لحاظ سے دوسرا سب سے بڑا شہر کون سا ہے؟

مرکزی دفترشماریات (eso) کے 2006 کے اعداد و شمار کے مطابق آئر لینڈ میں آبادی کے لحاظ سے دوسرا بڑا شہر کارکCork ہے جس کی کل آبادی 481,295 افراد پر مشتعل ہے

# کرنسی

## آئرلینڈ میں کون سی کرنسی استعمال کی جاتی ہے ؟

آئرلینڈ یوروEuro زون کا حصہ ہے اور اس نے یکم جنوری 2002ءسے یورو کو سرکاری کرنسی کے طور پر استعمال کرنا شروع کیا ہے۔

## یورو بینک نوٹس کس کس مالیت کے ہوتے ہیں ؟

آئرلینڈ میں 7 مختلف مالیت کے کرنسی نوٹ ہوتے ہیں۔

€500 یورو
€200 یورو
€100 یورو
€50 یورو
€20 یورو
€10 یورو
اور
€5 یورو



## سکے کس کس مالیت کے ہوتے ہیں ؟

یورو سکے 8 مختلف مالیت کے ہوتے ہیں :



## 2, €1, 50c, 20c, 10c, 5c, 2c and 1c€

سب سے چھوٹے سکوں پرc لکھا ہوتا ہے۔ اس کا مطلب سینٹ ہوتا ہے۔ ایک یورو میں 100 سینٹ ہوتے ہیں۔

## مفید رابطے

آئرلینڈ کے محل وقوع کے بارے میں مزید معلومات کے لئے دیکھیں

محکمہ ماحولیات، ورثہ و مقامی حکومت

فون 1890 20 20 21

ویب سائٹ www.environ.ie

آئرلینڈ کی تارِیخ کے بارے میں مزید معلومات کے لئے دیکھیں

آئرش تاریخ آن لائن

ویب سائٹ www.irishhistoryonline.ie

آئرلینڈ کی حکومت کے بارے میں مزید معلومات کے لئے دیکھیں

حکومت آئرلینڈ ویب سائٹ

ویب سائٹ www.irlgov.ie

اوریچٹاس [پارلیمنٹ]

پتہ Leinster House
Dublin 2
فون (01) 618 3000
ای میل info@oireachtas.ie
ویب سائٹ www.oireachtas.ie

آئرلینڈ کی آبادی بارے میں مزید معلومات کے لئے دیکھیں

مرکزی دفتر شماریات

ویب سائٹ www.cso.ie

# رہائش

## آئرلینڈ میں دستیاب رہائش کی بڑی اقسام کیا ہیں؟

آئرلینڈ میں لوگوں کی رہائش کی بڑی اقسام درج ذیل ہیں:۔

1. کرائے پر نجی رہائش
2. نجی ملکیت کی رہائش
3. سماجی ہاؤسنگ

آئرلینڈ میں آنے والے بعض لوگوں کو رہائش دی جائے گی [پناہ کے متلاشی] لیکن ایک بار انھیں رہنے کی اجازت دے دی جاتی ہے تاکہ وہ بعد ازاں اپنی رہائش میں منتقل ہو جائیں ۔
آئرلینڈ میں رہائش کی عام طور پر دو اقسام پائی جاتی ہیں، ایک کرائے کی نجی رہائش اوردوسری ملکیت کی نجی رہائش ۔

# کرائے پر نجی رہائش

## کیا میں کرائے پر رہائش لے سکتا ہوں ؟

کرائے کی رہائش کے متلاشی افراد کے لئے کرائے پر رہائش لینے یا اسے شیئر کرنے کے حوالے سےاخبارات میں بہت سے اشتہارشائع ہوتے ہیں اور انٹرنیٹ پر آن لائن بھی دیئےجاتے ہیں۔ دو مشہور آن لائن سرچز یہ ہیں:

www.daft.ie اور www.myhome.ie

## کرائے کی رہائش کی مختلف قسمیں کون سی ہیں؟

کرائےکی رہائش کی کئی مختلف قسمیں ہیں۔ بعض مکمل گھر ہوتے ہیں، دوسرے ایسے مکانات ہیں جو فلیٹس میں تقسیم کیے گئے ہیں اور دیگر اقسام میں جدید بلاکوں پر مشتمل اپارٹمنٹس ہیں۔

## بیڈ سیٹBedsit کیا ہے؟

بیڈ سیٹ جسے سٹوڈیو بھی کہا جاتا ہے۔ ایک چھوٹا سا فلیٹ ہوتا ہے جہاں رہنے اور سونے کے لئے ایک ہی کمرہ ہوتا ہے اور اس میں ایک چھوٹا سا باورچی خانہ اورعام طور پر ایک باتھ روم بھی ہوتا ہے۔

## کیا مجھے اپنا فرنیچر خود لانے کی ضرورت ہے؟

نہیں۔ زیادہ تر کرائے کی رہائش آراستہ ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہےکہ اس میں تمام بنیادی فرنیچر ہوگا جس کی آپ کو ضرورت ہے۔ آپ غیر آراستہ رہائش بھی کرائے پر لے سکتے ہیں۔

## مجھے کرایہ اکثر کیسے ادا کرنا ہوگا؟

کرایہ عام طور پر ماہانہ ادا کیا جاتا ہے۔ لیکن اس کا انحصار آپ کے مالک مکان پر ہوتا ہے۔

## پٹہLease کیا ہوتا ہے؟

پٹہ جائیدار کے مالک یا زمین دار اور کرائے پر رہائش لینے والے شخص کے درمیان ہونے والا ایک معاہدہ ہوتا ہے۔ پٹہ ایک قانونی دستاویزہوتی ہے لہذا اس میں درج ذیل معلومات شامل ہونی چاہیں۔

- زمین دار اور کرائے دار کانام
- آپ کو کتنا کرایہ ادا کرنا پڑے گا
- جائیدار کاپتہ
- آپ کو کب کرایہ ادا کرنا پڑے گا
- پٹہ کی تاریخیں (تاریخ آغاز اور تاریخ اختتام)
- گھر میں فرنیچر اور دیگرلوازمات کیا ہیں

## کرائے کی کتابRent Book کیا ہے؟

کرائے کی کتاب ایک کاپی ہے جس میں مندرجہ بالا تمام معلومات درج کی جاتی ہیں اور جو کرایہ آپ ادا کرتے ہیں اس کی تفصیل کا ریکارڈ رکھنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ آپ کے حقوق میں سےایک حق ہے۔ اس لئے آپ کو یہ اطمنان کرلینا چاہیے کہ آپ نے اپنے زمیندار یا مالک سے کرائے کی کتاب حاصل کرلی ہے۔

## ڈیپازٹDeposit کیا ہے؟

ڈیپازٹ کم ازکم ایک ماہ کے کرائے (لیکن زیادہ بھی ہو سکتا ہے) کی ادائیگی ہے۔ جب آپ پہلے کرائے کی رہائش گاہ میں داخل ہوتے ہیں تو آپ کو یہ ضرور ادا کرنا چاہیے۔ مالک یا زمیندار آپ کا ڈیپازٹ رکھے گا اورجب آپ جائیں گےاور اس کی پراپرٹی بہتر حالت میں ہوگی تو وہ آپ کو یہ واپس کردے گا۔ اگر آپ اس کی جائیداد کوکوئی نقصان پہنچاتے ہیں یا مقررہ وقت سے پہلے چھوڑ جاتے ہیں تو مالک یا زمیندار آپ کا ڈیپازٹ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔

## اگر میرا مالک مکان میرے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کرے تو مجھے کیا کرنا ہے ؟

اگر آپ یہ محسوس کریں کہ آپ کا مالک مکان اس مکان کی دیکھ بھال نہیں کر رہا (مکان کو اچھی حالت میں نہیں رکھ رہا ہے) توآپ اس سلسلے میں مقامی اتھارٹی سے رابط کرسکتے ہیں۔
مکان کو اچھی حالت میں رکھنے کے حوالے سے کم سے کم معیارات کا تعین کردیا گیا ہے اور ہر مکان کو ان مقررہ معیارات پر پورا اترنا لازمی ہے۔ مزید براں سال2009ء سے قانون سازی کو متعارف کروایا جار رہا ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ مذکورہ رہائش تمام مقررہ کم سے کم معیارات کی شرائط پورا کریں۔
کم سے کم مقررہ معیارات اور مالک مکان کی جانب سے غیر منصفانہ سلوک کی شکایت کے بارے میں آپ مزید معلومات اس پتے سے حاصل کر سکتے ہیں۔
بورڈ برائےنجی رہائشی کرایہ داران ،
منزل 2او کونیل برج ہاؤس ڈبلن 2
بذریعہ ٹیلی فون: 6350600 (01)
بذریعہ ای میل: Infomation@prtb.ie
شکایت کرنے سے قبل آپ کو یہ بات یقینی بنانی چاہیے کہ آپ نے معاہدہ کرایہ داری کے کسی پہلو کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی ہے، جائداد کو نقصان نہیں پہنچایا ہے، ہمیشہ کرایہ وقت پر دیا ہے اوراسی طرح کے دیگر معاملات۔

# نجی ملکیت کی رہائش

## اگر میں مکان یا اپارٹمنٹ خریدنا چاہتا ہوں تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟

آئرلینڈ میں جائیداد خریدنا بہت مہنگا پڑتا ہے۔ زیادہ تر مکانات اور اپارٹمنٹس سٹیٹ ایجنٹس کے ذریعے فروخت کیے جاتے ہیں اور آئرلینڈ میں بہت سے سٹیٹ ایجنٹس موجود ہیں۔

## میں کس طرح سے مکان یا اپارٹمنٹ خریدوں؟

مکانات اور اپارٹمنٹس نسبتاً بہت مہنگے ہوتے ہیں۔ لوگوں کی اکثریت مکان بینک یا بلڈنگ سوسائٹی میں رہن رکھ کر خریدتی ہے۔
رہن بینک کا ایک قرضہ ہے جو لوگ عام طور پر 20تا 30سال میں واپس کرتے ہیں۔ اس قرضےمیں سود کی رقم بھی شامل ہوتی ہے اور اسے قسطوں میں ماہوار واپس کیا جاتا ہے۔
بینک لوگوں کو رہن پر قرضہ دینے سے قبل اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ وہ شخص جس نے رہن کے لئے درخواست دی ہے کیا وہ قرضہ واپس کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وہ ایک یکمشت رقم جمع کروانے کا بھی کہتے ہیں جو عام طو رپر 10% ہوتی ہے۔ آپ کو اپنے بینک سے اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
(دیکھیے بینک سے متعلق اگلا سیکشن)

## مجھے کتنی فیس ادا کرنی ہوگی؟

جاری رہن کے علاوہ اور بھی فیس بھی ہوتی ہے جنھیں پہلی بار اپنا مکان خریدنے پر ادا کرنا ہوتا ہے:۔

- سٹامپ ڈیوٹی:۔ یہ جائیداد پر سرکاری ٹیکس ہوتا ہے جس کا انحصار جائیداد کی قیمت پرہوتا ہےکہ آیا آپ نے اس سے قبل کوئی جائیداد خریدی ہے (دنیا کے کسی حصے میں) اور مکان کا کیا سائز ہے۔ آپ مزید معلومات بشمول مکان کی مختلف قیمت کی شرح کیا ہوگی، سٹامپ ڈیوٹی سے متعلق معلومات اس ویب سائٹ سے www.revence.ie حاصل کرسکتے ہیں۔
- سٹیٹ ایجنٹ:۔ اگر آپ سیلز ایجنٹ سے مکان خریدتے ہیں آپ فروخت کی مختلف فیس کی توقع کرسکتے ہیں۔ یہ فیس بعض اوقات مکان کی قیمت میں شامل ہوتی ہیں لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا۔
- قانونی فیس:۔ یہ فیس سالیسیٹر [وکیل]وصول کرتا ہے۔ اس فیس کے لئے کوئی رقم مقرر نہیں ہے۔ آپ سے پر زور سفارش کی جاتی ہے کہ آپ سالیسیٹر کی خدمت حاصل کریں جب آپ کوئی جائیداد خرید رہے ہوں۔ اس لئے کہ وہ آپ کی بہت سے قانونی پہلووں سے مدد کرسکتے ہیں۔

# مقامی اتھارٹی کی رہائش گاہیں

## مقامی اتھارٹی کی رہائش گاہیں کیا ہیں؟

مقامی اتھارٹی کی رہائش گاہوں کو سوشل ہاوسنگ بھی کہا جاتا ہے اور یہ ان لوگوں کے لئے ہوتی ہیںجو عارضی طور پر آئرلینڈ میں رہائش رکھتے ہیں (اس کے لئے دیکھیں»عارضی طور پر رہائش پذیر کیا ہوتا ہے؟) اور انھیں رہائش کی ضرورت ہوتی ہے لیکن وہ اپنے مکانات خریدنے کا خرچہ برداشت نہیں کرسکتے۔
ہاوسنگ ایسو سی ایشن اور ہاوسنگ کواپریٹیو بھی سوشل ہاوسنگ کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

## میں کس طرح سوشل ہاوسنگ کے لئے درخواست دے سکتا ہوں؟

سوشل ہاوسنگ کے لئے درخواست دینے کے لئے آپ کو مقامی اتھارٹی کو درخواست دینا ہوگی۔ آپ اپنے سب سے قریبی مقامی اتھارٹی اس ویب سائٹ سے تلاش کر سکتے ہیں۔
www.environ.ie/en/LocalGovernment/
./LocalGovernmentAdministration/LocalAuthorities
آپ اپنے سب سے قریبی ہاوسنگ ایسوسی ایشن کا اس ویب سائٹ کے ذریعے رابطہ معلوم کر سکتے ہیں۔ www.iesh.ie/eng/members

## جن لوگوں کو سوشل ہاوسنگ کی سہولت ملتی تو پھر وہ کس طرح کا فیصلہ کرتے ہیں؟

مکانات ضرورت کے مطابق مختص کیے جاتے ہیں اور کرایہ کا انحصار اس پر ہوتا ہے کہ آپ کس قدر رقم بطور کرایہ دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں آپ اس قسم کی سماجی ہاوسنگ کی رہائش لینے کے اہل ہیں تو آپ کو مقامی اتھارٹی کو درخواست دینا ہوگی۔ اتھارٹی ان تمام امور کا جائزہ لے گی۔ مثلاً آپ کا کنبہ کتنے افراد پر مشتمل ہے، آپ کی آمدنی کتنی ہے، آپ کی موجودہ رہائش (اگر کوئی ہو)تو اس رہائش کی شرائط اور کوئی مخصوص حالات بشمول عمر، معزوری، طبی حالات وغیرہ کیا ہیں۔

## اگر میں سوشل ہاوسنگ قبول کرتا ہوں تو اس کے بعد کیا معاملہ ہوتا ہے؟

اگرمقامی اتھارٹی آپ کو قبول کرلیتی ہے اور آپ کو ہاوسنگ کی ضرورت ہے تو آپ کا نام ویٹنگ لسٹ پر رکھا جاتا ہے اور رہائش دستیاب ہونے پر آپ کے نام وہ رہائش مختص کر دی جاتی ہے۔

## کتنی رقم مجھے بطور کرایہ ادا کرنا ہوگا؟

کرایہ کے انحصار آپ کی جانب سے رقم ادا کرنے کی صلاحیت پر ہے۔ اس لئے اگر آپ کی آمدنی کم ہے تو آپ کا کرایہ بھی کم ہوگا۔ اور اگر آپ کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے تو آپ کے کرایہ کی رقم میں بھی اضافہ ہوجائے گا۔ آپ کے کنبہ کے کوئی دیگر افراد کی آمدنی کرایہ کے مد میں شامل کی جائے گی اور آپ کے خاندان کے کسی بچے کے لئے رقم کی کٹوتی بھی ہوسکتی ہے۔ ہر مقامی اتھارٹی اپنے کرایہ کے سکیم پر عمل کرتی ہے۔
آپ کی مقامی اتھارٹی کا کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ کرایہ ہوسکتا ہے جس کا انحصار آپ کے مکان کے سائز پر ہے۔ ایک انسان کے معاشی مسائل اور مشکل وقت سے متعلق ایک شق ایسی بھی ہے جو مقامی اتھارٹیز کو یہ صوابدیدی اختیار دیتی ہے کہ وہ کرایہ کم کردے۔ اگر ایسا کرنے کی خاص وجوہات موجود ہوں۔
اگر آپ کی آمدنی یا آپ کے خاندان کے کسی فرد کی آمدنی میں تبدیلی ہوتی ہے آپ کو اس سے متعلق لازمی طور پر مقامی اتھارٹی کومطلع کرنا ہوگا۔

## امتیازی سلوک کے حوالے سے ایکٹ برائے مساوی حیثیت کیا ہے؟

مساوی حیثیت کا ایکٹ2000ء جنس، ازدواجی حیثیت، خاندانی حیثیت، جنسی رجحان، مذہبی عقیدہ، عمر، معذوری، نسل اور سفری کمیونٹی کی رکنیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتا ہے۔
مساوی حیثیت کے ایکٹ تحت کس طرح شکایت کرنی ہے، برائے مہربانی اس کی تفصیل کے لئے دیکھیے www.equalitytribunal.ie۔ ان کے پاس انگریزی زبان میں معلومات موجود ہِیں اور پولش، روسی اور فرانسیسی زبان میں ترجمہ بھی موجود ہے۔

# بینک اکاؤنٹ

## مجھے بینک اکاؤنٹ کیوں کھولنا چاہیے؟

بینک اکاؤنٹ کھولنا ایک اچھا تصور ہے اگر آپ آئرلینڈ میں کام کررہے ہیں یا رہ رہے ہیں۔ بہت سے لوگوں کی تنخواہ براہ راست اُن کے بینک اکاؤنٹ میں بھیج دی جاتی ہے اور یہ طریقہ آپ کو رقم بچانے اور براہ راست بل ادا کرنے کا موقع بھی دیتا ہے۔

## کون سی مختلف اقسام کے بینک ہیں؟

آئرلینڈ میں مالیاتی اداروں کو بینکوں،بلڈنگ سوسائٹیز،کریڈٹ یونین اوراین پوسٹ [ڈاک خانہ] میں تقسیم کیا گیا ہےجہاں آپ اپنا اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔
مالیاتی ریگولیٹر تمام بینکوں اور بلڈنگ سوسائٹیزکو باضابطہ بناتے ہیں۔ مالیاتی ریگولیٹر وہ درج ذیل ویب سائٹ پرآپ کو بینک اور بلڈنگ سوسائٹی کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔
www.itsyourmoney.ie

## بینک اکاؤنٹ کھولنے کے بارے میں مجھے کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

جب آپ ایک کرنٹ اکاؤنٹ کھولیں تو آپ کو اس بات سے باخبر ہونا چاہیے کہ آپ اپنے اکاؤنٹ سے وابستہ کیا خدمات حاصل کرتے ہیں اور آپ کو جاننا چاہیے کہ آپ کو کون سی فیس اور چارجز ادا کرنے ہیں۔ بہت سے بینک مفت بینکنگ (کچھ شرائط کے ساتھ) سروسز پیش کرتے ہیں اور آپ کو بینک یا بلڈنگ سوسائٹی سے اس کے متعلق پوچھنا چاہیے۔

## کرنٹ اکاؤنٹ کیا ہے؟

کرنٹ اکاؤنٹ آپ کو روزبروزمالی لین دین کے معاملات کی سہولت فراہم کرتا ہے(یعنی بل ادا کرنا، اپنےاکاؤنٹ سے تنخواہ وصول کرنا، لین دین کرنا وغیرہ)۔ ان سہولیات کوصرف بینک اور بلڈنگ سوسائٹیز پیش کرتی ہیں۔

## ڈیپازٹ اکاؤنٹ کیا ہے؟

ڈیپازٹ اکاؤنٹ آپ کو بچت کرنے کا ایک موقع دیتا ہے اورآپ اس رقم پر منافع لے سکتے ہیں ۔ان کی پیشکش بہت سی مالیاتی سروسز فراہم کرتی ہیں مثلاً بینک،بلڈنگ سوسائٹیزاورکریڈٹ یونیز۔

## میں بینک اکاؤنٹ کیسے کھولوں؟

بینک اکاؤنٹ کھولنے کے لئے آپ کو مقامی بینک میں جانے کی ضرورت ہوگی اورایک فارم پُر کرنا ہوگا۔ آپ کو اپنے پتہ اور شناخت کا ثبوت لانے کی بھی ضرورت ہوگی۔(نیچے دیکھیے)

## مجھے اپنی شناخت اور پتہ ثابت کرنے کی کیوں ضرورت ہوتی ہے؟

یہ تقاضا فوجداری انصاف کے ایکٹ1994ء کے تحت انسداد منی لانڈرنگ کی قانون سازی کے موجب کیا جاتا ہے۔

## میں اپنی شناخت کیسے ثابت کر سکتا ہوں؟

شناخت کے فارموں کی درج ذیل فہرست جو آپ کے نام او رتاریخ پیدائش کاثبوت مہیا کرتی ہے۔

- پاسپورٹ
- موجودہ ڈرائیونگ لائسنس
- کسی مشہور آجر کا جاری کردہ حالیہ شناختی کارڈ جس پر تصویر لگی ہو۔
- کسی تیسرے درجے کے مشہور کالج کی طرف سے جاری کردہ حالیہ سٹوڈنٹ شناختی کارڈ جس پر تصویر لگی ہو۔

## میں اپنا پتہ ثابت کرنے کے لئے کیا کرسکتا ہوں؟

درج ذیل دستاویزات کی فہرست ہے جو آپ کے پتہ کا ثبوت مہیا کرتی ہے:

- حالیہ یوٹیلیٹی (مثال کے طور پر بجلی ،گیس یا ٹیلی فون) کا بل جوآپ کے نام ہو۔
- موجودہ ڈرائیونگ لائسنس
- حالیہ پنشن/ مراعات کی کتاب جسے محکمہ برائے سماجی،کیمونٹی اور خاندانی معاملات نے جاری کیا ہو۔
- آپ کے نام پرجاری کردہ حالیہ بینک کا اصل گوشوارہ

## اگر مجھے شکایت ہوتو میں کیا کروں؟

اگر آپ کو بینک اکاؤنٹ کھولنے میں کوئی مشکل ہوتوآپ بہت کچھ کرسکتے ہیں۔
مرحلہ نمبر1:۔ مینجر یا برانچ منیجر سے بات کریں اور پوچھیں۔ اگر آپ ابھی تک مطمئن نہیں تو آپ مالیاتی محتسب سروس سے شکایت کرسکتے ہیں۔
مرحلہ نمبر2:۔ آپ مالیاتی محتسب سروس سے درج ذیل ویب سائٹ پررابطہ کرسکتے ہیں۔
/www.financialombudsman.org.uk ۔ آپ
محتسب کو درج ذیل پتے پر خط بھی لکھ سکتے ہیں۔
South Quay Plaza, 183, Marsh Wall, London E14 9SR
اس ٹیلی فون پر رابطہ کریں: 0845 080 1800 یا پھر اس پتہ پر ای میل کر سکتے ہیں: complaint.info@financialombudsman.org.uk

# یوٹیلیٹیز

## یوٹیلیٹیز کیاہیں؟

یوٹیلیٹیزسرکاری خدمات ہیں مثلاً بجلی ،گیس ،پانی وغیرہ جوحکومت مہیا کرتی ہے لیکن عموماً آپ کو ان کے لئے ادائیگی کرنا پڑتی ہے۔

## بجلی

### آئرلینڈ میں بجلی کو کون کنٹرول کرتاہے؟

جمہوریہ آئرلینڈ میں بجلی کی خدمات الیکٹرک سٹی سپلائی بورڈ (ESB) مہیا کرتا ہے جس پر حکومت کا کنٹرول ہوتا ہے۔

### میں بجلی کا بل اپنے نام پر کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

اپنے نام پر بجی کا بل حاصل کرنے کے لئے آپ کو سب سے پہلے میٹر پوائنٹ ریفرنس نمبر ( MPRN) کی ضرورت ہوگی۔ اس نمبر کا آپ اپنے سٹیٹ ایجنٹ، مالک مکان یا بلڈر سے پوچھ سکتے ہیں۔ آپ ای ایس بی (ESB) سے نئے کسٹمر سروس کے لئے فون757 372 1850 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

### کتنے عرصے کے بعد مجھے بجلی کا بل موصول ہوگا؟

بجلی کا بل ہر دو ماہ میں جاری کیے جاتے ہیں۔ او ریہ بل میٹر ریڈنگز یا استعما ل ہونے والی بجلی کے تخمینے کے حساب سے بنائے جاتے ہیں۔

### کتنی جلدی مجھے اپنے بل کی ادائیگی کرنی چاہیے؟

آپ کو 14دن کے اندر لازمی طو رپر بل ادا کرنا ہوگی تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کی بجلی کی فراہمی لگا تار رہے گی۔

### میٹر ریڈنگ سے آپ کی کیا مراد ہے؟

بجلی کا میٹرآپ کے گھر میں ایک ایسی مشین ہے جو یہ پیمائش کرتی ہے کہ آپ نے کتنی بجلی استعمال کی ہے۔ آپ کے بل کا حساب لگانے کے لئے میٹر ریڈر آپ کے گھر جاتا ہے ۔میٹر ریڈ آپ کے گھر سال میں چار بار جاتا ہے۔

### استعمال ہونے والی بجلی کا تخمینہ لگانے سے آپ کی کیا مراد ہے ؟

میٹر ریڈر چھ سالہ بجلی کے بلوں کےلئے صرف چار سال آپ کے گھر جاتا ہے۔ دیگر دو سالہ بلوں کے لئے ESB سابقہ بلوں کی بنیاد پر تحمینہ لگاتا ہے کہ آپ نے کتنی بجلی استعمال کی ہے۔

### میں اپنا بجلی کس طرح ادا کرسکتا ہوں؟

آپ کے لئے بجلی کا بل ادا کرنے کے کئی مختلف طریقے ہیں ۔ آپ اپنا بجلی کا بل درج ذیل ذریعے سے ادا کرسکتے ہیں ۔

- براہ راست ڈیبٹ Debit (جہاں بل کی رقم براہ راست آ پ کے بینک کھاتے سے آئے گی ) کے ذریعے ادائیگی۔ w.w.w.esb.ie/directdebit
- آن لائن (www.bill pay.ie) بل کی ادائیگی(ڈاکخانہ کی طرف سے فراہم کردہ مفت خدمت ۔ دیکھیے پوسٹل سروس) ڈاکخانہ میں ۔
- دکان جہاں پے پوئنٹ تحریر ہو (صرف نقدی کی صورت میں )
- بذریعہ ٹیلی فون 1850372372 (صبح 8 بجے سے شام 8بجے تک (سوموار تا جمعہ)

## جب بجلی کا میٹر ریڈ ر میرے گھر پر آئے اور میں گھر پر موجود نہ ہوں تو اس وقت کیا ہوگا؟

اگر آپ گھر پر نہیں ہیں تو آپ اپنی صحیح میٹر ریڈنگ اس ویب سائٹ پر ان لائن درج کراسکتے ہیں۔
www.esb.ie
یا بذریعہ ٹیلی فون1850337777(صرف آئرلینڈ کے لئے ) ایسا کر سکتے ہیں۔

## میں میٹر کس طرح پڑھ سکتا ہوں ؟

بجلی کے میٹر کی ریڈنگ اسی طرح ہے جیسے کار کتنی میل چلی ہے ، اس کی ریڈنگ کرنا۔ آپ مزید معلومات کے لئے اس ویب سائٹ کا ملاحظہ کریں۔
www.esb.ie/esbnetworks/domestic_customers/metering/read_meter_reading.jsp

## اگر میری بجلی میں کوئی ہنگامی صورت حال پیداہوجائے [یا بجلی کی سپلائی رک جائے] تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟

اگر آپ کی بجلی کی سپلائی رک جائے یا کوئی ہنگامی صورت پیدا ہو جائے تو اپ اس نمبر پر ٹیلی فون کرسکتے ہیں 1850372999 اورکسٹمر سروس آپریٹر سے بات کر سکتے ہیں۔ یہ سروس ہفتے میں 7 دن اور 24 گھنٹے دستیاب ہے۔

## میں شکایت کیسے درج کراوں؟

مرحلہ 1: ای ایس بی
ESB کسٹمر سروس سے فون 372 372 1850 پر بات کریں یا انھیں اس پتہ پر ای میل کریں service@esb.ie
مرحلہ 2: اگر آپ کا یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا توآپ ای ایس بی (ESB) کسٹمر سپلائی ، سہولت کار برائے شکایات ، پوسٹ بکس 6 ، ہنری سٹریٹ، لائم رکLimerickکو لکھ سکتے ہیں یااس پتے پر ای میل کر سکتے ہیں۔
complaintfacilitator@esb.ie
مرحلہ3: اگر آپ ابھی تک مطمن نہ ہوں تو
(CER) میں کمیشن برائے قواعد توانائی (CER) ایکسینج بلگارڈ سکوائر نارتھ،ٹالا گھٹ،ڈبلن 24 سےرابطہ کر سکتے ہیں یا بذریعہ ٹیلی فون800 4000 (01)یا بذریعہ ای میل info@cer.ie۔ رابطہ کرسکتے ہیں۔

# گیس

## آئرلینڈ میں گیس سپلائی کو کون کنٹرول کرتا ہے؟

گیس کے بڑا سپلائر بورڈBord گیس ہے جو ریاست کی ملکیت ہے اور فلو Floگیس دوسرابڑاسپلا ئر ہےجو ان لوگوں گیس فراہم کرتا ہے جن کے پاس گیس سپلائی کی مین لائن نہیں ہوتی۔

## مجھے کس طرح اپنے نام پر گیس کا بل مل سکتا ہے ؟

گیس کا بل اپنے نام پر کروانے کے لئےآپ کو ان دونوں میں سے کسی  ایک خاص نمبر پر ٹیلی فون کرنا ہوگا 1850632632 (انگریزی میں )یا 1850632632(روسی ،پوش اور مندرین زبان میں )

## مجھے کتنی جلدی بل کی ادائیگی کرنا ہوگی ؟

آپ کو 14دن کے اندر اپنے گیس بل کی ادائیگی کرنا ہوگی تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کی گیس سپلائی برقرار رہے۔

## میٹر ریڈنگ سے آپ کی کیا مراد ہے ؟

گیس میٹر کی آپ کے گھر میں ایک مشین ہے جو اس بات کی پیمائش کرتی ہے کہ آپ نے کتنی گیس استعمال کی ہے۔ گیس بل کی رقم کا حساب کتاب لگانے کے لئے میٹر ریڈر آپ کے گھر آتا ہے۔ میٹر ریڈر سا ل میں تین مرتبہ آپ کے گھر آتا ہے۔

## استعمال ہونے والی گیس کے تخمینے سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟

میٹر ریڈر آپ کے 6 سالہ بلوں میں3 سالہ بلوں کے لئے آ پ کے گھر آتا ہے ۔بورڈ گیس سابقہ بلوں کی بنیاد پر تخمینہ لگاتا ہے کہ آپ نے کتنی گیس استعمال کی ہے۔

## میں اپنا گیس بل کس طرح ادا کرسکتا ہوں؟

آپ کے گیس بل کی ادائیگی کے لئے کئی مختلف طریقے ہیں:۔

- براہ راست ڈیبٹ (جہاں بل کی رقم براہ راست آپ کے بینک کے کھاتے سے آئے گی )اس کے لئے دیکھیں ویب سائٹ www.bordgais.ie
- آن لائن www.billpay.ie [ڈاکخانہ کی طرف سے فراہم کردہ مفت خدمت] یا ڈاکخانہ میں ۔
- دکان جہاں پے پوائنٹ تحریر ہو (صر ف نقدی کی صورت )
- بذریعہ ٹیلی فون 1850632632 (انگریزی زبا ن میں )اور 1850633633 (روسی، پولش اور مندارین زبان میں )

Urdu ROI.indd 11 14/May/2009 14:24 14/May/2009

### میٹر ریڈر میرے گھر پر آئے اور میں گھر پر موجود نہ ہوں تو اس وقت کیا ہوگا؟

اگر آ پ گھر پر نہیں ہیں تو آپ ان لائن پر اپنی صحیح میٹر ریڈنگ درج کر سکتے ہیں www.bordgaisenergysupply.ie
یا فون 427 732 (1850) پر بتا سکتے ہیں۔

اگر مجھے گیس کی بو آئے تو کیا کرنا ہوگا؟
اگر آپ کو گیس کی بو محسوس ہو تو فوراً اس کی رپورٹ اس ٹیلی فون نمبر پر کریں1850205060۔ سیفٹی سے متعلق انگریزی، آئرش، پولش، روسی اور چینی زبان میں دستی کتابچہ یہاں دستیاب ہے :۔ www.bordgais.ie

### میں کس طرح شکایت کرسکتا ہوں؟

مرحلہ1: بورڈ گیس کسٹمر سروس کو اس نمبر1850632632 پرٹیلی فون کرکے یا انھیں info@bordgais.ie پرای میل کرکے شکایت کریں۔
مرحلہ 2 : اگر یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا ہے تو آپ کسٹمر سروس منیجر ،بورڈ گیس انرجی سپلائی،پی او باکس نمبر10943 ڈبلن 1 کو لکھ سکتے ہیں۔
مرحلہ 3: اگر پھر بھی آپ مطمن نہیں تو آپ کمیشن برائے قواعد توانائی [CER] ایکسینج بلگارڈ سکوائر نارتھ، ٹالگھٹ ، ڈبلن 24کو بذریعہ ٹیلی فون 800 4000 (01)یا بذریعہ ای میل info@cer.ie. رابطہ کرسکتے ہیں۔

## پانی کے چارجز

اس وقت گھروں میں استعمال کے لئے بڑے پائپ /نالے کا پانی (پینے کے لئے کپڑے دھونے کے لئے اور صفائی کے لئے) مفت ہے۔
پانی کے بل کے لئے میٹر لگانے کے منصوبے بن چکے ہیں لیکن اس کے لئے تاریخ مقرر نہیں کی گئی ہے اس بات کے متعلق معلومات لینے کے لئے کہ اپنے گھر میں پانی کیسے محفوظ کریں برائے مہربانی دیکھیے۔ www.taptips.ie یہ ویب سائٹ پانی محفوظ کرنے کے متعلق مفید معلومات دیتی ہےاور ٹونٹی کو کھلا چھوڑ کر اسے ضائع نہ کرنے کے متعلق بھی مفید معلومات رکھتی ہے۔ یہ بات بھی بتاتی ہے کہ آپ بجلی کیسے بچا سکتے ہیں۔

## کوڑاکرکٹ کا اکٹھا کرنا اور دوبارہ استعمال کے قابل بنانا

### کیا میری گندگی اکٹھی کرنے کے لئے مجھے کسی رقم کی ادائیگی کرنی پڑے گی؟

جی ہاں،آئرلینڈ میں کوڑا کرکٹ مفت نہیں اکٹھا کیا جاتا بلکہ ہر ایک گھر کو اس کے لئے فیس کی ادائیگی کرنا پڑتی ہے۔

### کوڑا کرکٹ اکٹھا کرنے کا نگران کون ہے؟

کوڑا کرکٹ کے اکٹھا کرنے کا مقامی طور پر انتظام کیا جاتا ہے۔ اور اس لئے ایک کاونٹی (علاقہ) سے دوسرے کاونٹی (علاقے) کے چارجز مختلف ہوتے ہیں۔ کوڑا کرکٹ کے اخراجات ہر کاونٹی میں مختلف ہوتے ہیں۔ جہاں آپ رہتے ہیں اس کے متعلق زیادہ معلومات لینے کے لئے اپنی مقامی کاونٹی کونسل سے پوچھیں یا درج ذیل ویب سائٹ پر آن لائن معلومات لیں۔ www.epa.ie.

### کوڑا کرکٹ کیسے اکٹھا کیا جاتا ہے؟

کوڑا کرکٹ یا تو کاونٹی کونسل یا پرائیویٹ کولیکٹر (اکٹھے کرنے والا) اکٹھا کرتے ہیں۔ آپ کویہ سروس دینےوالا ایک wheel bin (پہیوں والا کوڑا دان) دے گا۔ جو ایک بڑا کوڑا دان ہے۔ تاکہ آپ اس میں اپنا کوڑا کرکٹ رکھیں (سیاہ بوریوں میں) یا دوسرے علاقوں میں آپ ایک ٹیگ Tag کے لئے ادائیگی کرتے ہیں جو آپ اپنے کوڑا دان پر لگاتے ہیں اور اسے اپنے گھر کے باہر رکھ دیتے ہیں۔
آپ کا کوڑا کرکٹ ہفتے کے مخصوص دن اکٹھا کیا جاتا ہے، اور آپ کا پرائیوٹ کولیکٹر (اکٹھا کرنے والا) یا آپ کی کاونٹی کونسل آپ کو بتائے گی کہ کس دن آپ کا کوڑا کرکٹ اکٹھا کیا جانا ہے۔ آپ یہ سروس دینے والوں کی ایک فہرست درج ذیل ویب سائٹ پر www.enfo.ie دیکھ سکتے ہیں اور کہاں رجسٹریشن کرانی ہے یہ بھی دیکھ سکتے ہیں۔

### ری سائیفلنگ کیسے کرتے ہیں؟

بہت سے علاقوں میں گھرانوں کو ری سائیکل ہونے والی اشیاء رکھنے کے لئے سبز کوڑا دان بھی دیا جائے گا۔ یہ آپ کے کوڑا دن کے چارچز میں شامل ہے۔ جتنا زیادہ ممکن ہوسکے، آپ ری سائیکلنگ کے ذریعے کوڑا کرکٹ کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگا سکتے ہیں۔

### میں کیا ری سائیکل کرسکتا ہوں؟

آپ اپنے بستر کوڑا دان میں ری سائیکل کرسکتے ہیں۔ اس کا انحصار آپ کے کولیکٹر (اکٹھا کرنے والا) پر ہے۔ لیکن عام طور پر آپ ان چیزوں کو ری سائیکل (دوبارہ استعمال کے قابل بنانا) کرسکتے ہیں جیسے کاغذ، شیشہ ، لکڑی، گتہ اور کچھ پلاسٹک کی چیزیں۔
آپ درج ذیل ویب سائٹ پر ری سائیکلنگ کے متعلق مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ www.repak.ie.

### میں دوسرے کن طریقوں سے ری سائیکل کرسکتاہوں؟

جس دوسرے طریقے سے آپ ری سائیکل کرسکتے ہیں، ان میں"برنگ بینک" تک چیزیں لانا، سب سے اہم ہوتا ہے۔ برنگ بینک مختلف چیزوں کے لئے مختلف کنٹینرز فراہم کرتا ہے۔ ان مختلف چیزوں میں شیشہ، گتہ اور کچھ علاقوں میں پرانے کپڑوں کے لئے کنٹینر آنا ہے۔
آپ درج ذیل ویب سائٹ سے اپنا مقامی "برنگ بینک" معلوم کرسکتے ہیں www.repak.ie/bring—banks.html
یا آپ اپنے نزدیکی بڑی سپر مارکیٹ میں بھی غالباً ایک بڑا "برنگ بینک" دیکھیں گے۔

## ینڈ میں گاڑی چلانا

### آئر لینڈ میں مجھے اپنی گاڑی چلانے کے لئے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

اگر آپ آئر لینڈ جارہے ہیں یا پہلے سے وہاں رہ رہے ہیں یا ایک کار یا دوسری گاڑی درآمد کررہے ہیں۔ تو آپ کو آئرلینڈ میں اپنی گاڑی چلانے سے پہلے تین کام کرنے کی ضرورت ہوگی۔

- گاڑی کا رجسٹریشن ٹیکس (VRT) ادا کرنا (جب تک آپ مستثنیٰ نہیں ہیں)۔
- گاڑی کا بیمہ کرائیں۔
- موٹر ٹیکس ادا کریں۔

### کیا میں اپنا موجودہ ڈرائیونگ لائسنس استعمال کرسکتا ہوں؟

یہ ممکن ہے کہ آپ اپنے ڈرائیونگ لائسنس کا تبادلہ کرسکتے ہیں۔ مکمل آئرش ڈرائیونگ لائسنس کے لئے جو EUیا EEAکی رکن ریاست نے جاری کیا ہو۔ آئرلینڈ تمام EU/EEAریاستوں کے ساتھ معاہدے کیے ہیں اور کچھ دوسرے ممالک کے ساتھ بھی معاہدے کیے ہیں۔ (یعنی آسٹریلیا/جاپان/ جنوبی امریکہ/جنوبی کوریہ/ نیوزی لینڈ)۔

### اگر میرا ڈرائیونگ لائسنس تسلیم شدہ ممالک میں سے کسی ایک کا نہ ہو تو پھر کیا ہے؟

اگر آئرلینڈ میں آپ کا قیام بارہ مہینے سے زیادہ ہوگا اور آپ لسٹ میں درج ممالک/ ریاستوں میں سے ایک سے نہیں ہیں تو آپ آئرلینڈ میں ڈرائیونگ لائسنس کی درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ آئرلینڈ میں گاڑی چلانا جاری رکھنا چاہتے ہیں ۔

### میں آئرلینڈ میں ڈرائیونگ لائسنس کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

پہلے آپ ڈرائیور تھیوری ٹیسٹ (گاڑی چلانے کے نظریے کا امتحان) مکمل کریں گے۔ لرنر ڈرائیونگ پرمٹ، (ڈرائیونگ سیکھنے والے کا اجازت نامہ) کے لئے درخواست کریں گے۔ اور آئرلینڈ میں اپنا ڈرائیونگ ٹیسٹ مکمل کریں گے۔ اگر آپ اپنا ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کریں گے تو آئرلینڈ میں استعمال کے لئے آپ کومکمل ڈرائیونگ لائسنس جاری کیا جائے گا۔

### کیا میں عارضی لائسنس پر خود گاڑی چلاسکتا ہوں ؟

نہیں آپ کے ساتھ ایک آدمی ضرورہونا چاہیے۔ جس نے کم از کم دو سال سے مکمل ڈرائیونگ لائسنس لیا ہو۔

### این سی ٹی (NCTٹیسٹ کیا ہے؟

نیشنل کار ٹیسٹ (NCT) ایک ٹیسٹ ہے جو آپ کی کار کا ہوگا اگر آپ آئرلینڈ میں گاڑی چلانا چاہتے ہوں اور آپ کی کار چار سال سے زائد پرانی ہو۔ آئرلینڈ میں 43 ٹیسٹ مراکز ہیں اور آپ درج ذیل ویب سائٹس سے مزید تفاصیل لے سکتے ہیں۔
www. ncts.ie

## پبلک ٹرانسپورٹ

### آئرلینڈ میں پبلک ٹرانسپورٹ کو کون کنٹرول کرتا ہے؟

آئرلینڈ میں پبلک ٹرانسپورٹ کو سی آئی ای (CIE) گروپ کنٹرول کرتا ہے۔ سی آئی ای (CIE) پبلک بسوں کے لئے، اندرون شہر چلنے والی بسوں کے لئے اور ریل گاڑیوں کے نظام کے لئے ذمہ دار ہے۔
یوں کچھ پرائیویٹ بیس چلانے والے ادارے ہیں جو پبلک ٹراسپورٹ چلاتے ہیں خاص طو رپر ڈبلن (Dublin) کے علاقے میں۔
ڈبلن (Dublin) بس کے متعلق آ پ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے؟
ڈبلن بس ڈبلن اور شمالی وِکلو کے علاقے میں بسیں چلانے کی ذمہ دار ہے۔ وہاں مختلف بسوں کے روٹس ہیں۔ آپ درج ذیل ویب سائٹ سے ٹائم ٹیبل حاصل کرسکتے ہیں۔ www.dublinbus.ie یا درج ذیل پتے پر ڈبلن بس کے دفتر سے ٹائم ٹیبل حاصل کرسکتے ہیں۔

59, Upper O,Connell street

فون (01 873 4222) سے۔

دفتر کھلنے کے اوقات درج ذیل ہیں۔

سوموار صبح 8:30سے شام 5:30

جمعرات سے جمعہ صبح 9:00بجے سے شام 5:30بجے اور

ہفتہ صبح 9بجے سے 1:00بجے

### کرایہ کتنا ہے؟

بس کے کرایے کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کتنی دور جارہے ہیں اور آیا کہ آپ کے پاس پہلے سے ادا شدہ یا نقد کرایہ کا ٹکٹ ہے۔ اگر آپ بس کا کرایہ ادا کرتے ہیں تو آپ کے پاس ٹھیک پوری ریزگاری ہونی چاہیے[اگر آپ زیادہ ادائیگی کرتے ہیں تو آپ کو زائد رقم کی واپسی کا ٹکٹ ملے گا جو آپ او۔کونل سٹریٹ (O'Connell street) میں ڈبلن بس کے دفتر میں لے جاسکتے ہیں]۔
16سال سے کم عمر بچوں کے لئے کرایہ 60سینٹ سے 95سینٹ کے درمیان ہے۔
بالغوں کے لئے 1.05یورو اور 4.30یورو کے درمیان ہے۔

### کیا یہ ممکن ہے کہ میں اپنے موبائل فون پر بس کا ٹائم ٹیبل حاصل کروں؟

جی ہاں۔ ڈبلن (Dublin)بس پر اگر آپ جانتے ہیں کہ آپ کو کس بس کے روٹ کی ضرورت ہے تو آپ ان الفاظ پر مشتمل پیغام 53503پر بھیج سکتے ہیں۔ آپ کو روٹ مل جائے گا۔ اس پر 30سینٹ خرچ آتا ہے۔

### میں دوسرے شہر کے لئے بس کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

بس اری آن (Bus Eireann) اُن بسوں کے لئے ذمہ دار ہے جو ڈبلن (Dublin) کے علاقے سے باہر چلتی ہیں۔ اور ان بسوں کے لئے ذمہ دا رہے جو دوسرے شہروں کے درمیان چلتی ہیں اور جو آئرلینڈ کے شہروں کے اندر چلتی ہیں۔ آپ درج ذیل ویب سائٹ www.buseireann.ie/site/
یا آپ نزدیکی شہر یا قصبے میں مقامی بس سٹیشن سے ٹکٹیں خرید سکتے ہیں۔

### میں دوسرے شہر کے لئے ریل گاڑی کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

لیمراڈ اری این (Lamrod Eireann) آئرلینڈ میں ریل گاڑیوں کے لئے ذمہ دار ہے۔ وہاں بہت سے مختلف ریلوں کے روٹس دستیاب ہیں۔ آپ درج ذیل ویب سائٹ پر آن لائن /www.irishrail.ie./home یا اپنے مقامی ٹرینوں کے سٹیشن سے ٹکٹ خرید سکتے ہیں۔

## ٹیلی کمیونیکشینز

### ٹیلی کمیونیکیشنز کیا ہیں؟

ٹیلی کمیونیکشنز دور دراز کے لوگوں کے ساتھ بات چیت کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔اس کی بہترین مثالوں میں ٹی وی، انٹرنیٹ اور ٹیلیفونزقابل ذکر ہیں۔

## ٹیلی ویژن

### آئرلینڈ میں کتنے ٹی وی چینلز ہیں؟

آئرلینڈ میں تین جزوی طور پر پبلک ٹی وی چینلز ہیں یعنی آر ٹی ای ون، آرٹی ای ٹُو (جسے نیٹ ورک نمبر 2بھی کہا جاتا ہے اور ٹی جی نمبر 4(TG4) بھی کہا جاتا ہے (جس کے پروگرامز زیادہ تر آئرش زبان میں ہیں) وہاں دوسرے دو دوسرے آئرش چینلز بھی ہیں یعنی ٹی وی نمبر 3(TV3) اور چینل نمبر6 (Channel 6) ۔

### کیا مجھے ان چینلز کے لئے ادائیگی کرنا ہے؟

کوئی بھی گھرانہ جس کے پاس ٹی وی TVہے وہ ضرور سالانہ لائسنس چارج ادا کرے گا ۔ بے شک آپ پبلک ٹی وی (TV) چینلز نہیں دیکھتے۔
میں اپنا ٹی وی (TV) لائسنس کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟
موجودہ سالانہ فیس 160یورو ہے۔ آپ یہ ڈاکخانہ سے خرید سکتے ہیں یا درج ذیل ویب سائٹ پر آن لائن خرید سکتے ہیں۔ www.tvlicence.ie یا ٹیلیفون 1890 228 528کے ذریعے خرید سکتے ہیں۔

### اگر میں اپنا ٹی وی لائسنس ادا نہ کروں تو کیا ہوگا؟

لِائسنس انسپکٹرز ہوتے ہیں جو لوگوں کے گھروں میں یہ چیک کرنے جاتے ہیں آیا کہ ان کے پاس لائسنس ہے۔ اور اگر اس کے بغیر کوئی پکڑا گیا تو آپ پر جرمانہ ہوگا اور یا قید کی سزا ہوگی۔

### میں مزید چینلز کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

آئرلینڈ میں بہت سے لوگ مزید چینلز کے لئے کیبل یا سیٹلائٹ کے ذریعے ادائیگی کرتے ہیں اور ان چینلز کے مختلف فراہم کرنے والے ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

- سکائی Sky
- این ٹی ایل/چورس (UPC)

مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ www.sky.com یا www.upc.ie

## ٹیلیفونز

### آئرلینڈ کے لئے بین الاقوامی ڈائلنگ کوڈ کیا ہے؟

آئرلینڈ کے لئے بین الاقوامی ڈائلنگ کوڈ ہے: 00353۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ بیرون ملک ہیں اور آپ کو آئرش نمبر ڈائل کرنے کی ضرورت ہے تو آپ کو آئرلینڈ میں طبقی فون نمبر سے پہلے 00353ڈائل کرنے کی ضرورت ہے۔

### میں آئرلینڈ میں ایریا کوڈ کیسے معلوم کروں؟

آئرلینڈ میں ہر مختلف علاقے کے لئے ایریا کوڈ ہیں۔ لینڈ لائن فون سے آپ کو صرف ایریا کوڈ ڈائل کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ اس علاقے میں کسی کو فون کریں جس علاقے میں آپ نہیں ہیں۔ موبائل فون سے آپ مکمل نمبر ڈائل کریں جس میں ایریا کوڈ شامل ہو۔ ایریا کوڈ کو عام طو ر پر فون بک (کتاب) میں درج کیا جاتاہے جو ایک سال میں ایک دفعہ رجسٹرڈ گھرانوں کو مفت دی جاتی ہے۔
آپ ایریا کوڈ کی مکمل فہرست بھی درج ذیل ویب سائٹ سے حاصل کرسکتے ہیں۔ www.eircomphonebook.ie یا کاروباری یا سروسز معلومات کے لئے درج ذیل ویب سائٹ سے ایریا کوڈ کی مکمل لسٹ (فہرست) حاصل کرسکتے ہیں۔ goldenpages.ie

### میں لینڈ لائن فون کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

لینڈ لائن فون حاصل کرنے کے لئے آپ کو کسی کمپنی سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہوگی جو لینڈ لائن سروس مہیا کرتی ہے۔ بینک اکاونٹ کھولنے کی طرح آپ کو ایڈریس کا ثبوت اور شناخت کا ثبوت دینے کی ضرورت ہوگی۔ مختلف خدمات کے موازنے سمیت آپ مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹ پر سے حاصل کرسکتے ہیں۔
www.askcoreg.ie/home phone/telephone Ireland.LE.asp

## ایمرجنسی سروس نمبرز

### ایمرجنسی نمبر (مفت) 999/112

ایمرجنسی نمبر آپ کو ایک اپریٹر سے ملائیں گے جو آپ سے پوچھے گا آیا کہ آپ کو پولیس کی ضرورت ہے، ایمبولینس کی ضرورت ہے یا فائر سروسز کی ضرورت ہے۔

### اپریٹر کی مدد (مفت)10

آپریٹر ایک سروس ہے جہاں آپ فون نمبروں کے متعلق مزید معلومات کے لئے پوچھ سکتے ہیں یا اس بات کے متعلق پوچھ سکتے ہیں کہ آپ دوسرے علاقوں کو فون کالز کیسے کریں۔

### ڈائریکٹری انکوائریز 11811یا 11850

ڈائریکٹری انکوائریز ایک سروس ہے جہاں آپ لوگوں کے فون نمبروں یا کاروبار کے لئے پوچھ سکتے ہیں۔ یہ فری سروس نہیں ہے اور موبائل سے کالز بہت مہنگی ہوسکتی ہیں۔

**نوٹ:۔ آپ کی فون بک (کتاب) کے سامنے معلومات، ایمرجنسی اور ہیلپ لائن نمبروں کی ایک فہرست ہے۔**

## موبائل فونز

### آئرلینڈ میں کونسی موبائل فون کمپنیاں ہیں؟

آلینڈ میں چار بڑی کمپنیاں ہیں۔
O2– 086 www.O2.ie
میٹیئر www.meteor.ie 085
ووڈا فون www.vodadfone.ie 087
3 Mobile www.3mobile.ie

چاروں کمپنیاں مختلف پیکجز پیش کرتی ہیں اور آپ (pay as you go) یا «pay montly»پیکج لے سکتے ہیں۔ اس کا اس بات پر انحصار ہے کہ آپ کتنا خرچ کرتے ہیں اور اسے استعمال کرنے کا آپ کا منصوبہ کیا ہے۔

### کیا میں کمپنی تبدیل کرسکتا ہوں اور میرا موبائل فون نمبر وہی رہے جو پہلے تھا؟

آپ مختلف کمپنیاں تبدیل کرسکتے ہیں اور آپ کا فون نمبر وہی رہے گا جو پہلے تھا۔ اگر آپ یہ کرنا چاہتے ہیں تو آپ اس کمپنی سے پوچھیں جس کی طرف تبدیلی کررہے ہیں کہ آپ یہ کیسے کریں گے۔

### میں یہ کیسے معلوم کروں کہ مجھے کون سے کمپنی کا انتخاب کرنا چاہیے؟

آپ موبائل فون کمپنیوں کا موازنہ کرسکتے ہیں اور درج ذیل ویب سائٹ سے مزید معلومات لے سکتے ہیں۔ www.askcomreg.ie

### ریڈی ٹو گو (ready togo)کا کیا مطلب ہے؟

ریڈی ٹو گو (ready togo) فون ایک پیشگی ادائیگی والا فون ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آ پ کو بل موصول نہیں ہوں گے بلکہ آپ ٹاپ اپ (top–ups) خریدیں گے تو فون کال کرنے کے لئے آپ کو کریڈٹ مل جائے گا۔
ماہانہ ادائیگی (Pay monthly) سے اس کا انتظام کرنا زیادہ آسان ہے۔ کیونکہ آپ اس سے زیادہ خرچ نہیں کرسکتے جو آپ کے پاس کریڈٹ ہے۔

### ماہانہ ادائیگی (Pay monthly) کا کیا مطلب ہے؟

ماہانہ ادائیگی فِون (Pay monthly phone) ایک ایسا فون ہے جس کا ماہوار بل آتا ہے۔ آپ کو ان کالز کے لئے بل ادا کرنا پڑے گاجو آپ ہر ماہ ادا کرتے ہیں۔

## پبلک فونز

### کیا آئرلینڈ میں پبلک فونز ہیں؟

آئرلینڈ میں پبلک فونز ہیں اگرچہ موبائل فونز کے بڑھتے ہوئے استعمال کی وجہ سے اس کی تعداد کم ہورہی ہے۔ کچھ پبلک فونز میں سکے ڈال کر کال کی جاتی ہے، باقی فون کارڈز استعمال کرتے ہیں جنھیں کال کارڈز بھی کہا جاتا ہے۔ کال کارڈر دکانوں سے ڈاکخانوں اور نیوز ایجنٹس سے خریدے جاسکتے ہیں۔

### کیا میں ریزروReserve فون کال کرسکتاہوں جس کی دوسرا شخص ادائیگی کرتاہے؟

کسی بھی فون سے بین الاقوامی ریزرو چارج کالز کی جاسکتی ہیں۔ بین الاقوامی آپریٹر سروس نمبر 144 ہے۔ یہ مہنگا ہوتا ہے اور دوسرے آدمی کو کالز وصول کرنے سے پہلے کہ اپنی رضامندی دینا ہوگی۔

## انٹرنیٹ

### میں انٹر نیٹ حاصل کرنے کے متعلق کیسے معلوم کرسکتا ہوں؟

فون کمپنیوں کی طرح انٹرنیٹ کمپنیوں کی بھی کئی قسمیں ہیں جو آپ اپنے گھر میں استعمال کرسکتے ہیں اور پورے آئرلینڈ میں بڑے قصبوں میں کئی انٹرنیٹ یا سائبر کیفے ہیں۔

### اس پر کتنی لاگت آتی ہے؟

قیمت اور مختلف قسموں کے کنکشن کا انحصار آپ کے فراہم کنندہ پر ہے۔ آپ درج ذیل ویب سائٹ پر کمپنیوں کا موزانہ کرسکتے ہیں او رمزید معلومات کرسکتے ہیں۔
www.askcomreg.ie/internet/internet IrelandLE.asp

## شکایات کرنا

### میں فون، موبائل فون، انٹرنیٹ کمپنی کے متعلق کیسے شکایت کرسکتا ہوں؟

ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی یا پوسٹل سروس کے خلاف شکایت کرنے کے لئے آپ کمیشن برائے کمیونیکیشن ریگولیشن (COMREG) کے ساتھ رابطہ کرسکتے ہیں۔ جو اس علاقے/شعبے کے باقاعدہ کام کرنے کو کنٹرول کرتا ہے۔
آپ فون نمبر 1890 22 9668پر ان سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

## پوسٹل سروسز

### آئرلینڈ میں ڈاک کا کون ذمہ دا رہے؟

آئرلینڈ میں پوسٹل سروسز (ڈاک کی خدمات) کے لئے مین سروس پروائڈر (سب سے بڑا خدمات فراہم کرنے والا) ریاست کی ملکیت "An Post" (ڈاک خانے کے لئے آئرش لفظ) ہے۔

### ڈاک خانہ کے کھلا رہنے کے اوقات کیا ہیں؟

ڈاک خانے عموماً صبح 9:00بجے سے شام 5:00بجے تک (سوموار سے جمعہ تک) کھلے رہتے ہیں اور کچھ ہفتہ کے دن آدھا دن کھلے رہتے ہیں (دفتر پر انحصار ہے)۔ آپ درج ذیل ویب سائٹ پر اپنا مقامی ڈاک خانہ معلوم کرسکتے ہیں۔
www.locatoranpost.ie
آپ اکثر عام دکانوں سے بھی ٹکٹیں اور کارڈز خرید سکتے ہیں۔

### ڈاک کب اور کیسے تقسیم کی جاتی ہے؟

سوموار سے جمعے تک ڈاک دن میں ایک مرتبہ دفاتر اور گھروں میں تقسیم کی جاتی ہے۔ ڈاک ہفتہ وار چھٹی کے دن تقسیم نہیں کی جاتی۔ لیکن پھر بھی یہ پوسٹ بکس سے اکٹھی کی جاتی ہے۔
میںیہ کیسے معلوم کرسکتا ہوں کسی چیز کو ڈاک کے ذریعے بھیجنے پر کتنا خرچ آتا ہے؟
خطوط بھیجنے ، پارسل یا پیکجز کی قیمت کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کتنا جلدی خط پہچانا چاہتے ہیں اور یہ کہاں جارہا ہے۔
تمام ڈاک خانوں سے کتابچے دستیاب ہیں۔ جو اس بات کی تفصیل بتاتے ہیں کہ خط پارسل یا پیکیج بھیجنے پر کتنا خرچ آتا ہے۔ جس کا اس بات پر انحصار ہے کہ یہ کہاں جارہا ہے اور آپ کتنا جلدی اسے پہنچانا چاہتے ہیں۔
آپ درج ذیل ویب سائٹ سے دیکھ کر خرچ کا حساب کرسکتے ہیں۔

### میں پوسٹ بکس کیسے ڈھونڈوں؟

آپ پر قصبے میں پوسٹ بکس پاسکتے ہیں۔ یہ اکثر مقامی پوسٹ آفس کے نزدیک یا سامنے ہوتے ہیں۔ پوسٹ بکس کا رنگ سبز ہوتا ہے۔

### میں کیسے معلوم کروں کہ پوسٹ بکس سے ڈاک کب اکٹھی کی جاتی ہے؟

وہ اوقات جب پوسٹ بکس سے ڈاک اکٹھی کی جاتی ہے۔ بکس کے سامنے لکھے ہوتے ہیں اگر نہ ہوں تو اپنے مقامی پوسٹ آفس سے پوچھیں یہ بیان کرتے ہوئے کہ بکس کہاں واقع ہے۔

## شاپنگ

### آئرلینڈ میں دکانوں کے کھلا رہنے کے کیا اوقات ہیں؟

آئرلینڈ میں خریداری کے عام اوقات ہیں۔

سوموار سے بدھ صبح 9:00 بجے سے شام 6:00بجے تک
جمعرات صبح 9:00 بجے سے شام 9:00بجے تک
ہفتہ صبح 9:00 بجے سے شام 6:00بجے تک
اتوار دن 12:00 بجے سے شام 6:00بجے تک

بہت سی دکانیں خاص طو رپر شہری علاقوں کی سپر مارکیٹوں میں دن کے چوبیس گھنٹے کھلی رہتی ہیں۔

### میں دکانیں کہاں پاسکتا ہوں؟

شہروں اور بڑے قصبوں میں عام طور پر دکانیں قصبوں کے درمیان میں پائی جاتی ہیں اور یہ مین سٹریٹ پر ہوتی ہیں یا مین سٹریٹ جہاں ختم ہوتی ہے وہاں سے شروع ہونے والی سٹریٹ /سڑک پر ہوتی ہیں۔ وہاں خریداری مراکز بھی ہیں، جو مختلف قسموں کی کافی دکانوں کی عمارتیں ہیں۔ اور وہاں ڈیپارٹمنٹل سٹورز بھی ہیں۔ جو چھوٹے چھوٹے علاقوں پر مشتمل ہیں جو مختلف چیزیں بیچتے ہیں۔

### کھانے کی دکانوں کی بڑی بڑی قسمیں کیا ہیں؟

کھانے کی دکانوں کی بڑی بڑی قسمیں چار ہیں۔
سپر مارکیٹس:۔ یہ بڑی بڑی دکانیں ہیں جن میں کئی قسم کے مختلف کھانے دستیاب ہیں۔
کنوینیئس سٹورز:۔ یہ چھوٹی چھوٹی دکانیں ہیں جنھیں مقامی دوکانیں یا کارنر دکانیں بھی کہا ہے۔ یہ عام طو رپر دیر سے کھلتی ہیں اور سُپر مارکیٹوں سے زیادہ مہنگی ہیں۔
سپیشلسٹ دکانیں:۔ یہ وہ دکانیں ہیں جو عام طو رپر خاص ملک کٍا کھانا فروخت کرتی ہیں یا خاص طورپر تیار کردہ گوشت فروخت کرتی ہیں (مثلاً کوشر (Kosher) اور پلال)
سنگل فوڈ شاپس:۔ (ایک کھانے والی دکانیں) یہ وہ دکانیں ہیں جو صرف ایک قسم کا کھانا فروخت کرتی ہیں مثال کے طور پر بیکریاں جو صرف روٹی اور کیک فروخت کرتی ہیں یا سبزی فروش اور صرف پھل اور سبزیاں فروخت کرتے ہیں۔

### دوسری کون سی معلومات مفید ہوسکتی ہیں؟

فوڈ سیفٹی اتھارٹی (FSA) نے "سیف فوڈ ٹو گو" (Safe food to go) پر کتابچے بنائے ہیں جو لوگوں کو بتاتے ہیںکہ کیسے کھانا پکایا جاتا ہے اور کیسے محفوظ طریقے سے کھانے کو سٹور (جمع) کیا جاتا ہے۔ اس کتابچے کے کئی مختلف زبانو ں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ اور درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ www.fsai.ie/publications/index.asp#leaflets.

نیشنل کنزیومر ایجنسی کے پاس اس بات کے متعلق معلومات ہیں کہ کیسے شکایت کرتی ہے جب آپ نے کچھ خریدنا ہو۔ آپ درج ذیل ایڈریس پر ان سے رابطہ کرسکتے ہیں۔
L1, Harcourt Road, Dublin
آپ فون نمبر 432 432 1890پر رابطہ کرسکتے ہیں یا ان کی درج ذیل ویب سائٹس پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ www.consumerconnect.ie

# بجٹ سازی اور بلوں کا انتظام

## گھریلو بجٹ کیا ہے؟

بجٹ اُس رقم کا ایک منصوبہ ہے جو آپ وصول کرنے کی توقع کرتے ہیں۔ یا اس بات کی توقع رکھتے ہیں کہ آپ اس کو خرچ کرنے کی کیسی توقع کرتے ہیں۔ ایک گھریلو بجٹ میں شامل ہیں۔ بلوں، کرائے ، خوراک ، سکول کی کتابوں اور اسی طرح کی دوسری چیزوں پراٹھنے والے اخراجات۔

## مجھے بجٹ کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

بجٹ آپ کے بلوںکی قیمت کو پھیلانے میں مدد دیتا ہے اور آپ کی رقم کا انتظام کرنے میں مدد دیتا ہے تاکہ آپ ان بڑے بڑے بلوں میں نہ پھنس جائیں جو آپ ادا نہیں کرسکتے۔

## میں بجٹ کیسے بناؤں؟

بجٹ بنانے کے مختلف طریقے ہیں۔ استعمال میں آسان طریقے کے لئے آپ منی ایڈوانس اینڈ بجٹنگ سروسز(آئرلینڈ)جو MABSکے طور پر مشہور ہے سے ہفتہ وار اخراجات کی ڈائری حاصل کرسکتے ہیں۔ ان کی ویب سائٹ ہے ۔ www.mabs.ieاور اس میں بجٹ بنانے پر بہت سے مفید کتابچے شامل ہیں۔

## ترجیح دینے سے آپ کیا مطلب لیتے ہیں؟

بجٹ بنانے کی ترجیح سے مراد یہ فیصلہ کرنا ہے کہ سب سے زیادہ اہم کیا چیز ہے۔ مثال کے طو رپر کرایہ، بجلی، گیس، خوراک، سکول کی کتابیں، کپڑے اور ٹی وی لائسنس کو کار یا بڑے ٹی وی جیسی مہنگی چیزیں خریدنے سے پہلے ادا جانا چاہیے۔

## مجھے اپنے بلوں کے متعلق مدد کی ضرورت ہو تو میں کیا کرسکتا ہوں؟

اگر آپ کواپنے بلوں کے متعلق مدد کی ضرورت ہو تو میبز (MABS) سروس آپ کے بلوں اور رقم کو ڈھونڈنے میں آپ کی مدد کرے گی۔ آپ انہیں فون نمبر 00353 18129350پر فون کرسکتے ہیں یا ان کی ویب سائٹ www.mabs.ieپر دیکھ سکتے ہیں۔
ایک اور مفید ویب سائٹ www.itsyourmoney.ie ہے جو مالیاتی ریگولیٹر کی ویب سائٹ ہے۔ان کے پاس بجٹ سازی اور آپ کے بلوں کے حوالے سے معلومات ہیں۔ آپ ان کو فون بھی کر سکتے ہیں:۔
1890 77 77 77
این پوسٹ[ دیکھیں مندرجہ بالا عنوان پوسٹل سروسز]کی بل کی ادائیگی کی سروس آپ کو اپنے گھر کے بل جیسے ٹیلی فون، بجلی ، گیس ، ٹی وی لائسنس کی فیس ادا کرنے میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔آپ اپنے مقامی ڈاک خانہ سے رابطہ کریں یا یہ ویب سائٹ کا ملاحظہ کریں www.billpay.ie

## میں اپنے بل کیسے کم کرسکتا ہوں؟

آپ کے یوٹیلیٹی بلوں کو کم کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ استعمال کی جانے والی بجلی یا گیس کی رقم کو کم کیا جائے۔ (دیکھیے اوپر یوٹیلیٹز) آپ اس سلسلے میں ویب سائٹ wwwe.sei.ieسے معلومات حاصل کرسکتے ہیں کہ یہ کیسے کرنا ہے۔

## اہم حقائق

اقوام متحدہ کے کونشن کے تحت ساری دنیا کے بچے او رنوجوان لوگ جو حقوق رکھتے ہیں ، ان کی شمالی آئر لینڈ نے توثیق کی ہے۔
شمالی آئرلینڈ میں بچے اپنی زندگیوں کے کئی پہلوؤں پر اختیار رکھتے ہیں جن میں ملازمت کے حقوق کے علاوہ شادی اور رضا مندی کی عمربھی شامل ہے۔
سزا اور نوجوانوں کے لئے انصاف سے متعلق بھی کئی دفعات موجود ہیں۔
شمالی آئر لینڈ میں گھریلو جھگڑے/زیادتی ممنوع ہے اور وہاں بہت سی جگہیں ہیں جہاں لوگ مدد کے لئے جاتے ہیں اگر وہ گھریلو تشدد کا شکار ہیں (مرد او رخواتین دونوں)
آئرلینڈ ملازمت کے بہت مضبوط حقوق رکھتا ہے اورکسی بنیاد پر بھی امتیاز ممنوع ہے۔

## بچوں کے حقوق

### بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کا کنونشن کیا ہے؟

بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کا کنونشن (UNCRC) بین الاقوامی انسانی حقوق کا ایک معاہدہ ہے اورتمام بچوں اور نوجوان لوگوں کو جامع حقوق کا سیٹ (مجموعہ) عطا کرتا ہے۔
شمالی آئر لینڈ نے 1991ء میں UNCRCکی توثیق کی تھی۔
کنونشن کی توثیق کرنے کے ذریعے شمالی آئرلینڈ اس کا "ریاستی فریق" بنا تھا اور اس نے کنونشن میں پیش کردہ بچوں کے حقوق کے تحفظ کی رسمی ذمہ داری لی تھی۔
کنونشن بچوں اور نوجوانوں لوگوں کو 40سے زیادہ اہم حقوق دیتا ہے۔ اِن میں درج ذیل حقوق شامل ہیں:۔

- خصوصی حفاظتی اقدامات اور امداد
- خدمات تک رسائی مثلاً تعلیم اورحفظان صحت
- ۔ ہر ممکن طریقے سے ان کی شخصیات، قابلیتوں اور جوہروں کی ترقی اور فروغ

۔ خوشی، محبت اور مفاہمت کے ماحول میں پروان چڑھنا

- ۔ قابل رسائی اورپرجوش انداز میں اپنے حقوق حاصل کرنے میں شریک ہونا اور ان کی
- معلومات رکھنا۔
- ۔ کنونشن کے تمام حقوق کا بغیر کسی امتیاز کے بچوں اور نوجوان لوگوں پر لاگو کرنا۔

## اکثریت کی قانونی عمر بلوغت

### آئرلینڈ میں بالغوں کی اکثریت کی قانونی عمر کیا ہے؟

آئرلینڈ میں 16سال سے کم عمر کسی کو بھی بچہ تصور کیا جاتا ہے۔ اکثریت کی قانونی عمر 18سال ہے۔ (یہ وہ عمر ہے جس میں ہر بچہ بالغ بن جا تا ہے)۔

### آئرلینڈ میں کام کرنے کے لئے قانونی عمر کیا ہے؟

آئرلینڈ میں نوجوان لوگوں کے اوقات کار کو (نوجوان لوگوں کے روزگار کا تحفظ ایکٹ 1996) Protection of young persons Employment Act 1996 کے تحت باقاعدہ کام کے لئے نگرانی کی جاتی ہے۔ یہ ایکٹ زیادہ سے زیادہ کام کے اوقات اور وقفہ مقرر کرتا ہے۔ اور 18سال سے کم عمر بچوں کو دیر تک کام کرنے کی اجازت نہیں دیتا یہ ایکٹ 16سال سے کم عمر بچوں کی وضاحت /تعریف کرتا ہے۔ اور 16سال اور 17سال شمار کرتا ہے۔

### 16سال سے کم عمر بچے کتنے گھنٹے کام کرسکتے ہیں؟

16سال سے کم عمر بچے مکمل وقت کی ملازمت نہیں کرسکتے اور 14سال اور 15سال کے بچے صرف کام کرسکتے ہیں۔

- سکول کی چھٹیوں کے دوران ہلکا کام کرنا۔ ان کو اس ٹائم کے دوران کم از کم ۱۲دن آرام کرنا چاہیے۔
- تعلیمی پروگرام یا منظور شدہ کام کے تجربے کے حصے کے طور پر۔
- فلم میں، تہذیبی، مشہوری کے کام یا سپورٹ میں

### کیا ایک جوان پوری رات کام کرسکتا ہے؟

نہیں۔ جوان لوگوں (جن کی عمر 16سال اور 17سال ہو) کو صرف صبح 6بجے سے رات 10بجے تک کے درمیان کام کرنے کی اجازت ہے۔

### زیادہ سے زیادہ اوقات کار کیا ہیں جن میں 16سال سے کم عمر بچہ کام کرسکے؟

| عمر | 14سال کی عمر | 15سال کی عمر |
|---|---|---|
| سکول کا وقت | 0 | 8 گھنٹے |
| چھٹیاں | 35گھنٹے | 35گھنٹے |
| کام کر تجربہ | 40گھنٹے | 40گھنٹے |

### 16سال سے کم عمر لوگ کتنے وقفے حاصل کرتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| 4گھنٹوں کے کام کے بعد | 30منٹ |
| 14گھنٹے مسلسل چھٹی | روزانہ |
| 2گھنٹے چھٹی (جتنا ممکن ہو عملی طور پر مسلسل ہو)۔ | ہفتہ وار |

### 16سال اور 17سال کے عمر کے جوان لوگوں کے لئے اوقات کار ، چھٹی اور وقفے کیاہیں؟

| | |
|---|---|
| زیادہ سے زیادہ کام کے دن | 8گھنٹے |
| زیادہ سے زیادہ کام کے ہفتے | 40گھنٹے |
| آدھا گھنٹہ آرام کو وقفہ | ساڑھے چار گھنٹے بعد |
| روزانہ آرام کا وقفہ | لگاتار 12گھنٹے چھٹی |
| ہفتہ اور آرام کا وقفہ | لگا تار 2دن چھٹی |

## رضا مندی کی عمر

### رضامندی کی عمر کیا ہوتی ہے؟

رضامندی کی عمر وہ عمر ہوتی ہے جس میں لوگ جنسی تعلقات رکھ سکتے ہیں۔

| مرد ------- مرد | عورت ------- عورت | عورت ------ مرد |
|---|---|---|
| 18 سال | 18 سال | 17 سال |

### آئرلینڈ میں لوگ کس عمر میں شادی کرسکتے ہیں؟

آئرلینڈ میں وہ عمر 18سال ہے جس میں لوگ شادی کرسکتے ہیں۔ اگر ایک آدمی 18سال سے کم عمر ہے تو آئرلینڈ میں شادی تسلیم نہیں کی جائیگی۔ والدین کی رضامندی کی ضرورت نہیں۔
جوانوں سے متعلق انصاف

## جسمانی سزا

### کیا میرے بچے کو سکول میں جسمانی سزا دی جائے گی؟

نہیں، تعلیمی نظام میں جسمانی سزا منع ہے۔ نظم و ضبط قائم کرنے کے حوالے سے درج ذیل شکلوں کی اجازت نہیں ہے۔

- جسمانی تشدد کی کوئی شکل
- بچوں کو کھانا یا پینا نہ دینا
- ظالمانہ یا ذلت آمیز سزا

## جسمانی سزا

### کیا میں اپنے بچے کو جسمانی سزا دے سکتا ہوں؟

کوئی قانون موجود نہیں ہے جو واضح طو رپر بچوں کی جسمانی سزا پر پابندی لگاتا ہو۔ تھپڑ مارنا نظم و ضبط قائم کرنےکے کی صورت میں کم قابل قبول ہے اور زیادہ تر چند ایک والدین اس کے استعمال کی حمایت کرتے ہیں۔ اگرنظم و ضبط جسمانی تشدد کی صورت میں حد سے زیادہ ہوگا تو والدین پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔

### مثبت اور متبادل طریقے کیا ہیں؟

متبادل مثبت طریقے تجویز کیے گئے ہیں جن میں«ٹائمز آؤٹ» اور نوجوان بچوں کے لئے انعامی چارٹس شامل ہیں۔ والدین کے لئے مثبت تراکیب سے متعلق مزید معلومات کے لئے درج ذیل ویب سائٹ چیک کیجیے۔ www.barnardos.ie یا www.ispcc.ie

### کونسی قانون سازی بچوں اور جوانوں کے انصاف سے سروکار رکھتی ہے؟

قانون سازی جو اُن بچوں سے سروکار رکھتی ہے جو قانون شکنی کرتے ہیں۔ وہ بچوں سے متعلق ایکٹ 2001میں شامل ہے۔ جس میں مجرمانہ انصاف ایکٹ 2006کے ذریعے ترمیم کی گئی تھی۔

### آئرلینڈ میں مجرمانہ ذمہ داری کی عمر کیا ہے؟

مجرمانہ ذمہ داری کی عمر 12سال ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ بچے جو 12سال کی عمر کو نہیں پہنچے ان پر جرم کا الزام عائد نہیں ہوسکتا تاہم 10سال یا 11سال کی عمر کے بچوں کے لئے استثنیٰ ہے جن پر قتل کا الزام، آدمی کو زبحہ کرنے کا الزام، عصمت دری کا الزام یا اشتعال امیز جنسی حملے کا الزام عائد ہوسکتا ہے۔

### 12سال سے کم عمر بچوں کے متعلق کیا ہے جو قانون شکنی کرتے ہیں؟

اگرچہ 12سال سے کم عمر بچوں پر الزام عائد نہیں ہوسکتا یا مجرمانہ جرم کا مجرم ہونے کا الزام عائد نہیں ہوسکتا۔ گارڈائی (Gardai) کو بچہ والدین یا کارڈینز کے پاس لے جانا چاہیے جہاں ان کو یہ یقین ہو کہ بچے نے جرم کیا ہے۔ جہاں یہ ممکن نہ ہو تو گارڈائی (Gardai) بچے کو اس علاقے کے ایچ ایس ای (HSE) میں لے جائے گا جہاں بچہ رہتا ہے۔

### میں جوانوں کے انصا ف پر مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

جوانوں کے انصاف کے شعبے میں مزید معلومات کے لئے آپ درجہ ذیل فون یا ویب سائٹ پر آئرش یوتھ جسٹس سروس سے رابطہ کریں۔
فون 4768673 (01)یا
ویب سائٹ ivis@justice.ie
آپ ان کی ویب سائٹ www.ivis.ie پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

# گھریلو معلومات

## گھریلوں زیادتیاں

### گھریلو زیادتی کیا ہے؟

گھریلو زیادتی جسمانی یا جذباتی قوت کے استعمال یا جسمانی قوت کی دھمکی ،قریبی بالغ افراد کے تعلقات میں جنسی تشدد کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اس میں درج ذیل شامل ہیں:۔

جذباتی زیادتی

- جائیداد کی تباہی
- دوستوں ، خاندان اور دوسرے مدد کے امکانی ذرائع سے علیحدگی
- دوستوں بشمول بچوں کو دھمکیاں
- دبے پاؤں تعاقب کرنا
- اورپیسے ، ذاتی چیزوں ،خوراک، ٹرانسپورٹ اور فون تک رسائی پر کنٹرول

### میں گھر یلو تشد دکے خلاف مدد کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

پناہ یا مشورے کے لئے قریب ترین مشاورتی سروسز کے فون نمبر آپ مقامی فون بک یا کمیونٹی سروسز کی ڈائریکٹری میں فون نمبر دیکھ سکتے ہیں۔
ہیلپ لائنز اور تنظیموں کی بھی ایک لسٹ (فہرست) ہے جو گھر یلو تشدد کے خلاف مددگار ہوگی۔

### ایمرجنسی کے متعلق کیا ہے؟

ایمرجنسی میں مدد کے لئے کو اپنے گارڈ اسٹیشن سے رابطہ کرنا چاہیے یا فون نمبر 999یا موبائل فون سے 112پر رابطہ کرنا چاہیے۔

## مفت قانونی امداد

### کیا میں آئر لینڈ میں مفت قانونی امداد حاصل کرسکتا ہوں؟

آئرلینڈ میں فری لیگل ایڈوائس سنٹر (FLAC) سے مفت قانونی امداد دستیاب ہے۔ مگر ان لوگوں کو جو مقامی ہیں۔ فلیک (FLAC) معلومات اور ریفرل مہیا کرتا ہے کہ افراد اپنی قانونی ضروریات پر راہنمائی حاصل کرنے کے لئے فون کرسکتے ہیں۔
دفتر سوموار سے جمعہ تک صبح 9:30سے ایک بجے اور 2بجے سے 5بجے تک کالز وصول کرتا ہے اور فون نمبر ہے۔ 250 350 1890
کیا ہر آدمی مفت قانونی امداد کا مستحق ہے؟
لیگل ایڈ بورڈ بھی قانونی مدد دینے کے لئے دستیاب ہ۔
مفت قانونی امدا کا انحصار درج ذیل پر ہے:۔

- استحقاق ٹیسٹ / اہلیت کا ٹیسٹ ۔ ا سکا مطلب ہے کہ آپ کا مقدمہ کافی سخت اور صورت حاصل بھی کافی سخت ہونی چاہیے۔
- ذریعے کا ٹیسٹ ۔ ا س کا مطلب ہے وہ اس بات کو دیکھیں گے کہ آپ کتنی رقم کماتے ہیں۔

### میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

لیگل ایڈبورڈ سے متعلق مزید معلومات فون نمبر 200 615 1890پر دستیاب ہے۔

# روز گار ملازمت کے حقوق

### آئرلینڈ میں ملازم کے طو رپر مجھے کیا حقوق حاصل ہیں؟

کارکن جوEV/EEAاور سیوزی لینڈ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور 09جو مکمل طو رپر قانوی ورک پرمٹ (کام کا اجازت نامہ) رکھتے ہیں۔ روزگار کے ایک جیسے حقوق رکھتے ہیں۔ جیسا کہ آئر لینڈ کے لوگ رکھتے ہیں۔

### امتیاز کے متعلق کیا ہے؟

عمر، صنفت شادی شدہ مرتبے، خاندانی مرتبے، نسل، مذہب، جنسی رحجانا، معذوری کی بنیاد پر ملازمین کے ساتھ امتیاز او رٹریلونگ کمیونٹی کی رکنیت ، امپلائمنٹ ایکویلیٹی ایکٹس 1998ءاور 2004کے تحت ممنوع ہے۔ امتیاز کی ممانعت درج ذیل کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

- براہ راست اور بالاواسطہ امتیاز
- روزگار تک رسائی، روزگار کے حالات، ترقی، تربیت اور عہدوں کی درجہ بندی میں امتیاز

## پدرانہ چھٹی

### پدرانہ چھٹی کیا ہے؟

وہ لوگ جو کم از کم ایک سال مسلسل ملازمت کر چکے ہوں۔ اور جوبچوں کے والدین ہوں (قدرتی، حقیقی یا اپنائے ہوئے) کل چودہ ہفتے بغیر تنخواہ کے چھٹی لے سکتے ہیں۔ (ہر ایک بچے کے لئے ) تاکہ وہ اپنے ان بچوں کی نگہداشت کر سکیں۔ جو آٹھ سال سے زیادہ عمر کے نہیں ہیں۔ معذور بچے کی صورت میں 16سال کی عمر تک چھٹی دی جاسکتی ہے۔

## کیا مجھے تنخواہ کی ادائیگی کی جائے گی جب میں پروانہ چھٹی پر ہوں گا؟

آپ کو اپنے آجر کی طرف سے سوشل ویلفیئر ادائیگی کا حق نہیں ہے یا میٹرنٹی / اختیاری فوائد کا حق نہیں ہے۔ پدرانہ چھٹی ملازمت کے دوسرے حقوق کو متاثر نہیں کرتی۔

### میں اپنے آجر کو کب بتاؤں کہ میں پدرانہ چھٹی پر جارہا ہوں؟

آپ کو کم از کم 6ہفتے پہلے اپنے آجر کو اطلاع دینی چاہیے اس سے پہلے کہ آپ پدرانہ چھٹی کا منصوبہ بنائیں۔ یہ بہتر ہے کہ جتنا زیادہ ممکن ہو آپ پہلے نوٹس دیں۔

## پدرانہ چھٹی

پدرانہ چھٹی آئرش قانون کے تحت تسلیم شدہ نہیں ہے۔ کچھ باپوں کو ان کے بچے کی پیدائش کے بعد چھٹی مل سکتی ہے۔ لیکن اس کا انحصار ان کے آجر پر ہے۔ باپ پدرانہ چھٹی لے سکتے ہیں۔ اگر وہ اپنے بچوں کی پیدائش کے بعد خواہش رکھتے ہوں۔ یا 8سال تک کے بچے کے لئے وہ چھٹی لے سکتے ہیں۔

## زچگی کی چھٹیاں

### زچگی کی چھٹیاں کیا ہیں ؟

زچگی کی چھٹیاں خواتین کو بچے کی پیدائش سے کچھ عرصہ پہلے دی جاتی ہیں‌جو پیدائش کے کچھ دن بعد تک جاری رہتی ہیں ۔

### زچگی کی چھٹیاں کتنی طویل ہوتی ہیں ؟

خاتون کو زچگی کے دوران ملازمت سے کم ازکم 26ہفتے کی چھٹیاں کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے ، قطع نظر اس کے کہ وہ کب سے ملازمت کررہی ہے اور فی ہفتہ کتنے گھنٹے کام کرتی ہے ۔ ملازم خواتین کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ بغیر تنخواہ 4 ہفتے کی اضافی چھٹیاں لے سکتی ہیں ۔

### میں کب زچگی کی چھٹیاں لے سکتی ہوں ؟

مقررہ دن کے ہفتے کے اختتام سے قبل کم ازکم2 ہفتے اور پیدائش کے بعد 4 ہفتے بعد تک چھٹیاں لی جاسکتی ہیں ۔

### جب میں زچگی کی چھٹیوں پر ہوں گی تو کیا مجھے تنخواہ ملے گی ؟

زچگی کے دوران آجر اس بات کے پابند نہیں کہ کہ وہ زچگی کی چھٹیوں کے دوران اپنے ملازمین کو تنخواہ دیں. تاہم آئرلینڈ میں ملازمین زچگی کے دوران فوائد حاصل کرسکتے ہیں اور اِس کا انحصاراس بات پر ہے کہ وہ کب سے ملازمت کررہے ہیں ۔

### میں اپنے آجر کو کیسے بتاؤں گی کہ مجھے زچگی کی چھٹیاں چاہئیں ؟

ملازم خواتین کو اپنے آجر کو مطلع کرنا ہوگا اور ایک میڈیکل سرٹیفیکیٹ پیش کرنا ہوگا جس میں حمل اوربچےکی پیدائش کی تاریخ وضاحت کی گئی ہو ۔یہ اطلاع نوٹس کی صورت میں چھٹیاں شروع ہونے سے کم ازکم 4 ہفتے قبل دینا ہوگی اور یہ تحریری شکل میں ہونا ضروری ہے ۔

### میری ملازمت کا کیا ہوگا ؟

ملازم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ چھٹیاں ختم ہونے پر انہی حالات کار کے تحت واپس آجائے ۔

- اُسی آجر کے پاس۔
- اُسی ملازمت پر جس پر اُس نے چھٹیاں حاصل کیں ۔
- انہی شرائط اور قواعد و ضوابط پر ۔

## مفید رابطے

بچوں کے حقوق سے متعلق مزید معلومات کےلئے مندرجہ ذیل تنظیمیں بہت مفید معلومات رکھتی ہیں۔

### محتسب برائے بچگان

پتہ Millennium House
52–56, Great Strand St
Dublin 1
فون 1890 654 654
ای میل oco@oco.ie
ویب سائٹ www.oco.ie

### حقوق بچگان الائنس

پتہ 4, Upper Mount St.
Dublin 2
فون (01) 662 9400
ای میل info@childrensrights.ie
ویب سائٹ www.childrensrights.ie

### دفتر وزیر برائےاُمور بچگان و نوجوانان

پتہ Hawkins House
Dublin 2
فون (01) 635 4000
ای میل omc@health.gov.ie
ویب سائٹ www.omc.gov.ie

مندرجہ ذیل تنظیمیں گھریلو تشدد کے مسائل سے متعلق مفید معلومات اور امداد فراہم کرتی ہیں۔

### خواتین کی امداد

پتہ Everton House
47, Old Cabra Road
Dublin 7
فون 1800 341 900
ای میل helpline@womensaid.ie
ویب سائٹ www.womensaid.ie

### موو Move آئر لینڈ [پرتشدد مرد جن کو اس پر قابو پانے کے لئے مدد کی ضرورت ہوتی ہے]

پتہ Carmichael Centre
North Brunswick St.
Dublin 7
فون (01) 872 4357
ای میل moveireland@eircom.net
ویب سائٹ www.moveireland.ie

## موو Move کے قومی دفاتر

موو اتھلون MOVE Athlone
فون 521220 (045)

موو کیسل بار MOVE Castlebar
فون 9021511 (094)

موو کارک MOVE Cork
فون 0691834 (086)

موو ڈبلن MOVE Dublin
فون 8724357 (01)

موو گال وے MOVE Galway
فون 536400 (91)

موو کلڈیئر MOVE Kildare
فون 6472174 (090)

موو لائم ریک MOVE Limerick
فون 6848689 (065)

موو نائنتھ ٹیپرری MOVE Nth Tipperary
فون 31800 (067)

موو ویکسفورڈ MOVE Wexford
فون 4207 (053)

موو ویکلو MOVE Wicklow
فون 8217253 (086)

## ڈانگیل سروس برائے گھریوتشدد

ہیلپ لائن نمبر 26267 (074)

## مرکز برائے مفت قانونی مشورہ

پتہ 13, Lower Dorset St
Dublin 1
فون 250 350 1890
ویب سائٹ www.flac.ie

## بورڈ برائےقانونی مشورہ

پتہ Quay St
Cahirciveen
Co. Kerry
فون 200 615 1890
ای میل info@legalaidboard.ie
ویب سائٹ www.legalaidboard.ie

## بورڈ برائے قانونی مشورہ [ڈبلن]

پتہ 47, Upper Mount St
Dublin 2
فون 1900 644 (01)

ملازمت کے حقوق سے متعلق مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل تنظیموں کے مفید رابطے

## محکمہ انٹرپرائز، تجارت و ملازمت

پتہ 23, Kildare St
Dublin 2
فون 222 220 1890
ای میل info@entemp.ie
ویب سائٹ www.entemp.ie

## ای ای اے / ای یو اور بین الاقوامی کارکنوں سے متعلق معلومات

www.entemp.ie/sitemap/internationalworkers.htm

## مرکز برائے حقوق تارکین وطن، آئر لینڈ

پتہ 55, Parnell Square West
Dublin 1
فون 7570 889 (01)
ای میل info@mrci.ie
ویب سائٹ www.mrci.ie

اس مرکز[ایم آر سی آئی] نے ایک کتابچہ شائع کیا ہے جس کا عنوان «اپنے حقوق جانیئے» ہے۔ اس کتابچے کا 6 زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے اور اسے ان کی ویب سائٹ سے ڈاون لوڈ کیا جاسکتاہے یا فون کر کے منگوایا جا سکتا ہے۔

## بورڈ برائے معلومات شہریان

پتہ Ground Floor
Georges Quay House
43, Townsend Street
Dublin 2
فون 9000 605 (01)
ویب سائٹ www.citizensinformation.ie

## ملازمت سے متعلق معلومات اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

www.citizensinformation.ie/categories/employment

## قومی ادارہ برائے حقوق ملازمت

فون 90 80 80 1890
ای میل info@employmentrights.ie
ویب سائٹ www.employmentrights.ie

## کلیدی الفاظ

جنرل پریکٹیشنر
ہیلتھ نرس
ہسپتال
ہیلتھ سنٹر
میڈیکل کارڈز مرکز صحت

## اہم حقائق

ہیلتھ سروس ایگزیکٹو آئرلینڈ میں رہنے والے لوگوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے۔
آئرلینڈ میں ہرشخص صحت کی سہولیات حاصل کرنے کا حقدار ہے تاہم ہرکسی کو مفت یا سرکاری طور پر صحت کی سہولیات حاصل نہیں ۔
صحت کی سہولتوں کے حوالے سے آپ کی رسائی کا انحصار آپ کی آئرلینڈ میں رہائش او رذرائع آمدن پر ہے ۔
وہ شخص جو آئرلینڈ میں کم ازکم ایک سال سے قیام پذیر ہے اُسےعارضی رہائش پذیرتسلیم کیا جائے گا اور وہ 2 درجوں میں سے کسی ایک کےتحت آئے گا:۔
میڈیکل کارڈ رکھنے والے لوگ
میڈیکل کارڈ کے بغیر لوگ

### کسی ایمرجنسی کی صورت میں 999 پر یا موبائل فون سے 112پر کال کی جاسکتی ہے ۔





### آپ بوتھ سے 999 ڈائل کریں گے لیکن آپ 112 پر ڈائل کرسکتے ہیں بے شک آپ کے فون پر کی لاک Key Lockلگی ہوئی ہو۔

## حفظان صحت

### آئرلینڈ میں حفظان صحت کا کون حقدار ہے ؟

اگرآپ آئرلینڈ میں عارضی طور پر رہائش پذیر ہیں تو آپ مفت یا حکومت کی طرف سے اعانت یافتہ صحت کی سہولیات حاصل کرنے کے حقدار ہیں ۔

### عارضی طور پر رہائش پذیر سے کیا مراد ہے ؟

عارضی طور پر رہائش پذیر سے مراد ہے کہ آپ ایک سال سے آئرلینڈ میں رہ رہے ہیں اور یہاں پر مستقبل میں بھی رہنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔

### اگر مجھے آئرلینڈ میں رہتے ہوئے ایک سال سے کم عرصہ ہوا ہوتو کیا میں حفظان صحت کا حقدار ہوں گا ؟

وہ لوگ جو کم ازکم ایک سال سے آئرلینڈ میں رہائش پذیر نہیں ہیں، انہیں صحت کی سہولیات حاصل کرنے کے لئے ہیلتھ سروس ایگزیکٹیو کو مطمئن کرنا ہوگا کہ وہ کم ازکم ایک سال آئرلینڈ میں رہنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ایسے شخص کے اہل خانہ بھی حفظان صحت کے حوالے سے اپنی اہلیت کی تصدیق کے لئے HSE سے رابطہ کرسکتے ہیں ۔

### اگر میں بیمار ہوں تو کیا ہسپتال جاسکتا ہوں ؟

نہیں ، آپ صرف ایمرجنسی کی صورت میں ہسپتال جاسکتے ہیں۔ اگرکوئی سنگین مسئلہ نہیں ہے تو آپ کو پہلے GP [جنرل پریکٹیشنر] کے پاس جانا چاہیے ۔

## جنرل پریکٹیشنر

### جی پی [جنرل پریکٹیشنر] کیا ہے ؟

جنرل پریکٹیشنر کا لفظ سرکاری طورپر آئرلینڈ میں ڈاکٹر کے لئے استعمال ہوتاہے جو اپنی سرجری یا گھر میں لوگوں کو خدمات فراہم کرتا ہے ۔

### فیملی ڈاکٹر کیا ہے ؟

فیملی ڈاکٹر جی پی[جنرل پریکٹیشنر] کا ایک دوسرا نام ہے ۔

### کیا جی پی کے پاس جانامفت ہوتا ہے ؟

نہیں، جب تک آپ کے پاس میڈیکل کارڈ یا جی پی وزٹ کارڈ نہ ہو آپ جی پی کے پاس مفت نہیں جاسکتے ۔

## میڈیکل کارڈ کے حامل افراد

### میڈیکل کارڈ کیا ہے ؟

میڈیکل کارڈ ہیلتھ سروس ایگزیکٹیو کی طرف سے جاری کیا جاتا ہے جس پر لوگوں کو کچھ مخصوص طبی سہولتیں مفت ملتی ہیں۔

### میڈیکل کارڈ کون حاصل کرسکتا ہے ؟

میڈیکل کارڈ آپ کے ذرائع آمدن کو مدنظر رکھ کر دیا جاتا ہے اور یہ ہرکسی کو نہیں ملتا ۔
آئرلینڈ میں پناہ کے طلب گار اور مہاجرین کو ا س وقت تک میڈیکل کارڈ فراہم کیا جاتا ہے جب تک ان کی پناہ سے متعلق معاملہ زیرغور رہتا ہے ۔
ایک بار پناہ کے طلب گار افراد کو آئرلینڈ میں رہنے کا درجہ مل جائے توبھی وہ میڈیکل کارڈ کے حقدار رہتے ہیں تاوقتیکہ ان کی آمدنی میں بہت اضافہ نہ ہوجائے ۔ تارکین وطن کارکن اس وقت تک میڈیکل کارڈ کے حقدار ہوتے ہیں جب تک ان کی آمدنی میڈیکل کارڈ کے لئے مقررہ آمدنی کی حد سے بڑھ نہیں جاتی اور وہ ثابت کرسکتے ہوں کہ وہ 12 ماہ کے لئے آئرلینڈ کے عام رہائشی ہیں ۔

### کیا میں میڈیکل کارڈ کا حقدار ہوں ؟

آپ کے میڈیکل کارڈ کے حقدارہونے کے بارے میں جاننے کا ایک آسان طریقہ یہ ہے کہ آپ اس ویب سائٹ www.medicalcard.ie پر جائیں اورکیلکولیٹر استعمال کرکے اندازہ لگا سکتے ہیں یا آپ اپنے مقامی ہیلتھ سنٹر سے پوچھ سکتے ہیں ۔
اگر آپ کی عمر 70 سال سے زائد ہے اور آپ آئرلینڈ میں عارضی طور پر رہائش پذیر ہیں تو آپ خود بخود میڈیکل کارڈ کے حقدار ہوجائیں گے اور آپ کے ذرائع آمدن کا جائزہ نہیں لیا جائے گا ۔
اگر آپ میڈیکل کارڈ کے حقدار ہیں تو آپ کے بچے ( 16 سال کی عمر تک) بھی طبی سہولتوں کے حقدار ہوں گے ۔

### میں میڈیکل کارڈ کے لئے درخواست کیسے دوں ؟

آپ مقامی مرکز صحت یا کمیونٹی کیئر آفس سے ایک ایم سی ون فارم اور خدمات فراہم کرنے والے ڈاکٹرز کی فہرست حاصل کریں ۔
آپ درج ذیل ویب سائٹ سے بھی فارم ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں:۔
www.hse.ie/eng/Find_a_Service/entitlements/Medical_Cards/Forms_and_Guidelines.html

### اگر میرے پاس میڈیکل کارڈ ہے تو میں کس قسم کی خدمات حاصل کرسکتاہوں ؟

- جی پی سروسز
- واضح کردہ ادویات
- ڈینٹل سروسز
- آپٹیکل سروسز
- اورل سروسز
- میٹرنٹی اینڈ انفینٹ کیئر سروسز

## جی پی وزٹ کارڈ

### جی پی وزٹ کارڈ کیا ہے ؟

جی پی وزٹ کارڈ ان لوگوں کے لئے ہوتا ہے جو میڈکل کارڈ کے حقدار نہیں ہوتے تاہم وہ آمدنی کے لحاظ سے مقررہ معیار پر پورا اترتے ہیں ۔

### میں جی پی کارڈ کے لئے کیسے درخواست دے سکتا ہوں ؟

جی پی کارڈ کے لئے وہی فارم استعمال ہوتا ہے جو میڈیکل کارڈ کے لئے ہوتا ہے

## نان میڈیکل کارڈ ہولڈرز

### اگر میرے پاس میڈیکل کارڈ نہیں ہے تو کیا میں مفت طبی سہولتیں حاصل کرسکتا ہوں ؟

اگر آپ میڈیکل کارڈ کے حامل نہیں ہیں اور عارضی طور پر رہائش پذیرہیں تو آپ فری پبلک ہسپتال جاسکتے ہیں تاہم آپ کو ہسپتال کے مقررہ چارجز ادا کرنا ہوں گے ۔

آپ کو جی پی جانے پر بھی چارجز کی ادائیگی کرنا ہوگی ۔

### دیگر کیا خدمات دستیاب ہیں ؟

بعض طبی سہولتیں تمام افراد کو حاصل ہیں، خواہ وہ میڈیکل کارڈ رکھتے ہوں یا نہ رکھتے ہوں ۔

- کچھ بیماریاں ایسی ہیں جن کا شِکارہونے پر لوگوں کو بعض مخصوص ادویات مفت ملتی ہیں اوراس ضمن میں اُن کے کارڈ کےدرجہ کو مدنظر نہیں رکھا جاتا ۔
- چائلڈ ہیلتھ سروسز تمام بچوں کو دستیاب ہوتی ہیں
- ہیلتھ پروموشن سب کے لئے ہوتی ہے

### ڈرگ پے منٹ اسکیم کیا ہے ؟

یہ ایک ایسی اسکیم ہے جہاں ایک فرد یا فیملی منظور کردہ ادویات کے لئے 90 یورو سےزیادہ خرچ نہیں کرسکتی ۔
یہ اُن لوگوں کے لئے ہے جن کے پاس میڈیکل کارڈ نہیں اور عموماً انہیں تمام ادویات کی قیمت ادا کرنا پڑتی ہے ۔

# ہسپتال میں علاج و نگہداشت

### کیا میں ہسپتال سے مفت خدمات حاصل کرسکتا ہوں ؟

ہروہ شخص جو جمہوریہ آئرلینڈ میں رہتا ہے ، وہ سرکاری ہسپتالوں سے مفت طبی سہولیات حاصل کرسکتا ہے۔ تاہم کچھ مخصوص چارجز مثلا اندرونی و بیرونی مریض فیس( تفصیل ذیل میں آئے گی )اد ا کرنا ہوگی ۔آپ مفت سروسز برائے بیرونی مریضاں کے بھی حقدار ہوتے ہیں۔

### کیا مختلف اقسام کے ہسپتال ہوتے ہیں ؟

آئرلینڈ میں اِس وقت تین مختلف اقسام کے ہسپتال ہیں :۔

- ہیلتھ سروس ایگزیکٹیو ہسپتال
- رضاکار پبلک ہیلتھ ہسپتال
- پرائیویٹ ہسپتال

ہیلتھ سروس ایگزیکٹیو ہسپتال اور رضاکار پبلک ہسپتال وسیع تناظر میں سرکاری ہسپتالوں کی شرائط کے تحت آتے ہیں ۔

### آئرلینڈ میں ہسپتال کیا کرتے ہیں ؟

آئرلینڈ میں ہسپتال بیمار یا زخمی افراد کی تشخیص ، علاج اور دیکھ بھال کرتے ہیں ۔

### کیا میں جی پی کی بجائے ہسپتال جاسکتا ہوں ؟

جب تک آپ کو کوئی ایمرجنسی نہ ہو، آپ کو چاہیے کہ آپ پہلے جی پی کے پاس جائیں ۔ سرکاری ہسپتالوں سے طبی سہولتیں حاصل کرنے کے لئے عموماً آپ کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ جی پی آپ کوہسپتال بھیجے۔ (ما سوائے حادثہ یا ایمرجنسی سروسز )۔
زیادہ تر سرکاری اور نجی ہسپتالوں میں ایک حادثات اور ایمرجنسی کا شعبہ ہوتا ہے ۔آپ جی پی کے حوالے کے بغیر ایمرجنسی سروس حاصل کرسکتے ہیں تاہم آپ کو اس کی فیس ادا کرنا ہوگی ۔

## ہسپتال کے چارجز

### ہسپتال میں مجھے کیا چارجز ادا کرنا ہوں گے ؟

آئرلینڈ میں ہرعارضی طور پر رہائش پذیرشخص ہسپتال کی طرف سے مفت سہولیات کا حقدار ہوتا ہے تاہم وہاں کچھ چارجز ہوسکتے ہیں ۔
اندرونی مریض کے لئے چارجز : 66 یورو فی یوم
بیرونی مریض کےلئے چارجز : 66 یورو فی یوم
ایمرجنسی و حادثات کے لئے چارجز : 66 یورو فی یوم

**نوٹ :۔ زیادہ سے زیادہ چارجز سالانہ 10 دن کے لئے ہیں ۔**

### ہسپتال چارجز کس کو ادا نہیں کرنا پڑتے ؟

میڈیکل کارڈ کے حامل افراد، حاملہ خواتین، 6 ہفتے کی عمر تک کے بچے اور وہ بچے جو کسی طویل بیماری کا شکار ہوں، اُن کو یہ چارجز ادا نہیں کرنا پڑتے ۔
وہ مریض جو جی پی کے حوالے سے آتے ہیں، انہیں بیرونی مریض کی سروسز کے چارجز ادا نہیں کرنا پڑتے ۔

### نجی ہسپتالوں کی فیس کیا ہوتی ہے ؟

نجی ہسپتالوں کے چارجز مختلف ہوتے ہیں اور چارجز کا دارومدار ہسپتال کی نوعیت او رمحل وقوع پر ہوتا ہے ۔
2008 ءکے چارجزمندرجہ ذیل ہیں: ۔

| | پرائیویٹ | سیمی پرائیویٹ | ڈے کیئر |
|---|---|---|---|
| ریجنل : | 758 یورو | 594 یورو | 546 یورو |
| کنٹری : | 506 یورو | 407 یورو | 362 یورو |
| ڈسٹرکٹ : | 217 یورو | 185 یورو | 161 یورو |

### مجھے اپنے مقامی ہسپتال کی تفصیلات کہاں سے مل سکتی ہیں ؟

آئرلینڈ میں 51 سرکاری ہسپتال ہیں ۔ ہسپتالوں کی ایک مکمل فہرست اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے ۔ www.hse.ie/portal/eng/Find—a—Service//Hospitals

# فیملی پلاننگ

### میںآئرلینڈ میں فیملی پلاننگ کے مشورے کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں ؟

ہیلتھ سروس ایگزیکٹیو کے لئے مکمل اور غیرجانبدار فیملِی پلاننگ سروس فراہم کرنا ضروری ہے ۔ جی پی ، ہسپتال اور رضاکار ادارے عموماً فیملی پلاننگ سروس فراہم کرتے ہیں جن میں معلومات ، مشورے ، اور مانع حمل ادویات کی فراہمی شامل ہے ۔

### کیا میں آئرلینڈ میں بانجھ پن کا علاج کراسکتا ہوں ؟

بانجھ پن سے متعلق علاج عموماً صرف نجی ماہرین صحت کے پاس دستیاب ہے
حمل کے دوران مشورے کئی رضا کار ہسپتالوں اور جی پی سے حاصل کیے جاسکتے ہیں ۔

### اگر خواہش کے بغیر حمل ہوجائے تو مجھے کیاکرنا چاہیے ؟

کرائسزپریگننسیCrisis Pregnancy ایجنسی2001ء میں قائم کی گئی جس کا مقصد غیرمطلوبہ حمل کی بڑھتی ہوئی تعداد کا خاتمہ کرنا ہے ۔ غیرمطلوبہ حمل کی صورت میں یہ ایجنسی مشورے اور معلومات فراہم کرتی ہے ۔

### کیا آئرلینڈ میں اسقاط حمل کرایا جاسکتا ہے ؟

آئرلینڈ میں اسقاط حمل کچھ مخصوص صورتوں کے علاوہ غیرقانونی ہے ، خاص طور پر اگر زچہ کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو۔(اسقاط حمل کے لئے کسی دوسرے ملک جانا قانونی طور پر قابل قبول ہے )

# زچہ بچہ نگہداشت اورشیرخوار بچوں کے لئے خدمات

## زچہ بچہ کے لئے خدمات

### حاملہ ہونے کی صورت میں کس قسم کی خدمات حاصل کرسکتی ہوں ؟

اگر آپ حاملہ ہیں تو اور اپنی پسند کے جی پی یا ہسپتال کے شعبہ زچہ بچہ سے طبی سہولتیں حاصل کرسکتی ہیں ۔آپ کو یہ سہولتیں حاصل کرنے کے لئے میڈیکل کارڈ کی ضرورت نہیں ۔

### زچہ بچہ کی سروس میں کیا سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں ؟

آپ کو جی پی یا ہسپتال سے بچے کی پیدائش سے قبل کم ازکم سات بار اور پیدائش کے بعد دوبار معائنے کی سہولت ملتی ہے جن میں پیدائش کے دوہفتے بعد ایک معائنہ بچے کا اور چھ ہفتے بعد بچے اور ماں کا معائنہ شامل ہیں ۔

### کیا زچہ بچہ کی سروسز کے لئے کوئی رقم ادا کرنا پڑتی ہے ؟

آپ حاملہ ہونے کے دوران ہسپتال سے مفت طبی سہولتیں حاصل کرسکتی ہیں اور اس ضمن میں آپ کو کوئی رقم ادا نہیں کرنا ہوتی ۔

## شیرخوار بچوں کے لئے خدمات

### کیا میرے بچے کو طبی سہولتیں مفت ملیں گی ؟

آپ کے بچے کو مفت طبی سہولتوں کا انحصار( اوپربیان کی گئی سہولتوں کے علاوہ ) آپ کے میڈیکل کارڈ پر ہے ۔

### میرے بچے کو کیا طبی سہولتیں حاصل ہوں گی ؟

اگر آپ کا بچہ ہسپتال میں پیدا ہوا ہے تو عموماً اُس کے میٹابولک مسائل کے لئے سکریننگ کی جاتی ہے ۔ اس کے لئے والدین کی مرضی ضروری نہیں ۔

### کیا میرے بچے کو ویکسین دی جائے گی ؟

بچے کی پیدائش کے موقع پر یا پہلے مہینے بچے کے لئے بی سی جی ویکسین کی سفارش کی جاتی ہے ۔ بی سی جی ویکسین آپ کے بچےکو ٹی بی کی بیماری سے تحفظ فراہم کرتی ہے ۔ یہ ویکسین ہسپتال یا ایچ سی ای کلینک پر ایک ڈاکٹر آپ کے بچے کو دے گا ۔

### بچے کو اگلی ویکسین کب دی جائے گی ؟

آپ کے بچے کو اگلی ویکسین پیدائش کے 12سے 15مہینے کے دوران دی جاتی ہیں .یہ ویکسین آپ کے بچے کو جی پی سے مفت ملتی ہے۔ آپ کو ایک خط ارسال کیا جائے گا جس میں آپ کو بتایا جائے گا کہ ایچ ای سی سے آپ کے ایڈریس پر ، جو آپ نے بچے کی پیدائش کے وقت دیا ہوگا ، ویکسین دینے عملے نے کب جانا ہے ۔

- جب آپ کا بچہ 4 ،2 اور6ماہ کا ہوگا تو اسے فائیواِن ون ویکسین دی جائے گی جو اُسے5 بیماریوں خناق ،تشنج ، کالی کھانسی ، ہیموفیلیئس انفلوئنزا بی (Hib) اور پولیوسے تحفظ فراہم کرے گی ۔ اسے گردن توڑ بخار C سے تحفظ کی بھی ایک ویکسین دی جائے گی ۔
- جب آپ کا بچہ 12 سے 15 ماہ کا ہوگا تو اُسے ایم ایم آر نامی ایک ویکسین دی جائے گی ۔یہ ویکسین آپ کے بچے کو مزید3 بیماریوں خسرہ ، کن پھیڑ اور Rubella سے بچائے گی ۔بچے کو اسی وقت Hib بُوسٹر دیا جائے گا ۔

### میرے بچے کو ویکسین کیوں دی جاتی ہے ؟

آپ کے بچے ویکسین اس لئے دی جاتی ہے کہ اوپر بیان کی گئی بربیماری آپ کی بچے کی موت کا باعث بن سکتی ہے کیونکہ بچے بڑوں کی نسبت کمزور ہوتے ہیں ۔

### سکول جانے کی عمر میں میرے بچے کو کون سی ویکسین دی جاتی ہے ؟

زیادہ ترہچوں کو شیرخوارکی عمر میں ویکسین دی جاتی ہے تاہم جب بچہ سکول جانے کی عمر میں پہنچتا ہے تو اسے مزید مفت ویکسینز بھی دی جاتی ہیں ۔

- جب آپ کا بچہ 4سے 5 سال کا ہوگا تو اُسے '4–in–1' بوسٹر (جو اُسے خناق ، تشنج ، کالی کھانسی ،Hib اور پولیو سے تحفظ دیتا ہے ) دیا جائے گا ۔ بچے کو پرائمری سکول میں ایم ایم آر (Measles, Mumps and Rubella ) ویکسین کی دوسری خوراک بھی دی جائے گی ۔اگر آپ کا بچہ سکول میں ویکسین نہیں لے سکتا توHSE آپ کے لئے کسی کلینک پر جانے کا اہتمام کرے گا یا آپ کو جی پی کے پاس جانے کا کہے گا۔
- جب آپ کا بچہ پانچویں یا چھٹی کلاس میں ہوگا تو HSE کا ایک ڈاکٹر اُسے BCG ویکسین دے سکتا ہے یا ان بچوں کو ایم ایم آر کی دوسری خوراک دے گا جنہوں نے پہلے یہ ویکسین نہیں لی ہوگی۔ یہ ویکسین خصوصاً ان بچوں کو دی جاتی ہے جو کسی اور ملک میں پیدا ہوئے ہوتے ہیں ۔
- جب آپ کا بچہ 11 سے 14سال کا ہوگا تو اُسے سکول میں ایک اور تشنج اور خناق کی lose–dose ویکسین دی جائے گی۔ یہ ایک نیا پروگرام ہے ۔

## پیدائشی سرٹیفیکیٹ

### مجھے اپنے بچے کے لئے کس قسم کے پیدائشی سرٹیفیکیٹ کی ضرورت ہوتی ہے ؟

پیدائشی سرٹیفیکیٹ کے دو فارم ہوتے ہیں.ایک مختصر فارم اور ایک طویل فارم. مختصر فارم بچے کو سکول داخل کرانے جیسے معاملات میں استعمال ہوتا ہے ۔ قانونی اور دیگر مقاصد کے لئے طویل پیدائشی سرٹیفیکیٹ کی ضرورت ہوتی ہے

### پیدائشی سرٹیفیکیٹ پر کتنی رقم خرچ ہوتی ہے ؟

طویل پیدائشی سرٹیفیکیٹ پر 10 یورو خرچ ہوتے ہیں اور یہ سول رجسٹریشن آفس میں دستیاب ہوتا ہے ۔

## بچوں کی صحت اور سکول ہیلتھ سروسز

### کیا میرے بچے کو کوئی اور طبی سہولتیں بھی ملیں گی ؟

عام طور پر بچوں کو وہی طبی سہولتیں حاصل ہوتی ہیں جو اُن کے والدین کو حاصل ہوتی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر ان کے والدین کو مفت طبی سہولتیں مل رہی ہیں تو بچوں کو بھی مفت سہولتیں ملیں گی۔ تاہم بچوں کو کچھ اضافی طبی سہولتیں مثلا سکول ہیلتھ سروس ، شیرخوار بچوں‌کی سروسز اور ویکسینیشن وغیرہ بھی حاصل ہوتی ہیں ۔

## سکول ہیلتھ سروسز

### میرا بچہ سکول میں کو ن سی ہیلتھ سروسز حاصل کرتا ہے ؟

ہیلتھ سروس ایگزیکٹیو سرکاری پرائمری سکولوں میں پڑھنے والے بچوں کے لئے سکول سکریننگ پروگرام اور امیونیزیشن[بیماریوں سے تحفظ] پروگرام فراہم کرتا ہے ۔

### سکول ہیلتھ سروسز کون بہم پہنچاتا ہے ؟

سکول ہیلتھ سکریننگ پرعمل درآمد پبلک ہیلتھ نرسیں اور میڈیکل آفیسرز کراتے ہیں ۔

### سکریننگ کہاں کی جاتی ہے ؟

سکریننگ سکولوں میں کی جاتی ہے اور والدین کو آگاہ کیا جاتا ہے۔ والدین کو اس بات کی اجازت ہوتی ہے کہ وہ چاہیں تو اپنے بچوں کی سکریننگ کے وقت سکول آجائیں ۔

### سکریننگ میں کیا ہوتا ہے ؟

سکریننگ میں بچے کی سننے اور دیکھنے کی صلاحیت کا جائزہ لیا جاتا ہے اور جب کسی بچے کے والدین ، پبلک ہیلتھ نرس یا میڈیکل آفیسر یہ چاہیں کہ بچے کے جسمانی معائنہ ہونا چاہیے تو وہ بھی کیا جاسکتا ہے ۔

### اگر بچے کو کوئی مسئلہ درپیش ہوتو پھر کیا ہوتا ہے ؟

اگر بچے کو مریض کے طورپر ہسپتال کےشعبہ بیرونی مریضاں میں لے جایا جائے۔ ہیلتھ سکریننگ کے دوران سامنے آنے والے مسائل کا علاج مفت کیا جاتا ہے۔ پہلے معائنے کے بعد مزید کسی علاج کی ضرورت ہوتو اس کا بطور پبلک پیشنٹ مفت کیا جاتا ہے ۔

## بچے کی نشوونما

### بچے کی نشوونما سے کیا مراد ہے ؟

شیرخوار سے بچے کے چلنے تک، بچپن سے نوجوانی تک اور نوجوانی سے بڑے ہونے تک بچے کی نشوونماعموماً ایک مقررہ طریقہ کار کے تحت ہوتی ہے۔ بعض اوقات اس عمل میں تاخیر ہوجاتی ہے اور یہ تاخیر معمولی یا زیادہ ہوسکتی ہے ۔

### اگر مجھے اپنے بچے کی نشوونما میں کوئی تشویش ہوتو کیا کرنا ہوگا ؟

اگرآپ کو اپنے بچے کے بارے میں کوئی تشویش ہے تو آپ اپنے جی پی یا ہیلتھ نرس سے بات کرسکتے ہیں ۔

## نگرانی

بہت سے والدین کو کچھ وقت اپنے بچوں سے دُوررہنا پڑتا ہے۔ خواہ یہ کام پر جانے کی طرح طویل عرصہ وقت ہو یا سماجی سرگرمیوں کی طرح تھوڑا وقت ہو. آپ کے بچے کی دیکھ بھال کرنا مشکل ہوسکتا ہے اور بعض اوقات مہنگا بھی پڑسکتا ہے۔

بچے اپنی حفاظت کے لئے بالغوں پر بھروسہ کرتے ہیں اور والدین اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ذمہ دار ہیں کہ ان کے بچے خوش ہیں اور ان کی اچھی دیکھ بھال ہورہی ہے۔

کوئی ایسی مقررہ عمر نہیں جس میں بچے کو اکیلا چھوڑنا قانونی طور پر درست ہو۔ اس بات کا انحصار اس امر پر ہے کہ آیا بچہ اس صورت حال سے نبٹنے کے لئے کافی پختہ ذہن ہے۔ بچے مُختلف عمروں میں پختہ ذہن ہوتے ہیں لیکن ذیل میں ایک عمومی رہنمائی دی گئی ہے کہ بچے کب اکیلے گھر پر چھوڑے جا سکتے ہیں۔

### کیا میں اپنے بچے کو اکیلا گھر پر چھوڑ سکتا ہوں؟

اپنے بچے کو اکیلا گھر پر چھوڑنا کبھی اچھا نہیں ہوتا۔ اور تو اور چند منٹوں کے لئے بھی بچوں کو اکیلا چھوڑنا بہتر نہیں ہوتا۔

### کیا میں اپنے نوجوان بچے کو اکیلا گھر پر چھوڑ سکتا ہوں؟

نوجوان بچوں کو کبھی بھی اکیلا گھر پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔ کم وقت کے لئے بھی نہیں۔ آپ یا دوسرے بالغ کے بغیر ایک گھنٹہ بھی اکیلے ہونے سے ہو سکتا ہے کہ وہ تحفظ کے امکانی خطرہ کا شکارہوجائے۔

### کیا میں اپنے بڑے بیٹے کو گھر میں اکیلا چھوڑ سکتا ہوں؟

14سال سے کم عمر بچوں کو تھوڑی دیر سے زیادہ گھر پہ اکیلا کبھی نہیں چھوڑنا چاہیے۔

### کیا میں اپنےکم عمر بچے کو گھر پہ اکیلا چھوڑ سکتا ہوں؟

16سال سے اُوپر کے نوجوان بچوں کو اکیلا گھر پر چھوڑا جاسکتا ہے۔

### میرے بچے کو کس عمر میں نگہبان کی ضرورت ہوتی ہے؟

اگر آپ کو بچے کا نگہبان رکھنے کی ضرورت ہو تو آپ کو ہمیشہ اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کی عمر16سال سے زائد ہو اور ان سے دو حوالے لینے چاہیے تاکہ اس امر کی جانچ کی جا سکے کہ انھیں آپ کے بچوں کے ساتھ چھوڑنے پر وہ کافی ذمہ داری کا ثبوت دیں گے۔

## بچے کا تحفظ

### اگر مجھے بچے کی بہبود سے متعلق تشویش ہوتو مجھے کیا کرنا ہوگا ؟

اگر آپ کو اپنے بچے کے بارے میں جذباتی، جسمانی، جنسی یا نظرانداز کیے جانے کے حوالے سے کوئی تشویش ہوتو آپ درج ذیل اقدامات کرسکتے ہیں ۔

- آپ اپنے مقامی ہیلتھ سنٹر میں HSE سوشل ورکر سے رابطہ کریں (پیر سے جمعہ :صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک )۔
- ان ایام اور اوقات کے علاوہ اگر آپ کو کوئی ہنگامی طور پر تشویش لاحق ہو تو آپ اپنے مقامی Garda سٹیشن یا فون نمبر 999 یا موبائل سے فون نمبر 112 پر رابطہ کرسکتے ہیں ۔

## لڑکے اور لڑکیوں کے ختنے

### مرد بچوں کے ختنے

### کیا میں اپنے بیٹے کا ختنہ کراسکتا ہوں؟

شمالی آئرلینڈ میں پیدا ہونے والے مرد بچوں کے ختنے عام طور پر باقاعدگی سے نہیں کیے جاتے۔ تاہم یہودی، اسلامی اور افریقی کمیونیٹیز کے بہت سے لوگ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کوشش کرتے ہیں کہ ان کے مرد (بچوں) کے ختنے کرائے جائیں۔

### شمالی آئر لینڈ میں مردوں کے ختنے غیر قانونی نہیں ہیں لیکن یہ ایک تربیت یافتہ ڈاکٹر کے ہاتھوں ہونے چاہیں۔

اگر آپ اپنے مرد(بچوں) کے ختنے کرنا پسند کریں تو یہ اہم بات ہے کہ آپ اپنے GP سے طبی مشورہ حاصل کریں جو آپ کو طبی سروسز کےمرکز میں بھیجےگا جو ختنے کرسکیں۔

### آپ کے ڈاکٹر کو درج ذیل کے متعلق آپ کو مشورہ دینا چاہیے۔

- باقاعدہ شیر خوار (بچے) کا ختنہ جو سفارشی طریقے کے طور پر نہ ہو۔
- شیر خوار بچے اور بڑے بچے کے حقوق کے بارے میں اخلاقی لحاظ سے غورو فکر۔
- پیچیدگیوں اور امکانی نقصان کا خطرہ۔

ڈاکٹر آپ کی درخواست پر غور کرسکتا ہے اگر یہ مذہبی یا تہذیبی معاملے سے متعلق ہے۔

### خواتین (بچی) کا ختنہ

### کیا میں اپنی بیٹی کا ختنہ کراسکتا ہوں؟

نہیں۔ شمالی آئرلینڈ میں عورت (بچی) کا ختنہ قابل قبول کام نہیں ہے اور اگر کوئی یہ کرتا ہوا پایا گیا یا شمالی آئرلینڈ میں اپنی بیٹیوں کے لئے ایسا انتظام کرتے ہوئے پایا گیاتو ان پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔

## سوشل ویلفیئر سروسز

وہ والدین جو مستقل رہائشی شرائط پر پورا اترتے ہیں ، ان تمام والدین کے لئے ویلفیئر سروسز ہوتی ہیں ۔

### مستقل رہائشی شرط

### مستقل رہائشی شرط کیا ہے ؟

HRC ایک ایسی شرط ہے جسے پورا کرنا ضروری ہے تاکہ سوشل ویلفیئر کے سلسلے میں رقم کے حصول اور بچے کی فلاح کے لئے آپ مقررہ معیارپر پورے اترسکیں ۔ یہ شرط یکم مئی 2004 سے لاگوہوئی ہے اور قومیت سے قطع نظر تمام افراد کے لئے لازمی ہے ۔

### اپنے آپ کو میں مستقل رہائشی کیسے ثابت کر سکتا ہوں ؟

مستقل رہائشی سے مراد آپ کے پاس آئرلینڈ یا کامن ٹریو ل ایریا کے دیگر حصوں ( برطانیہ اور چینل آئس لینڈ ز) کے ساتھ ثابت شدہ قریبی تعلق ہو۔ مثال کے طور پر اگرآپ آئرلینڈ یا کامن ٹریول ایریا کے دیگر حصوں میں ساری زندگی قیام پذیر رہے ہیں تو آپ مستقل رہائشی شرائط کوپورا کرسکتے ہیں ۔

### آپ درج ذیل امور سے بھی مستقل رہائشی شرائط کو پورا کرسکتے ہیں ۔

- آپ نے ساری زندگی کامن ٹریول ایریا میں گزاری ہو
- آپ گزشتہ 2سال یا اس سے زیادہ عرصہ کامن ٹریول ایریا میں رہے ہوں ، کامن ٹریول ایریا میں کام کیا ہو اور اب جمہوریہ آئرلینڈ میں قیام پذیر ہوں ۔
- آپ 2 سال یا اس سے زیادہ کامن ٹریول ایریا کے دیگر حصوں میں رہے ہوں اور پھر آئرلینڈ منتقل ہوگئے ہوں جس کے بعد آپ یہاں پر ہی مستقل طور پر رہنے کا ارادہ رکھتے ہوں ۔
- مستقل رہائشی شرائط کو پورا کرنے والوںکو خود بخود فوائد حاصل ہوجاتے ہیں

## بچے کے لئےمراعات

### بچے کے لئےمراعات کیا ہیں ؟

ان مراعات سے مراد مقررہ معیار پر پورا اترنے والے بچہ ،جو آپ کے ساتھ رہ رہاہو اوراسے آپ کی اس کی معاونت حاصل ہو، کے لئے ایک ماہانہ رقم کا حصول ہے

.بچے کے لئے مقررہ معیار یہ ہے :

بچے کی عمر16سال سے کم ہو

بچے کی عمر16،17 یا 18سال ہو اور وہ کل وقتی طالب علم ہو اور FAS نوجوانوں کے لئے کورس میں داخل ہو ۔

جسمانی و ذہنی طورپر معذور ہوا ور آپ پر انحصار کرتا ہو ۔

### بچے کے لئے مراعات کب ختم ہوتی ہیں ؟

بچے کے لئے جملہ مراعات 16 یا 19 سال کی عمر تک پہنچنے پر ختم ہوتی ہیں۔( اگر وہ کل وقتی طالب علم ہو)۔

### بچے کے لئے مراعات حاصل کرنے کےلئے مجھے کب درخواست کرنی چاہیے ؟

آپ کو بچے کے لئےمراعات حاصل کرنے کی خاطر درج اوقات پر درخواست کرنی چاہیے ۔

- جس مہینے آپ کا بچہ پیدا ہوا ہو ۔
- *وہ مہینہ جس میں بچہ آپ کے خاندان کا فرد بنا ہو ۔
- *وہ مہینہ جس میں آپ کی فیملی جمہوریہ آئرلینڈ میں رہائش کے لئے آئی ہو ۔

### مجھے اپنے بچے کے لئےمراعات کب ملتی ہیں ؟

آپ اپنے بچے کے لئے مراعات اُس مہینے کے آغاز سے حاصل کرسکتے ہیں جس مہینے آپ کا بچہ پیدا ہوا ہو یا وہ مہینہ جس میں بچہ آپ کے خاندان کا فرد بنا ہو یا وہ مہینہ جس میں آپ کی فیملی نے جمہوریہ آئرلینڈ میں رہائش شروع کی ہو ۔

### بچے کی ابتدائی نشوونماکے لئے معاونت کیاہوتی ہے ؟

بچے کی ابتدائی نشو ونما کے لئے معاونت کا مقصد 6 سال سے کم عمر کے بچوں کے والدین کی مدد کرنا ہے ۔

### مجھے کتنی رقم حاصل ہوگی ؟

یہ ایک براہ راست اور ٹیکس سے مستثنیٰ رقم ہوتی ہے جو 6 سال سے کم عمرکے ہربچے کے لئے ہر 3 ماہ بعد ادا کی جاتی ہے ۔یہ رقم ہراہل بچے کے لئے 275 یورو فی سہ ماہی ( 100 یورو سالانہ )ہوتی ہے ۔

### مجھے یہ رقم کیسے ملے گی ؟

یہ رقم اُسی طریقے سے ادا کی جائے گی جس طرح پہلے آپ کو بچوں کے لئے مراعات کی رقم ادا کی گئی ۔

## مفید رابطےاور مزید معلومات

### شعبہ صحت و بچگان

پتہ Hawkins House
Hawkins Street
Dublin 2
فون (01) 6354000
ویب سائٹ www.dohc.ie

### ہیلتھ سروس ایگزیکٹیو

پتہ Oak House
Millennium Park
Naas
Co. Kildare
فون (1850) 241850
ای میل info@hse.ie
ویب سائٹ www.hse.ie

### شعبہ برائے سماجی و خاندانی معاملات

پتہ Áras Mhic Dhiarmada
Store Street
Dublin 1
فون (1890) 66 22 44
ویب سائٹ www.welfare.ie

### کمیشن برائے ذہنی صحت

پتہ St. Martin's House
Waterloo Road
Dublin 4
فون (01) 6362400
ویب سائٹ www.mhirl.ie

### ذہنی صحت ، آئر لینڈ

پتہ Mensana House
6, Adelaide St
Dun Laoghaire
Co. Dublin
فون (01) 2841166
ویب سائٹ www.mentalhealthireland.ie

### سوسائٹی برائے نفسیات،آئر لینڈ

پتہ CX House,
2A Corn Exchange Place
Dublin 2
فون (01) 4749160
ای میل info@psihq.ie
ویب سائٹ www.psihq.ie

### قومی مشاورتی سروس

فون (1800) 235 235
ویب سائٹ www.hse-ncs.ie/en

ایچ ایس ای قومی مشاورتی سروس کےلئے آپ کے مقامی مفت فون نمبر کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| علاقہ | مفت فون نمبر |
|---|---|
| شمالی ڈبلن North Dublin | 1800 234 110 |
| South Dublin/Dun Laoghaire/East Wicklowجنوب ڈبلن، ڈن لوغارے ، مشرقی ویکلو | 1800 234 111 |
| Dublin City Centre/South West Kildare/West Wicklowڈبلن سٹی سنٹر، جنوب مشرقی کلڈائیر، مشرقی ویکلو | 1800 234 112 |
| Midlands ز | 1800 234 113 |
| مغربی West | 1800 234 114 |
| Mid-Westوسط ۔ مغربی | 1800 234 115 |
| Kerry & Corkکیری اینڈ کارک | 1800 234 116 |
| شمال مغربی North East | 1800 234 117 |
| جنوب مشرقی South East | 1800 234 118 |
| شمال مغربی North West | |

### ادارہ برائےہنگامی حمل

فون 4th Floor,
89-94 Capel St
Dublin 1
فون 01) 8146292)
ای میل info@crisispregancy.ie
ویب سائٹ www.crisispregnancy.ie

### ایچ ایس ای میڈیکل کارڈ کے دفاتر

| دفتر | ٹیلی فون |
|---|---|
| سنٹرل ڈبلن | (01) 8661413/14 or |
| ڈبلن نارتھ | (01) 8661407/8/9/10/11 |
| ڈبلن شمال مغربی | (01) 8825000 |
| ڈبلن جنوب سٹی | (01) 6486500 or (01) 6486599 |
| ڈبلن جنوب مشرقی | (01) 2680313 or (01) 2680311 |
| ڈبلن جنوب مغربی | (01) 4154715 or (01) 4154731 |
| ڈبلن مغربی | (01) 6206462 |
| Dun Laoghaire ڈن لوغارے | (01) 2365216 or (01) 2365217 |
| Kildare/West Wicklow کلڈائیر، مغربی ویکلو | (045) 876001 |
| East Wicklow مشرقی ویکلو | (0404) 68400 |

| | |
|---|---|
| (044) 9384448 or (044) 9384437 | لوئس، اوفالے Laois/Offaly |
| (044) 9384448 or (044) 9384437 | لانگ فورڈ، Longford/Westmeath ویسٹ میتھ |
| (049) 4377114 or (049) 4377115 | کاون، موناگن Cavan/Monaghan |
| (041) 9800494 or (041) 9801085 | ڈروگیڈا Drogheda |
| (042) 9381240 or (042) 9385448 | لوتھLouth |
| (046) 9078833 or (046) 9078893 | میتھMeath |
| (091) 546207 | گال وے Galway |
| (094) 9022333 | میو Mayo |
| (0906) 637509 or (0906) 637510 | روسکامنRoscommon |
| (074) 9189006 or (074) 9131391 | ڈونگالDonegal |
| (071) 9155141 or (071) 9620308 | Sligo/Leitrim and West Cavan سلیگو، لیٹریم اور مغربی کاون |
| (065) 6868075 | کلیئرClare |
| (067) 46600 | East Limerick/North Tipperary مشرقی لائم ریک، شمالی ٹپیرری |
| (061) 483703 or (061) 483756 | لائم ریک Limerick |
| (059) 913654 or (059 9136539 | کارلوCarlow |
| (056) 7784733 or (056) 7784619 | کلکینیKilkenny |
| (052) 77249 or (052) 77250 | جنوب ٹپیرری South Tipperary |
| (051) 842800 | واٹر فورڈWaterford |
| (053) 23522 | ویکسفورڈWexford |
| (021) 4923900 | کارک سٹیCork City |
| (066) 7184543 | کیریKerry |

ہیلتھ کونسل برائے خواتین

پتہ Block D,
Irish Life Centre
Abbey St Lower
Dublin 1
فون (01) 8783777
ای میل info@whc.ie
ویب سائٹ www.whc.ie

Urdu ROI.indd 26 14/May/2009 14:24 14/May/2009

## قومی ہیلتھ پروگرام برائے نوجوانان [این وائی سی آئی]
پته 3, Montague St,
Dublin 2
فون 4784122 (01)
ای میل nyhp@nyci.ie
ویب سائٹ www.youthhealth.ie

## سمارٹین
The Samaritans
اپنی نزدیکی برانچ سے رابطه کرنے کےلئے درج ذیل ویب سائٹ پر دیئے گئے نقشے کی مدد سے علاقے کا انتخاب کریں
www.samaritans.org/talk/local—branch.shtm
فون 90 90 60 (1850)

## سمارٹین [ڈبلن برانچ]
(The Samaritans (Dublin Branch
پته 112, Marlborough St,
Dublin 1
فون 8727700 (01)
ای میل jo@samaritans.org
ویب سائٹ www.dublinsamaritans.ie

## پی پی ڈی ------ مرکز نفسیات
پته Apt 4, The Poolbeg,
Gasworks,
Barrow St
Dublin 4
فون 7810747 (085)
ای میل info@theppd.org
ویب سائٹ www.theppd.eu

## فرسٹ ڈے کیئرسنٹر کا پته:--
St. Saviour's Priory (Dominicans Priory),
9-11 Upper Dorset Street, Dublin 1

## سکینڈ ڈے کیئرسنٹر کا پته:--
Dublin Counselling & Therapy Centre,
41 Upper Gardiner Street, Dublin 1

## ڈبلن ایڈز الائنس
پته 53, Parnell Square,
Dublin 1
فون 8733799 (01)
ای میل info@dublinaidsalliance.com
ویب سائٹ www,dublinaidsalliance.com

## سی سی ایس ٹی [تشدد سے بچ جانے والے افراد کی نگہداشت کے لئے مرکز]
پته 213, North Circular Road,
Phibsboro
Dublin 7
فون 8389664 (01)
ای میل info@ccst.ie
ویب سائٹ www.ccst.ie

## AWARE ایویئر
پته 72, Lower Leeson Street,
Dublin 2
فون 6617211 (01)
ہیلپ لائن 302 303 (1890)
ای میل aware@iol.ie
ویب سائٹ www.aware.ie

## GROW گرو
پته 11, Liberty Street,
Cork
فون 474 474 (1890) or 427 7520 (021)
ای میل info@grow.ie
ویب سائٹ www.grow.ie

## شیزوفیرینیا [شقاق دماغی] آئرلینڈ
پته 38, Blessington St,
Dublin 7
فون 1620 860 (01)
ہیلپ لائن 631 621 (1890)
ای میل info@sirl.ie
ویب سائٹ www.sirl.ie
پورے ملک میںوالدین اور رشته داروں کے 31 معاونتی گروپس ہیں جو ہر ماہ کی بنیاد پر شقاق دماغی سے متعلق مسائل پر بات چیت کرتے ہیں اور تمام لوگوں کو معلومات اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔

## Alcoholics Anonymous
پته 109, South Circular Road,
Leonard's Corner
Dublin 8
ہیلپ لائن 412 412 (1890)
ای میل ala@indigo.ie
ویب سائٹ www.alcoholicsanonymous.ie

## کارکCork ذہنی صحت
پته Nore House,
Bessboro Road
Blackrock
Cork
فون 4511100 (021)
ای میل cmhealth@eircom.net
ویب سائٹ www.corkmentalhealth.com

## مرکز جنسی صحت
پته 16, Peters St,
Cork
فون 427 5837 (021)
ای میل info@sexualhealthcentre.com

## Barnardos
پته Christchurch Square
Dublin 8
فون 453 0355 (01)
ای میل info@barnardos.ie
ویب سائٹ www.barnardos.ie

## آئی ایس پی سی سی ISPCC

بچوں کوظلم سے بچانے کے لئے آئرش سوسائٹی [آئی ایس پی سی سی ] بچوں کی مدد کرنے کے لئے پورے آئرلینڈ میں کام کرتی ہے۔

### صدر دفتر

پتہ 29, Lower Baggot St
Dublin 2
ای میل ispcc@ispcc.ie
ویب سائٹ www.ispcc.ie
بچوں‌کی ہیلپ لائن 1800 666 666

آئی ایس پی سی سی بچوں کے لئے یہ ہارٹ لائن 24 گھنٹے چلاتی ہے۔

# حفظان صحت کے لئے مفید مراسلے

### ترجمان کےلئے جی پی[جنرل پریکٹیشنر] کو مراسلہ

خ

محترم جی پی

میں نے مورخہ------------------------------------------------بوقت-----------
-----------------------------اے ایم /پی ایم
آپ سے ملاقات کرنے کا وقت لیا ہے۔

کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ آپ اس ملاقات کے لیے کسی ترجمان کا انتظام کرسکتے ہیں جو وہاں-----------------------------موجود رہے۔

دستخط-----------------------------------------------------------------------------
[والد / سرپرست]

## کلیدی الفاظ

سکول
سکول کا بیگ
ٹیچر
سکول کا کیلنڈر
کلاس
پرنسپل
اندراج یا داخلہ

## معلومات کہاں سے ملیں گی

آئرلینڈ کے تعلیمی نظام سے متعلق معلومات مندرجہ ذیل سےحاصل کی جا سکتی ہیں:۔

- شعبہ تعلیم و سائنس جو اپنی ویب سائٹ پر تعلیم سے متعلق معلومات کو شائع کرتا ہے۔ بعض مواد خاص طور پر والدین کے لئے شائع کیا جاتا ہےجس میں نئے آنے والے والدین بھی شامل ہیں، یہ مواد 6 زبانوں میں شائع کیا جاتا ہے۔ دیکھیں ویب سائٹ www.education.ie
- قومی کونسل برائے نصاب و جائزہ(NCCA) نے پانچ زبانوں میں ڈی وی ڈی معلومات پرائمری سکول کے نصاب پر فراہم کی ہیں جس کا عنوان "کیا، کیوں‌اور کس طرح پرائمری سکول میں بچوں کو تعلیم دینی ہے " ہے ۔ یہ مواد ویڈیو کی شکل میں بھی دستیاب ہے۔کونسل کی ویب سائٹ کا ایڈریس ہے www.ncca.ie اس ویب سائٹ پر آئرلینڈ میں پرائمری تعلیم کےحوالے سے بہت سی معلومات دی گئی ہیں۔
- جیسوٹ رفیوجی سروسJesuit Refugee Serviceنے 8 زبانوں میں معلوماتی کتابچے شائع کیے ہیں جو آئرلینڈ میں پرائمری اور مابعد پرائمری تعلیم کے موضوع پر والدین کو مشورے دیتے ہیں۔مزید معلومات اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں www.jrs.ie۔ اس سروس نے "میعاری " خطوط بھی کئی زبانوں میں شائع کیے ہیں تاکہ سکول کے متعلقہ معاملات پر لوگوں کی مدد کی جائے۔
- قومی تعلیمی بہبود بورڈ نے ایک معلوماتی کتابچہ والدین کے لئے شائع کیا ہے جس کا عنوان" اپنے بچے کو تنہا نہ چھوڑیں" ہے اور اسے دنیا کی 18زبانوں میں شائع کیا گیا ہے۔اسے بورڈ کی ویب سائٹwww.newb.ie سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔
- ادارہ برائے اختلاط و ایجابRIA نے مطلوبہ کتابچے اور معلومات کو 9 زبانوں میں شائع کیا ہےجو پرائمری اور مابعد پرائمری تعلیم کا احاطہ کرتی ہیں۔ ان کی یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریںwww.ria.gov.ie

محکمانہ جات ویب سائٹ میں معلومات کا خلاصہ دیا گیا ہے۔ مہربانی فرما کر نوٹ کریں کہ یہ معلومات اس مواد کے اشاعت کے وقت موجودہ صورت حال کو پیش کرتا ہے۔

## اہم حقائق

قانون یہ کہتا ہے کہ 6سال کی عمر سے ہر بچے کو سکول میں داخل ہونا چاہیے۔
زیادہ تر بچے 4یا 5سال کی عمر میں ستمبر کے مہینے میں سکول جانا شروع کرتے ہیں۔
6سال کی عمر سے 16سال کی عمر تک کے بچوں کو سکول میں تعلیم حاصل کرنی چاہیے ۔)یا جب تک کہ طلباپوسٹ پرائمری تعلیم مکمل نہ کرلیں ، جو بھی بعد میں ہو(۔
باضابطہ تعلیم پرائمری کے درجے ، پوسٹ پرائمری کے درجے ، تیسرے درجے اور مزید تعلیم پر مشتمل ہوتی ہے۔
آئرلینڈ میں ثانوی درجے کے اہم امتحانات جونئیر سرٹیفیکٹ[پندرہ یا سولہ سال کی عمر میں ہوتے ہیں] اور لیونگ سرٹیفیکیٹ[عموماً سترہ یا اٹھارہ سال کی عمر میں لئے جاتے ہیں] کے امتحانات ہوتے ہیں۔
آئرلینڈ میں بچّے مفت پرائمری اور پوسٹ پرائمری تعلیم کے حقدارہوتے ہیں تاوقتیکہ وہ فیس دے کر پڑھنے والے سکول میں داخل نہ ہوں۔

## بچوں کا تحفظ

### کردار کی تصدیق

پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکول کے تمام عملے[تدریسی اور معاون]کے لئے ضروری ہو تا ہے کہ ان کے کردار کی پولیس کے ذریعے تصدیق کرائی جائے۔اس کا مطلب ہے کہ پولیس اس امر کا اطمینان کرے کہ اس شخص نے ایسی کوئی مجرمانہ حرکات نہیں کی ہیں جس کی وجہ سے اسے بچوں کے ساتھ کام کرنے سے روکا جائے۔

### بچوں کے تحفظ کے رہنما اصول

محکمہ ہذا پرائمری اور پوسٹ پرائمری دونوں سکولوں کے لئے رہنما اصول مقرر کرتا ہے تاکہ سکول کی انتظامیہ اور عملہ کو بچوں سے ہونے والی زیادتیوں اور الزامات سے نمٹنے کےلئے مدد فراہم کی جائے۔ ان رہنما اصول میں سب سے زیادہ توجہ بچوں کے تحفظ اور بہبود پر دی گئی ہے۔

## پری سکول

### پری سکول کیا ہوتا ہے؟

پری سکول یا سکول، نرسریاں، پلے گروپسcreches یا پھر ڈے کیئر سنٹرزہوتے ہیں جہاں بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔
جب آئرلینڈ میں پری سکول کا کوئی قومی انتظام نہیں ہوتا تو پرائمری سکول بچوں کی عمر چار سال ہونے پر انھیں رکھتے ہیں۔

### پری سکولوں کو کون چلاتا ہے؟

پری سکول بالعموم کمیونٹی کی جانب سے یا نجی طور پر چلائے جاتے ہیں اور والدین ان کی مالی اعانت کرتے ہیں۔ چند ایک "ابتدائی شروعات" جیسے پروگرام مفت ہوتے ہیں۔

### پری سکول کا مقصد کیا ہے؟

پری سکول کا مقصد آپ کے بچوں کی تعلیم اور اُن کی نشوونما میں مدد دینا ہے۔

### میرا بچہ کتنی دیر کے لئے سکول جاتا ہے؟

پری سکول بالعموم ساڑھے تین گھنٹہ روزانہ کے لئے باضابطہ پروگرام پیش کرتے ہیں مگر آپ اپنے بچے کے لئے مکمل ڈے کیئر کی درخواست بھی دےسکتے ہیں۔ پری سکول سے پری سکول پروگرام کا دورانیہ مختلف ہوتا ہے۔

### میں مقامی پری سکول سروس کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

آپ درج ذیل ویب سائٹ پر اپنے نزدیک پری سکول سروس حاصل کرسکتے ہیں:
ww.hse.ie/eng/Find a Service/Children and Family Services/Pre-school Inspection Service
آپ کو چاہیے کہ آپ اپنی مقامی کمیونٹی سنٹر، سیٹزن معلوماتی مرکز، لائبریری اور پرائمری سکول سے معلومات حاصل کرنی چاہیے۔

### پری سکول سروسز کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

آپ مزید معلومات اس ویب سائٹ سے حاصل کر سکتےہیں
ww.hse.ie/eng/Find a Service/Children and Family Services/Pre-school Inspection Service

# پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکول میں خصوصی تعلیم

## تعلیمی نظام میں بچوں کی خصوصی ضروریات کےلئے کیا انتظامات کیے جاتے ہیں؟

آئرلینڈ میں خصوصی تعلیمی ضروریات رکھنے والے بچوں کو جہاں تک ممکن ہوتا ہے ، ایک خاص ماحول میں پڑھایا جاتا ہے۔محکمہ پرائمری سکول کے لئے مخصوص ضروریات کے حامل بچوں کے لئے اضافی وسائل فراہم کرتا ہے اور سکول اس بات کو فیصلہ کرتا ہے کہ ان وسائل کو کیسے استعمال کرنا ہے۔بعض بچوں کو عام معمول سے ہٹ کر مخصوص ضروریات پوری کرنے کےلئے اور زیادہ وسائل چاہیے ہوتے ہیں جن کی قومی کونسل برائے خصوصی تعلیم کی مشاورت سے منظوری دی جاتی ہے۔ ہر ایک بچے کی انفرادی ضروریا ت کو ایک منفرد تعلیمی بنیاد پر پورا کیا جاتا ہے اور ان سے نمٹا جا تا ہے۔

### وسائل

خصوصی ضروریا ت رکھنے والے بچوں کے لئے وسائل کو بچوں کی انفرادی اور خصوصی ضروریات کی بنیاد پر مختص کیا جاتا ہے۔بعض بچے دوسرے بچوں سے زیادہ معاونت لینا چاہتے ہیں۔اور سکول اور محکمہ کو اس کا دھیان رکھنا ہوتا ہے۔ان وسائل میں تعلیمی معاون اساتذہ اور معاونین شامل ہیں۔

# پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکولوں میں نفسیاتی خدمات

## طلباء کو کیا خدمات فراہم کی جا تی ہیں؟

محکمہ ادارہ برائے قومی نفسیاتی خدمات کو فنڈز مہیا کرتا ہے ۔یہ خدمات پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکولوں دونوں میں فراہم کی جاتی ہیں اور اس کا تعلیم، رویہ، سماجی و جذباتی نشو ونما سے ہوتا ہے۔

### وسائل

ایک نفسیات دان کو بچوں کے ایک گروپ کے لئے مقرر کیا جاتا ہے۔ وہ اساتذہ، والدین اور مخصوص ضروریات رکھنے والے بچوں کے ساتھ اشتراک عمل سے کام کرتے ہیں۔ جہاں ضرورت محسوس ہو وہاں مترجم کی خدمات بھی حاصل کی جاتی ہیں۔

# پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکولوں میں انگریزی زبان نہ بولنے والے بچے

## سب سے پہلے سکول کیا کرے گا

جب ایک ایسا بچہ جو انگریزی زبان نہیں بول سکتا، وہ سکول میں داخل ہوتا ہے تو سکول اس بچے کی زبان کی ضرورتوں کا ایک ابتدائی جائزہ لیتا ہے۔ اس جائزے کے ان نتائج کی مدد سے وہ اس بچے کی معاونت کرنے کا منصوبہ بناتے ہیں جو انھوں نے اپنی انگریزی زبان کی مہارتوں کو اس بچے میں منتقل کرنا ہوتا ہے۔

### وسائل

ان بچوں کو یہ اضافی مدد دینے کے لئے انھیں سکول میں وسائل مہیا کیے جاتے ہیں۔ان میں زبان کے اساتذہ کرام شامل ہوتے ہیں جو بچوں کی انگریزی زبان کی استعداد کو بہتر بنانے کے لئے ان کی مدد کرتے ہیں۔ جبکہ انگریزی ان کے لئے ایک اضافی زبان ہوتی ہے۔

# سکول کے لئے ٹرانسپورٹ

## کیاسکول کے لئے ٹرانسپورٹ مفت ہے

محکمہ ایسے طلباءکومفت ٹرانسپورٹ فراہم کرتا ہے جو اہلیت کے معیا ر پر پورا اترتے ہیں جیسے زیادہ فاصلہ۔ مزید معلومات کے لئے مہربانی کر کے مقامی سکول سے رابطہ کریں۔

# میں اپنے بچے کو سکول میں کیسے داخل کراؤں؟

## میں اپنے بچے کے لئے پرائمری سکول کس طرح تلاش کروں؟

آپ اپنی مرضی کے مقامی سکول میں اپنے بچے کو بھیج سکتے ہیں بشرطیکہ اُن میں کوئی نشست خالی ہو۔ اگرچہ زیادہ تر پرائمری سکول اُن تمام بچوں کو داخلہ دے دیتے ہیں جو ایسی درخواست کریں مگر مقامی سکول میں نشست کی کوئی گارنٹی نہیں ہوتی۔

آپ اپنے بچے کو داخل کرانے سے پہلے اپنے علاقے کے سکولوں کی فہرست ملاحظہ کریں۔

آپ کو یہ معلومات درج ذیل سے دستیاب ہوں گی:۔

- محکمہ تعلیم و سائنس(www.Education.ie)
- اپنے مقامی دفتر معلومات برائے شہریان یا
- قومی تعلیمی بہبود بورڈ (www.newb.ie)

## میں اپنے بچے کے لئے سیکنڈری سکول کیسے تلاش کرسکتا ہوں؟

آپ سابقہ سوال کے جواب میں دی گئی ویب سائٹوں سے سکولوں کی فہرست حاصل کرسکتے ہیں۔

## اپنے بچے کو پرائمری سکول میں داخل کرانے کا طریقہ کار کیا ہے؟

اپنے بچے کو داخل کرانے کا پہلا مرحلہ مقامی سکول کو درخواست دینا ہے۔ آپ کو درخواست لکھنے کے لئے اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ کو اُن کا فیصلہ بالعموم تحریری طور پر ملے گا۔

زیادہ تر سکول آپ کو داخلہ فارم پُر کرنے کو کہیں گے جس میں آپ کو اپنے بچے سے متعلق تمام معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔

## مجھے اپنے بچے کو کب پرائمری سکول میں داخل کرانا چاہیے؟

بچے اپنی چوتھی یا پانچویں سالگرہ کے بعد آنے والے ستمبر میں سکول جانے کا آغاز کرسکتے ہیں اگر مقامی طور پر سکولوں میں نشتیں دستیاب ہوں۔

اگر آپ ستمبر میں بچے کو سکول جانے کا آغاز کرانا چاہتے ہیں تو اپنے بچے کے داخلہ کے لئے زیادہ سے زیادہ مارچ میں رابطہ قائم کریں۔

## اگرمیں مارچ سے قبل آئرلینڈ میں نہ ہوں تو کیا کروں؟

اگر آپ سکول سال کے وسط میں آئیں تو جتنی جلد ممکن ہوسکے ، سکول کو درخواست دیں خصوصاً جب آپ کا بچہ 6سال سے زائد کا ہو۔

## میں اپنے بچے کے لئے پوسٹ پرائمری سکول کیسے تلاش کروں؟

آپ اسی ویب سائٹ پر اپنے بچے کےلئے پرائمری سکول تلاش کر سکتے ہیں ۔ اس کی ویب سائٹ درج ذیل ہے۔ www.education.ie

## اپنے بچے کے پوسٹ پرائمری سکول میں داخلے کے لئے طریق کار کیا ہے؟

پوسٹ پرائمری سکول میں آپ کے بچے کے داخلے کا طریق کار مختلف ہے جس کا انحصار اس امر پر ہے کہ آیا آپ کا بچہ:

- پرائمری سکول کی چھٹی کلا س میں ہے اور مابعد آنے والے ستمبر میں پوسٹ پرائمری سکول میں منتقل ہونے والا ہے یا
- ماضی میں آپ کے بچے نے آئرلینڈ کے سکول میں داخلہ نہیں لیا۔ (آپ حال میں آئرلینڈ میں آئے ہیں)

پہلی صورت میں پرائمری سکولوں کا یہ معمول ہے کہ وہ اپنے علاقے میں پوسٹ پرائمری
سکولوں کے لئے فیڈر/ترسیل کنندہ کردار ادا کریں۔ جب کوئی بچہ پرائمری سکول میں تعلیم
حاصل کررہا ہو تو پوسٹ پرائمری سکول میں اُس کے تبادلے میں کسی بھی قسم کی مشکل
نہیں ہونی چاہیے بشرطیکہ اُس علاقے میں سکول میں نشتیں دستیاب ہوں۔ والدین کو پرائمری
سکول کے پرنسپل سے مشورہ کرنا چاہیے۔

دوسری صورت میں، اسی طرح آپ کو سکول میں درخواست دینی چاہیے جس طرح آپ پرائمری سکول میں درخواست دیتے ہیں یعنی آپ کو اپنے بچے کی نشست کے ضمن میں سکول کو درخواست دینی چاہیے۔

## مجھے اپنے بچے کے متعلق کون سی تفصیلات معلوم ہونی چاہیں؟

آپ کو اپنے بچے کا نام، عمر کے ثبوت، قومیّت، آپ کے رابطہ کی تفصیلات، طبّی صورت حال جیسے دمہ یا شوگر کی صورت حال، سابقہ باضابطہ تعلیم کی تفصیلات، انگریزی زبان کی استعداد کی تفصیلات سمیت مکمل معلومات ہونی چاہیے اور آپ کو یہ بھی ظاہر کرنا چاہیے کہ آیا آپ اپنے بچے کو مذہبی تعلیم کی کلاسوں میں شرکت کروانا چاہتے ہیں۔

### اگر سکول میں بالکل گنجائش نہ ہو، پھر کیا ہوتا ہے؟

یہ دیکھنے کے لئے آیا کوئی نشت ہے، آپ کو اپنی پسندٖ کے سکول سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اگر سکول میں سِرے سے گنجائش نہ ہو تو وہ آپ کے بچے کو داخلہ نہیں دیا جا سکتا۔ سکول آپ کے بَچے کو انتظاری فہرست میں رکھ سکتا ہے یا علاقے میں کوئی دوسرا سکول تجویز کرسکتا ہے۔

### داخلہ پالیسی کیا ہے؟

اگر اُن کے پاس ناٍکافی نشتیں ہوں تو سکول اپنے داخلوں کی پالیسی کے مطابق ترجیح دے گا مثلاً وہ موجودہ شاگردوں /طلبہ کے بھائیوں اور بہنوں یا مقامی علاقے میں رہنے والے بچوں کو ترجیح دے سکتے ہیں۔
اس پالیسی کا فیصلہ سکول کی مجلس منتظمہ کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ اگر آپ اس فیصلے کی نقل لینا چاہتے ہیں تو سکول آپ کو اس کی ایک نقل دے سکتا ہے۔

### کیا پرائمری سکول کا انتخاب کرنے سے دوسرے درجے کی تعلیم پرمضمرات ہوسکتے ہیں۔؟

پرائمری سکول کا انتخاب کرتے وقت آپ کو پوسٹ پرائمری سکول کی داخلہ پالیسیوں سے متعلق معلومات حاصل کرنی چاہئیں۔ بعض پوسٹ پرائمری سکول مخصوص پرائمری سکول کے طلبہ/طالبات کو ترجیح دیتے ہیں۔

## میرے بچے کو کون سی کلاس میں بٹھایا جائے گا؟

پہلی دفعہ سکول کا آغار کرنے والے بچوں کو جونیئر بچوں کے ساتھ بٹھایا جائے گا (پرائمری سکوٍل کے پہلے درجہ میں)۔ اگر آپ کا بچہ قبل ازٍیں کسی سکول میں داخل رہا ہو مثلاً دوسرے ملک میں تو سکول اُس کی عمر اور اُس کے سابقہ تعلیم کو ملحوظ رکھے گا۔
اس صورت میں، پرنسپل آپ اور استاد کے مشورہ سے کلاس کا فیصلہ کرے گا۔

### اگر سکول میرے بچّے کو قبول کرنے سے انکار کردے تومیں کیا کرسکتا ہوں؟

اگر کوئی سکول طالب علم کو داخلہ دینے سے انکار کردے تو آپ کو فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق ہے۔ آپ کو سب سے پہلے سکول کی مجلس منتظمہ کے روبرو اپیل کرنی چاہیے۔
اس کی ایک سادی سی وجہ ہوسکتی ہے کہ سکول میں بالکل گنجائش نہیں۔ وہ آ پ کو بتائیں گے کہ کوئی دوسرا سکول کہاں تلاش کیا جاسکتا ہے یا آپ کے بچے کو انتظاری فہرست میں رکھ لیں گے۔
اگر اس میں کامیابی نہ ہو تو آپ محکمہ تعلیم و سائنس میں تعلیمی ایکٹ 1998 کی سیکشن29 کے تحت اپیل کرسکتے ہیں۔ آپ اپیل فارم پُر کرکے ایسا کرسکتے ہیں جو درخواست پر سکول (یا وی ای سی) سے دستیاب ہوسکتا ہے یا محکمہ تعلیم و سائنس کی ویب سائٹ www.education.gov.ieسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے؟
درج ذیل پتہ پر محکمہ تعلیم و سائنس سے رابطہ کرکے اپیل کے عمل کے بارے میں آپ مشورہ حاصل کرسکتے ہیں۔

Section 29
Appeals Administration Unit
C/O Department of Education & Science
Cornamaddy
Co. Westmeath
Phone: (0906) 483600
Email: info@education.ie

مزید معلومات قومی تعلیمی بہبود بورڈ کی ویب سائٹ www.newb.ie سے حاصل کر سکتے ہیں۔

### اگر میں حا ل ہی میں آئر لینڈ میں منتقل ہوا ہوں تو کیا میرا بچہ مفت تعلیم حاصل کرسکتا ہے؟

جی ہاں، جو بچّے آئر لینڈ میں نئے ہوں (بعض اوقات نووارد کہلاتے ہیں) خواہ وہ پناہ کے متلاشی ہو، مہاجرین ہوں یا تارکین وطن کارکنوں کے بچے ہوں، انھیں تعلیم کا ویسا ہی حق ہے جیسا کہ آئرلینڈ کے دیگر بچوں کو لہذا انھیں 6اور 16سال کے عمر کے درمیان سکول جانا چاہیے۔

## سکول اور اس کی حاضری میں اپنے بچے کی مدد کرنا

## اپنے بچے کی مدد کرنا

### آئرلینڈ میں اپنے بچے کی تعلیم کے لئے والدین کا کیا کردار ہوتا ہے؟

آئرلینڈ کا آئین یہ بتاتا ہے کہ والدین (یا سرپرست) بچّے کے ابتدائی معلم ہوتے ہیں۔ سکول میں آپ کے بچّے کی نشوونما کے لئے گھر کی مدد نہایت اہم ہے۔

### میں اپنے بچے کی کیسے مدد کر سکتا ہوں؟

اپنے بچے کی مدد کرنے کے لئے آپ:-----

- بچہ جو کچھ سکول میں کر رہا ہے، اس میں اپنی دل چسپی کا اظہار کریں
- اپنے بچے کی پیش رفت کے لئے سکول سے مشورہ کریں
- والدین/اساتذہ کی میٹنگ میں شریک ہوں
- اگر آپ کو کوئی اندیشہ ہے تو کلا س ٹیچر سے بات کریں
- ہر ایک موقعہ پر اپنے بچے کی کوششوں کی تعریف کریں۔

آپ کی حوصلہ افزائی بہت معانی رکھتی ہے اور آپ کے بچے کو تحریک دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

### والدین / اساتذہ کی میٹنگ کیا ہوتی ہے؟

والدین/اساتذہ کی میٹنگ ایک ایسی میٹنگ ہوتی ہے جس میں آپ ٹیچر کے ساتھ اپنے بچے کی سکول میں ہونے والی پیش رفت کے بارے میں بات چیت کر تے ہیں۔
والدین کی بچے کے سکول میں دل چسپی لینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
تعلیمی ایکٹ 1998ء سکولوں کے لئے انتظامی بورڈز قائم کرنے کا حق دیتا ہے تاکہ سکول کی انتظامیہ میں شرکت کا جذبہ پیدا ہو۔ والدین کی انتظامی بورڈ میں شامل ہونے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
بچوں کے سکول میں والدین کا کردار پر مزید معلومات درج ذیل سے حاصل کی جاسکتی ہیں:-
والدین کی قومی کونسل برائے پرائمری سکول[این پی سی]۔ کونسل نے کئی زبانوں میں اپنی ویب سائٹس پر معلومات دی ہیں۔ www.npc.ie
والدین کی قومی کونسل برائے پوسٹ پرائمری سکول۔ اس کونسل کی ویب سائٹ کا ایڈریس درج ذیل ہے۔ www.npcpp.ie

## حاضری

### حاضری کے سلسلے میں میرا کیا کردار ہے ؟

بطور والدین آپ کواس امر کو یقینی بنانا ہوگا کہ آپ کا بچہ ہرروز سکول جاتا ہے ۔ بچہ اگر تندرست نہیں ہے یا بیمار وغیرہ ہے تو اسے سکول نہیں جانا چاہیے ۔
اگر آپ کا بچہ سکول نہیں جاسکتا تو آپ کو ایک درخواست کے ذریعے سکول کو بتانا ہوگا کہ وہ کیوں سکول حاضر نہیں ہوسکتا۔

### کیا میں کلاسز کے دوران اپنے بچے کو چھٹیاں کراسکتا ہوں ؟

کلاسز کے دوران اپنے بچے کو چھٹیاں کرانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنی پڑھائی سے متعلق اہم چیزیں نہیں پڑھ سکے گا ۔ بعد میں اس کے لئے چیزوں کو سمجھنا مشکل ہوجائے گا ۔ نتیجتاً بچہ پڑھائی میں پیچھے رہ سکتا ہے اور وہ اپنی صلاحیتوں کے سلسلے میں اعتماد کھوسکتا ہے ۔

### اگر میرا بچہ سکول سے بہت زیادہ چھٹیاں کرتا ہے تو سکول کیا کرے گا؟

اگر سکول کے سال کے دوران بچّہ 20دن یا اس سے زائد غیر حاضر رہے یا وہ (سکول) فکر مند ہو کہ آپ کا بچّہ سکول سے بہت زیادہ غیر حاضر رہتا ہے تو سکول کو ایجوکیشنل ویلفیئر بورڈ کو مطلع کرنا چاہیے۔
مزید معلومات بورڈ کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں اور اس کا کئی زبانوں میں ترجمہ بھی موجود ہے۔ www.newb.ie

# پرائمری سکول

## کون سے مختلف پرائمری سکول ہیں؟

پرائمری سکولوں کے تین مختلف زمرے ہیں: ریاست (حکومت) کے سرمائے سے چلنے والے سکول؛خصوصی سکول اور پرائیویٹ پرائمری سکول۔
حالیہ سالوں میں سکول کی قسم کا انتخاب اور تنوع میں زیادہ پھیلاو آ یا ہے۔ کئی مذہبی اور فرقہ ورانہ پرائمری سکولوں میں اضافہ کیا گیا ہے تاکہ والدین درج ذیل سے انتخاب کر سکیں:۔

- فرقہ وارانہ یا مذہبی سکول [جیسے کیتھولک، چرچ آف آئرلینڈ یا مسلم سکول]
- غیر فرقہ وارانہ یا غیر مذہبی سکول
- کثیر فرقہ وارانہ یا مختلف مذاہب کے سکول اور
- گیلسکوائلیناGaelscoileanna سکول جن کا ذریعہ تعلیم آرش ہے۔

## کیا لڑکے اور لڑکیاں ایک ہی سکول میں جاسکتے ہیں؟

ایک ہی صنف کے سکول لڑکوں اور لڑکیوں کو علیحدہ علیحدہ تعلیم دیتے ہیں۔ مخلوط تعلیم والے سکول لڑکوں اور لڑکیوں کو اکٹھے تعلیم دیتے ہیں۔
چند ایک سکولوں میں لڑکیاں اور لڑکے ابتدائی طور پر اکٹھے پڑھتے ہیں۔ عام طور پر یہ شیر خوار بچے ہوتے ہیں جو بڑے ہو کر علیحدہ ہو جاتے ہیں۔

## سکول کون چلاتا ہے؟

پرنسپل ٹیچر (جو ہیڈ ٹیچر ہے) سکول چلانے کا ذمہ دار ہے۔ پرنسپل، سرپرست/متوّلی (وہ شخص یا گروہ جو سکول کے مالک کی نمائندگی کرتا ہے) اور سکول کی مجلس منتظمہ کو جواب دہ ہوتا ہے۔
پرنسپل مرد بھی ہوسکتا ہے اور خاتون بھی۔

## میرے بچے کو کون پڑھائے گا؟

ہر کلاس میں ایک استاد ہوتا ہے بعض چھوٹے سکولوں میں ایک استاد کے پاس ایک سے زائد کلاسیں ہوتی ہیں۔ کلاس کا استاد اپنے کلاس کو ہرایک مضمون پڑھاتا ہے۔
سکول میں دیگر اساتذہ بھی ہوسکتے ہیں جو کلاس کے استاد کی مدد کرتے ہیں۔
مثال کے طور پر انگریزی سیکھنے کے لئے آپ کے بچّے کے لئے لسانیات میں مدد دینے والا استاد ہوسکتا ہے یا ایسی چیزوں کی تدریس کے لئے جن کو سیکھنے میں مشکل ہو، سکھانے میں مدد دینے والا استاد ہوسکتا ہے۔
مہربانی فرما کر دیکھیں"پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکولوں میں خصوصی تعلیم" اور پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکولوں میں انگریزی نہ بولنے والے بچے"۔

## کیا تمام سکول میں ایک ہی طرح کے قواعد ہیں؟

نہیں، ہر ایک سکول کی زندگی کے مختلف پہلووں بشمول داخلہ و اندراج، یونیفارم، صحت مندانہ خوراک، ضوابط اخلاق اور روّیے کی پالیسیوں کے ضمن میں قواعد کا ایک مجموعہ ہوتا ہے۔
جب آپ اپنے بچّے کو داخل کرائیں گے تو آپ سے ایک فارم پر د ستخط کرنے کے لئے کہا جائے گا کہ آپ ان پالیسیوں سے اتفاق کرتے ہیں۔

# پرائمری سکول کیا ہوتا ہے؟

## پرائمری سکول کی مدت کیا ہے؟

پرائمری یا پہلے درجے کی تعلیم 8 سال کے دور پر مشتمل ہے۔ دو سال کی تعلیم کا طفلی دور، مابعد پہلی سے چھٹی کلاس تک کا دور ہوتا ہے۔ ہر سکول سال (تعلیمی سال) کے اختتام پر بچّے اگلی کلاس میں چلے جاتے ہیں۔ [جون میں]

## پرائمری سکول میں میرا بچّہ کیا سیکھے گا؟

پرائمری سکولوں میں پڑھایا جانے والا نصاب آپ کے بچّے کو حصول علم کی ایسی محبت پیدا کردے گا جو تمام عمر جاری رہے گی۔ سکول کا مطلب ہے خوشگوار اور خوش طبعانہ تجربہ، خواندگی، اعدادشماری اور زبان (پڑھنا، لکھنا، ریاضی اور انگریزی) اہم ترین ہیں۔
بچّے سائنس و ٹیکنالوجی، سماجی، شخصی اور صحت سے متعلق تعلیم سے متعلق سیکھیں گے۔ یہ تعلیم، ان کی سماجی مہارتوں دوسرے لوگوں کے ساتھ کس طرح ملنا جلنا ہے، کی نشوونما کرنے میں بھی مدد کرتی ہے۔ نصاب اس طرح ترتیب دیا جاتا ہے کہ بچّے کی ہر پہلو سے نشوونما ہوسکے۔

## میرے بچے کے سیکھنے کے عمل کا جائزہ کس طرح لیا جاتا ہے ؟

جائزے کا مطلب ٹیسٹ یا کسی دوسرے طریقے سے اس بات کو چیک کرنا ہوتا ہے کہ بچے نے کیاسیکھا ہے اور وہ کیا جانتا ہے ؟۔اس طرح استاد جان سکتا ہے کہ بچہ کیساچل رہا ہے اور کسی خاص مضمون میں اس کے سیکھنے کی کیا رفتا رہے ۔
شروع کے سالوں میں باضابطہ طورپر جائزہ نہیں لیا جاتا اوریہ کام والدین اوراستاد بچے پر مسلسل نظر رکھ کر کرلیتے تھے ۔
پرائمری سکول میں استاد آپ کے بچے کے سیکھنے کے عمل کو جانچنے کے لئے کئی مختلف طریقے استعمال کرتا ہے ۔ ان طریقوں میں ٹیسٹ ، ٹاسک ، پراجیکٹ ورک اور پورٹ فولیوز شامل ہیں۔

## معیاری ٹیسٹس کیا ہوتے ہیں؟

معیاری ٹیسٹس یہ دیکھنے کے لئے بروئے کار لائے جاتے ہیں کہ بچّے ملک میں ایک ہی عمر یا ایک ہی درجہ تعلیم کے دیگر بچوں کے مقابلے میں کس طرح پیش رفت کررہے ہیں۔ یہ والدین کی ان کے بچوں کی پیش رفت جانچنے میں مدد کرتے ہیں اور سکول کو ان بچّوں کی نشاندہی کرنے میں مدد کرتے ہیں جنھیں مزید اعانت کی ضرورت ہے۔
تمام بچے پہلی کلاس کے اختتام پر یا دوسری کلاس کے آغاز پر اور چوتھی کلاس کے اختتام پر یا پانچویں کلاس کے آغاز پر انگریزی خواندگی /پڑھائی اور ریاضی کے ٹیسٹ دیتے ہیں۔

## معیاری ٹیسٹنگ کےبارے میں مزیرمعلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

قومی کونسل برائے نصاب و جائزہ (این سی سی اے) نے سکول میں معیاری ٹیسٹنگ کی تشریح کے ضمن میں والدین کے لئے دو کتابچے شائع کیے ہیں، آپ درج ذیل پر یہ کتابچے حاصل کرسکتے ہیں:۔ www.neca.ie

## میں‌پرائمری سکول کے نصاب سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

قومی کونسل برائے نصاب و جائزہ نے ایک ویڈیو بھی جاری کی جو پرائمری سکول میں بچّوں کی تدریس کیا، کیوں اور کیسے ہو، کہلاتی ہے، آپ یہ ویڈیو درج ذیل سے ڈاون لوڈ کرسکتے ہیں:۔ www.neca.ie یہ ویب سائٹ آئرلینڈ میں پرائمری تعلیم کے موضوع پر والدین کو کافی معلومات فراہم کرتی ہے۔

# پوسٹ پرائمری سکول

## مختلف قسم کے سکول کون کون سے ہیں؟

پوسٹ پرائمری (جو سیکنڈری یا دوسرے درجہ کے سکول بھی کہلاتے ہیں) سیکنڈری، ووکیشنل، کمیونٹی اور کمپری ہینسو سکولوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔زیادہ تر سیکنڈری سکول مذہبی ہیں اور ان کی اکثریت کیتھولک ہے جبکہ ووکیشنل اور کمپری ہینسو سکول کثیر مذہبی نہیں ہیں۔
تمام پوسٹ پرائمری سکولوں میں ایک ہی نصاب پڑھایا جاتا ہے۔مضامین کے انتخاب ہر ایک سکول میں مختلف طور پر دستیاب ہے۔

## کیا لڑکےاو رلڑکیاں ایک ہی سکول میں جاتے ہیں؟

یک صنفی سکول لڑکے اور لڑکیوں کو علیحدہ علیحدہ تعلیم دیتے ہیں۔ مخلوط تعلیم کے سکول لڑکے اور لڑکیوں کو اکٹھے تعلیم دیتے ہیں۔ مذہبی سکول بالعموم ایک صنفی سکول ہوتے ہیں۔

## سکول کون چلاتا ہے؟

پرنسپل ٹیچر/(جو ہیڈ ٹیچر) وہ سکول چلانے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ پرنسپل، سرپرست/متوّلی (وہ شخص یا گروہ جو سکول کے مالک کی نمائندگی کرتا ہے)اور سکول کی مجلس منتظمہ کو جواب دہ ہوتا ہے۔
پرنسپل مرد بھی ہوسکتا ہے اور خاتون بھی۔

## میرے بچّے کو کون پڑھائے گا؟

ہرمضمون کے لئے ایک ماہر ٹیچر ہوتا ہے۔ سکول میں ایک ٹیچر ایک سے زائد مضامین پڑھاتا ہے، کیریئر گائیڈنس ٹیچرز سمیت دیگر ریسورس ٹیچرز بھی ہوتے ہیں۔
کیریئر گائیڈنس ٹیچرز سے متعلق مزید معلومات کے لئے دیکھیں www.ncge.ie
مہربانی فرما کر یہ بھی دیکھیں" پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکولوں میں خصوصی تعلیم"

## کیا تمام سکولوں کے ایک جیسے قواعد ہوتے ہیں؟

نہیں، زندگی کے تمام پہلوؤں بشمول داخلہ و اندراج، یونیفارم، صحت مندانہ خوراک ،پالیسیوں، ضوابط اخلاق و رویّہ پالیسیوں کے بارے میں ہرایک سکول کا اپنا ایک مجموعہ قوانین ہوتا ہے۔
آپ سے اپنے بچّے کو داخل کراتے وقت ان پالیسیوں سے اتفاق کرنے کے لئے دستخط کرنے کو کہا جائے گا۔

## پوسٹ پرائمری تعلیم کس طرح ترتیب دی جاتی ہے؟

سیکنڈری یا پوسٹ پرائمری تعلیم دو درجوں پر مشتملہ ہوتی ہے۔
ایک – تین سالہ جونئیر درجہ
ایک – دو یا تین سالہ سینئر درجہ
سنیئر سائیکل کے دورانیہ کا دارومداراس امر پر ہوتا ہے کہ آیا ایک طالب علم عبوری سال کا پروگرام مکمل کرتا ہے یا نہیں کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے مہربانی فرما کر نیچے "عبوری سال" دیکھیں۔

# جونیئر درجه

## جونیئر درجه کیا ہے؟

جونیئر درجه، پوسٹ پرائمری تعلیم کا پہلا درجه ہوتا ہے۔ طلبه/طالبات جونیئر درجه کا 21/31سال کی عمر میں آغار کرتے ہیں اور 15/16سال کی عمر میں اسے مکمل کرتے ہیں۔ یه تین سال پر مشتمل ہوت ہے (پہلا، دوسرا اور تیسرا سال(

## طلباء کون سے مضامین پڑھتے ہیں؟

جونیئر سیکشن میں ممکنه طور پر 20 مضامین ہوتے ہیں لیکن عام طور پر زیاده تر مضامین درج ذیل ہوتے ہیں:۔

انگریزی

ریاضی

آئرش

سائنس

جغرافیه

تاریخ

فرنچ

بزنس سٹڈیز

آرٹ

ہوم اکنامکس اور

سول، سوشل اور سیاسی تعلیم

## کیا جونیئر درجه میں کوئی امتحانات ہیں؟

جی ہاں، اپ کے بچے کا جائزہ لینے کے حصسے کے طور پر جونیئردرجه کے دوران امتحان ہوتا ہے ۔عام طورپر یه دسمبر اور مئی کے مہینے میں ہوتے ہیں۔ پراجیکٹ، ہوم ورک بھی ساراسال ہوتے ہیں۔
جونیئر درجه کے اختتام پر پہلا سٹیٹ امتحان ہوتا ہے جو جونیئر سرٹیفیکیٹ کہلاتا ہے۔ زیاده تر طلباء جونیئر سرٹیفیکیٹ کے امتحان میں اندازاً سات سے آٹھ مضامین رکھتے ہیں۔

## کیا میرا بچه جونیئر درجه کے دوران سکول تبدیل کرسکتا ہے؟

نہیں، تمام سکول ایک جیسے مضامین پڑھاتے ہیں لہٰذا سکول تبدیل کرنا اُس وقت تک قرین مصلحت نہیں جب تک بچّه جونیئر درجه مکمل نه کرلے۔

# عبوری سا ل

## عبوری سا ل کیا ہوتا ہے؟

عبوری سال وه ہوتا ہے جس میں طلباء جونیئر اور سینئر درجه کے درمیان کچھ کرسکتے ہیں۔ یه ایک اختیاری سال ہوتا ہے جس میں تعلیمی تدریس کی نسبت شخصی نشوونما پر زیاده توجه مرکوز کی جاتی ہے۔
بعض سکولوں میں یه سال اختیاری ہوتا ہے اور بعض میں لازمی ۔ سکول اس سلسلے میں آپ کی رہنمائی کرے گا۔

## عبوری سا ل کے دوران طلباء کیا کرتے ہیں؟

طلباء پراجیکٹس کرتے ہیں اور زندگی کی مہارتیں سیکھتے ہیں۔ بہت سے طلباء چند ہفتوں کے لئے عملی تجربه حاصل کرتے ہیں جو انھیں یه فیصله کرنے میں مدد دیتا ہے که سکول کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد انھوں نے کیا کرنا ہے۔
اس پیش کرده پروگرام میں عمومی طور پر تھوڑی سی ورائٹی ہوتی ہے۔

# سینئر درجه

## سینئر درجه کیا ہوتا ہے؟

سینئر درجه پوسٹ پرٍائمری تعلیم کا دوسرا مرحله ہے۔ طلباء سینئر درجه یا تو جونیئر درجه کے فوراً بعد شروع کرتے ہیں یا ایک عبوری سال کے ایک سال بعد (بالا میں ملاحظه فرمائیں)
یه درجه دو سالوں کاہوتا ہے۔
اس درجے کے دوران طلباء 3پروگراموں میں سے ایک کا انتخاب کرتے ہیں جو دوسرے سٹیٹ امتحان پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔

- لیونگ سرٹیفیکیٹ (مستند)
- لیونگ سرٹیفیکیٹ (فنی)
- لیونگ سرٹیفیکیٹ (اطلاقی)

## لیونگ سرٹیفیکیٹ روایتی کیا ہے؟

لیونگ سرٹیفیکیٹ روایتی وسیع پیمانے پر اختیار کیا جانے والا پروگرام ہے۔ طلباء آئرش سمیت (تاوقتیکه استثنا حاصل نه ہو) اس میں کم ا ز کم 5مضامین لیتے ہیں۔
مزید معلومات کے لئے مہربانی فرما کر یه ویب سائٹ ملاحظه کریں
www.ncca.ie/index.asp?docID=80
لیونگ سرٹیفیکٹ وه اہم بنیاد ہے جس پر مزید اعلیٰ تعلیم کا انحصار ہوتا ہے۔
مہربانی فرما کر دیکھِیں"اعلی تعلیم اور تربیت"۔

## لیونگ سرٹیفیکیٹ فنی کیا ہے؟

یه پروگرام 1994ء میں متعارف کرایا گیا۔ یه لیونگ سرٹیفیکیٹ مستند ہی کی مانند ہے مگر اس میں ایک اضافی ووکیشنل عنصر ہے اور اس میں ٹیکنیکل مضامین پر توجه مرکوز کی جاتی ہے۔
اس آپشن کو اختیار کرنے والے طلباء 5سیونگ سرٹیفیکیٹ مضامین (بشمول 2 فنی) ایک جدید یورپی زبان، اداره جاتی تعلیم پر 3رابطه ماڈیول، کام کے لئے تیاری اور عملی تجربه۔
آپ لیونگ سرٹیفیکیٹ ووکیشنل سے متعلق مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹ سے حاصل کرسکتے ہی:www.slss.ie اور www.ncca.ie/index.asp?docID=80
لیونگ سرٹیفیکیٹ کے نتائج کو اعلی تعلیم کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مہربانی فرما کر ملاحظه کریں"اعلی تعلیم اور تربیت"

### لیونگ سرٹیفکیٹ اطلاقی کیا ہے؟

اس پروگرام کا اہم مقصد طلباء کو بالغ اور کارآمد زندگی کے لئے تیا رکرنا ہوتا ہے۔
یہ پروگرام متعدد ماڈیولز پر مشتمل ہوتا ہے جن 3عمومی عنوانات کے تحت درجہ بندی کی گئی ہے: ۔
عمومی تعلیم
ووکیشنل تعلیم اور
ووکیشنل تیاری۔
آپ لیونگ سرٹیفکیٹ اطلاقی سے متعلق مزید معلومات www.lca.slss.ie/ اور www.ncca.ie/index.asp?docID=80 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

### کیا میرا بچہ لیونگ سرٹیفکیٹ اطلاقی کے نتائج کو تیسرے درجے میں جانے کےلئے استعمال کرسکتا ہے؟

ایل سی اے براہِ راست تیسرے درجے کے کورسز لینے کے لئے منظور شدہ نہیں۔
پروگرام کو کامیَابی سے مکمل کرنے والے طلباء لیونگ سرٹیفکیٹ کورسز لےسکتے ہیں اور اس طرح اپنی تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔
پوسٹ لیونگ سرٹیفکیٹ کورسزکامیابی کے ساتھ مکمل کرنے پر وہ تعلیم کے تھرڈ لیول کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

### سٹیٹ امتحانات میں شرکت کے لئے کیا کوئی فیس ہے؟

جی ہاں، سٹیٹ کمیشن برائے امتحانات جونیئر سرٹیفکیٹ اور لیونگ سرٹیفکیٹ امتحانات میں شرکت کرنے والے طلباء کی فیس کی شرح کا تعین کرتا ہے۔
جو امیدوار موجودہ میڈیکل کارڈ کے حامل ہوں (شعبہ صحت میں میڈیکل کارڈز ملاحظہ کریں) یا جو والدین یا سرپرست کے زیرکفالت ہوں، اور موجودہ میڈیکل کارڈ کے حامل ہوں، وہ امتحان کی فیسیں ادا کرنے سے مستثنیٰ ہیں۔ ایسے درخواست گزار جو اس بنیاد پر فیسوں کے استثناء کا دعویٰ کریں، انھیں کمیشن کو میڈیکل کارڈ کی تفصیلات فراہم کرنی چاہئیں۔
آپ درج ذیل ویب سائٹ www.examniations.ie موجودہ فیس کےبارے میں معلومات دیکھ سکتے ہیں۔

# مجھے دیگر کون سی معلومات جاننے کی ضرورت ہے ؟

## سکول کا سال

### سکول کے سال کا ڈھانچہ کیا ہوتا ہے ؟

ایک پرائمری سکول میں تین ٹرمز ہوتی ہیں ۔ پہلی ٹرم ستمبرکے آغاز سے وسط دسمبر( کرسمس) تک ہوتی ہے ۔
دوسری ٹرم جنوری سے مارچ یا اپریل ( ایسٹر) تک ہوتی ہے۔
تیسری ٹرم ایسٹر کے بعد شروع ہوکر جون کے اختتام پر مکمل ہوتی ہے ۔
ایک پوسٹ پرائمری سکول کی بھی3 ٹرمزہوتی ہیں ۔پہلی 2 ٹرمزپرائمری سکول کی طرح ہوتی ہیں جبکہ تیسری ٹرم مئی کے اختتام پر مکمل ہوتی ہے ۔سٹیٹ امتحانات کے تحریری حصوں کا امتحان جون میں ہوتا ہے۔ امتحانات کے لئے نظام الاوقات ادارے کی اس ویب سائٹ پر شائع کر دیا جاتا ہے۔
www.examinations.ie
ٹرمز کے درمیان میں چند دنوں یا ہفتے کی چھٹیاں بھی ہوتی ہیں جنہیں ہاف ٹرم کہا جاتا ہے ۔

### میرے بچے کے سکول میں چھٹیاں ہونے کے بارے میں مجھے کیسے معلوم ہوگا ؟

سکول میں سال کے آغاز پر( یا جب آپ اپنے بچے کو داخل کراتے ہیں )آپ کو انتظامیہ کی طرف سے ایونٹس کا ایک کیلنڈر دیا جائے گا جس میں سال کے دوران جب سکول بند رہے گا اس کی تمام تفصیل موجود ہوگی ۔ سال کے دوران مزید چھٹیاں آنے پر آپ کو مطلع کیاجائے گا۔

## سکول کا دن

### سکول کتنے وقت کے لئے ہوتا ہے ؟

پرائمری سکول میں آپ کے بچے کی عمر کے لحاظ سے پانچ سے چھ گھنٹے کا وقت ہوتا ہے۔چھوٹے اور کلاس اول کے بچے پرائمری سکول کے دیگر بچوں سے ایک گھنٹہ قبل چھٹی کر جاتے ہیں۔
سکول کا وقت سکینڈری سکول میں نسبتاً طویل ہوتا ہے ۔ آپ کو سکول کے وقت کے بارے میں تفصیلات کے لئے انتظامیہ سے پوچھنا پڑے گا کیونکہ یہ وقت مختلف سکولوں میں مختلف ہوتا ہے ۔
سکول پیر سے جمعہ تک کھلے ہوتے ہیں ۔

### کلاس کس وقت شروع ہوتی ہے ؟

کلاسز صبح ساڑھے آٹھ بجے یا ساڑھے نوبجے شروع ہوتی ہیں جس کا انحصار سکول کی انتظامیہ پر ہوتا ہے ۔ آپ کے بچے کا بروقت سکول پہنچنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ اس لئے آپ سکول انتظامیہ سے کلاسز شروع ہونے کا وقت ضرور پوچھیں ۔

### میرے بچے کو کتنی مرتبہ بریک ملتی ہے ؟

دن کے دوران2مرتبہ بریک ہوتی ہے ۔ ایک بریک صبح (دن گیارہ بجے کے قریب)ہوتی ہے اور ایک بریک لنچ ( ساڑھے بارہ بجے کے قریب ) ہوتی ہے۔

## ہوم ورک

### کیا میرے بچے کو پرائمری سکول میں ہوم ورک کرنا پڑے گا ؟

سکول ہوم ورک کے سلسلے میں اپنی اپنی حکمت عملی اختیار کرتے ہیں ۔مثال کے طور پر کچھ سکولوں میں پہلی سے چھٹی کلاس کے بچوں کو ہرہفتے کے اختتام پر ہوم ورک دیا جاتا ہے ۔دیگر سکول چھوٹی کلاسز کو بہت تھوڑا سا پڑھنے کا کام اور میتھ سے متعلق ہوم ورک دیتے ہیں ۔
سکول بچوں کو یہ رہنمائی فراہم کرتے ہیں کہ وہ اپنا سکول کا کام کتنے وقت میں ختم کریں۔

### کیا میرے بچے کو سکینڈری سکول میں ہوم ورک کرنا پڑے گا ؟

جی ہاں ۔ سکینڈری سکول میں طلباءکو پرائمری سکول کی نسبت زیادہ ہوم ورک دیا جاتا ہے ۔ اس کے علاوہ انہیں امتحانات کے لئے بھی پڑھنا پڑے گا ۔سکینڈری سکول میں ہوم ورک پرعموماً ایک طالبعلم کے 2سے3 گھنٹے لگتے ہیں

### میں ہوم ورک کے لئے اپنے بچے کی کس طرح مدد کرسکتا ہوں ؟

اگر آپ کے بچے کو ہوم ورک ملتا ہے تو آپ کو اُسے ہوم ورک کے لئے دیگر سرگرمیوں سے فراغت دینی چاہیے اور اس کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔اگراُسےآپ کی مدد کی ضرورت ہو تو وہ بھی ضرور کریں ۔ وقت نکال کر اپنے بچے سے بات کریں کہ وہ روزانہ سکول میں کیا کرتا ہے ۔
ایک خاص وقت مقرر کریں جب آپ کا بچہ سکون سے پڑھائی کی میز پر بیٹھے اور اس دوران ٹی وی یاکسی قسم کی کوئی اور آواز اُس تک نہیں جانی چاہیے ۔
ہوم ورک کے اوقات میں زبانی اور لکھنے پڑھنے دونوں کاموں کا وقت شامل ہونا چاہیے ۔زبانی کام ( بول کر پڑھنا ،یادکرنا اور اسے دہرانا )خصوصاً ابتدائی سالوں میں مددگار ثابت ہوتا ہے ۔
کتابیں اور کاپیاں صاف ستھری رکھنے کے معاملے پر اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کیجئیے ۔ اگر آپ کا بچہ خود ہی کام کررہا ہے تو اسے اپنی مدد کی پیشکش کیجئے اور اس کے کام میں دلچسپی ظاہر کیجئے ۔
جب بھی موقع ملے اپنے بچے کی تعریف کریں اور اس کے ساتھ تحمل کے ساتھ پیش آئیں ۔

### اگر میرے بچے کو ہوم ورک میں مسائل درپیش ہوں تو کیا کرنا چاہیے ؟

اگر آپ کے بچے کوہوم ورک کے سلسلے میں مسائل درپیش ہوں تو اِس معاملے میں بچے کے استاد کے ساتھ بات کیجئے ۔اگرآپ کا بچہ کسی بھی وجہ سے ہوم ورک نہیں کرسکتا تو یہ بات اس کے استا دکے علم میں لائیے ۔ایک مختصر نوٹ کے ذریعے واضح کیجئے کہ ایسا کیوں ہے ۔

### اگرمیرے بچے کو سکول میں کوئی مسئلہ ہوتو مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

پہلے آپ کو اپنے بچے سے بات کرنی چاہیے ۔مسئلہ اُس کی پڑھائی سے متعلق ، ذاتی نوعیت کا یا پھر سماجی نوعیت کا ہوسکتا ہے ۔ اگرآپ یہ مسئلہ گھر پر حل نہیں کرسکتے تو اس ضمن میں آپ بچے کے استاد کے ساتھ بات کرنے کے لئے اس سے وقت لیجئے ۔اگر اس سے بھی مسئلہ حل نہ ہوتو آپ پرنسپل سے بات کرنے کے لئے وقت لیجئے ۔

اگرآپ کا بچہ سکینڈری سکول میں ہے اور اُسے کوئی مسئلہ درپیش ہے تو پھر بھی متعلقہ استاد اور پرنسپل سے بات کیجئے۔

### زیرنگرانی پڑھائی کیا ہوتی ہے ؟

بعض سکول کچھ فیس کے بدلے سکینڈری سکول کے طلباءکو اپنی نگرانی میں پڑھانے کی پیشکش کرتے ہیں۔

سکول کے بعد یہ ایک طے شدہ پڑھائی کا وقت ہوتا ہے جب طلباءاپنا ہوم ورک کرسکتے ہیں ۔ طلباءکی نگرانی ایک مستند ٹیچر یا کوئی اور پڑھا لکھا ذمہ دار شخص کرتا ہے ۔ اپنے بچے کی سکول انتظامیہ سے پوچھئے کہ کیاوہ سکول ٹائم کے بعد اپنی نگرانی میں پڑھائی کراتے ہیں ۔

## سکولوں کے قواعد اور پالیسیاں

### سکولوں کے قواعد اور پالیسیوں سے کیا مراد ہے ؟

جیسا کہ پہلے واضح کیا گیا ہے کہ تمام سکولوں کے اپنے قواعد اور پالیسیاں ہوتی ہیںجن میں درج ذیل شعبے شامل ہیں: ۔

- اندراج یا داخلہ
- یونیفارم
- صحت مندانہ غذا
- ضابطہ اخلاق اور رویہ
- لڑائی جھگڑا

## اندارج یا داخلہ پالیسی

### اندارج یا داخلہ پالیسی کیا ہوتی ہے ؟

داخلہ پالیسی میں بچے کے سکول میں داخل ہونے سے متعلق قواعد وِ ضوابط ہوتے ہیں۔ وہ سکول جو تمام بچوں کو داخلہ نہیں دے سکتے ، ان کی عموماً ایک داخلہ پالیسی ہوتی ہے۔ یہ پالیسی سکول کا بورڈ آف گورنرز تیار کرتا ہے۔ اس پالیسی کو شمالی آئرلینڈ کے ایکٹ برائے مساوی مرتبہ کے مطابق ہونا چاہیے جس کے مطابق آپ کے بچے کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جاسکتا ۔

## یونیفارم

### یونیفارم پالیسی کیا ہے ؟

شمالی آئرلینڈ میں اکثر سکولوںکی ایک یونیفارم پالیسی ہوتی ہے ۔اس کا مطلب ہے کہ تمام طلباءکو سکول میں لازماً ایک یونیفارم پہننا پڑتا ہے ۔سکول انتظامیہ آپ کو تفصیلات فراہم کرے گی کہ آپ کے بچے کو کیا پہننا ہوگا ۔

### اگر ثقافتی وجوہات کی بنا پر میں چاہتا ہوں کہ میرا بچہ یونیفارم نہ پہنے تو کیا ہوگا ؟

اگرآپ کو ثقافتی وجوہات کی بنا پر اپنے بچے کو یونیفارم پہنانے میں کوئی مسئلہ ہے تو آپ کو اس بارے میں پرنسپل کے ساتھ بات کرنی چاہیے ۔

## صحت مندانہ غذا

### صحت مندانہ غذا کی پالیسی کیا ہے ؟

بیشتر سکولوں کی صحت مندانہ غذا سے متعلق ایک پالیسی ہوتی ہے ۔ سکولوں کے پاس کھانے کی چیزوں کی ایک فہرست ہوتی ہے جس کے مطابق بچوں کو لنچ اوربریک کے دوران کھانے کے لئے صرف وہی چیزیں لانے کی اجازت ہوتی ہے۔ عام طور پر میٹھی چیزیں، ناقص کھانا اور کوکاکولاجیسے مشروبات کی ممانعت ہو تی ہے ۔

## ضابطہ اخلاق اور رویہ

### سکول بچوں کو نظم وضبط میں کیسے لاتے ہیں ؟

بچے جب محنت کرتے ہیں اور اچھے طریقے سے اپنا کام اور ہوم ورک کرتے ہیں تو اساتذہ اُن کی تعریف کرتے ہیں ۔یہ تعریف بچوں کو اچھے کام کی جانب راغب کرنے میں مدد گار ثابت ہوتی ہے ۔

ہرسکول کا نظم و ضبط کا ایک ضابطہ ہوتاہے اور والدین کو اس کی کاپی فراہم کی جاتی ہے ۔ آپ اس ضابطے کو قبول کرنے کے پابند ہوتے ہیں اور آپ کو یہ بات یقینی بنانا ہوتی ہے کہ آپ کا بچہ اس ضابطے کو سمجھے اور اس پر عمل کرے ۔آپ کو بچے کے داخلے کے وقت اس ضابطے پر دستخط کرنے کے لئے کہا جائے گا ۔اگرآپ کا بچہ قواعد کی مسلسل خلاف ورزی کرے گا تو استاد یا پرنسپل آپ کو اس بات سے آگاہ کریں گے ۔

محکمہ نے معلومات فراہم کی ہیں کہ جھگڑیلو بچوں سے کیسے نمٹا جائے۔ اس میں ناقابل قبول رویے کے بارے میں بھی بتایا گیا ہے۔ مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں:۔

www.education.ie/robots/view.jsp?pcategory=10856&language=EN&ecategory=41358&link001&doc=37559

### اگر میرے بچے کو ڈرایا دھمکایا جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

دوسرے بچوں کے والدین کے ساتھ جھگڑا مت کریں۔ جو کچھ ہورہا ہو اس کے بارے میں کلاس ٹیچر یا پرنسپل سے بات کریں اورمسئلے کو اس طرح حل کرنے کی کوشش کریں ۔

اگرآپ اِسے سکول میں حل نہیں کرسکتے تو آپ تحقیقات کے لئے شعبہ تعلیم و سائنس سے رجوع کرسکتے ہیں۔ آپ محتسب برائے اطفال سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں ۔

اگر میرا بچہ دوسرے بچوں کو ڈراتا دھمکاتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگرآپ کا بچہ دوسرے بچوں کو ڈراتا دھمکاتا ہے ، اس بات کوتسلیم کرنا ضروری ہے اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے ان کی مدد کریں۔ سکولوں کے سب سے بڑے مسائل میں سے ایک مسئلہ یہ بنتا جارہا ہے کہ والدین اس بات کو تسلیم کریں کہ اُن کا بچہ دوسرے بچوں کو ڈرانے دھمکانے میںملوث ہے ۔

### آپ درج ذیل اقدامات بھی کرسکتے ہیں :

- اگر بچے کی زندگی میں تبدیلی کے حوالے سے ایکٍ عارضی ردعمل سامنے آئے تو اس معاملے کو جاننے کی کوشش کیجئے۔ ( مثلاً گھر میں کسی بچے کی پیدائش ، کوئی موت یا دباؤ)۔
- اپنے بچے سے بات کیجئے اور اُسے یہ بات سمجھانے کی کوشش کیجئے کہ دوسرے بچے اس کے بارے میں کیا محسوس کرتے ہیں ۔
- بچے سے بات کرتے ہوئے پرسکون رہیے اور اپنے آپ کو جارحانہ رویے سے بچایئے ۔
- کلاس ٹیچر سے بات کیجئے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ ٹیچر مدد کرنا چاہتا ہے۔ آپ اور آپ کے بچے کے استاد کے خیالات ایک جیسے ہونا بہت ضروری ہے ۔

یہ ضروری ہے کہ آپ اورٹیچر ایک ہی نکتہ نگاہ رکھیں۔ طویل المدت اقدام اٹھانا بھی نہایت بہتر ہے۔ دوسرے بچوں کو ڈرانے دھمکانے والے بچے اکثر اعتماد کی کمی کا شکار ہوتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کی کامیابیوں کا دوسرے بچوں سے مقابلہ نہ کریں۔ جب وہ کسی کی مدد کریں یا کسی کے ساتھ کوئی مہربانی کریں تو اُن کی تعریف کیجئے ۔

# سکول کی کتابیں

## کیا مجھے اپنے بچّے کے لئے سکول کی کتابیں خریدنا ہوں گی؟

جی ہاں، آپ کو اپنے بچّے کے لئے کتابیں خریدنا ہوں گی۔ سکول آپ کو اُن کتابوں کی فہرست مہیّا کرے گا جو آپ کے بچے کو درکار ہوں گی۔

## کیا میں سکول کی کتابوں کی ادائیگی کے لئے امداد حاصل کرسکتا ہوں؟

جی ہاں، سکول کی کتابوں کے اخراجات میں امداد دینے کے لئے گرانٹ اسکیم موجود ہے لیکن ہرایک آدمی اس کا اہل نہیں ہوتا۔ اس اسکیم کا مقصد خاص طور پر غریب گھرانوں کے بچو ں اور ایسے گھرانوں کی مدد کرنا ہے جو مسائل کا شکار ہوں۔
محکمہ تعلیم و سائنس کی جانب سے اس اسکیم کے لئے فنڈ نگ آتی ہیں اور ہر سکول میں اس اسکیم پرسکول کے پرنسپل کی جانب سے عمل درآمد کرایا جاتا ہے۔
اگر آپ کا بچہ یہ گرانٹ وصول کرنے کا مستحق ہے تو آپ کو مزید معلومات کے لئے سکول کے پرنسپل سے بات کرنی چاہیے۔
بعض سکول'' کتابوں کی رینٹل سکیم'' بھی چلاتے ہیں۔فیس کے عوض والدین سکول سے اپنے بیٹوں‌اور بیٹیوں کے لئے کتابیں لاتے ہیں۔ یہ کتابیں خریدنے کی بہ نسبت کم لاگت ہوتی ہیں۔ سکول سے اس کی تفصیل لی جا سکتی ہے۔

# تیسرا درجہ اور مزید تعلیم

## تیسرے درجےکی تعلیم کا کس طرح اہتمام کیا جاتا ہے؟

تیسرے درجے کی تعلیم کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:۔

- مزید تعلیم اور تربیت
- اعلی تعلیم اور تربیت

مفت اعلی اور مزید تعلیم تک رسا ئی کا انحصار معیار کی تعداد پر ہوتاہےجیسےتارک وطن کی حیثیت۔ مہربانی فرماکر اس ادارے کے رسائی آفیسر سے معیار کا معلوم کریں جہاں آپ کا بیٹا یا بیٹی داخلہ لینا چاہتے ہیں۔

# مزید تعلیم

## مزید تعلیم کیا ہے؟

یہ وہ تعلیم اور تربیت ہے جو دوسرے درجے کے بعد دی جاتی ہے مگر تیسرے درجے کے نظام کا حصہ نہیں ہوتی۔
اس قسم کی تعلیم میں تربیتی سکیمیں اور اپرنٹس شپس شامل ہیں۔
قومی تربیت و روزگار اتھارٹی (ایف اے ایس) تربیتی سکیموں کا ایک وسیع سلسلہ چلاتی ہے اور آئر لینڈ میں اپرنٹس شپ تربیت کی ذمہ دار ہے۔ ایف اے ایس کے ضمن میں مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں۔ www.fas.ie
ووکیشنل ایجوکیشن کمیٹیز (وی ای سی ایس) بھی بہت بڑی تعداد میں تسلیم شدہ مزید تعلیم کے کورسز چلاتی ہیں۔ آرش ووکیشنل ایجوکیشن ایسوسی ایشن (www.ivea.ie) یا آپ کی مقامی وی ای سی آپ کو اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرسکتی ہے کہ کون سے کورسز چلائے جارہے ہیں۔
مزید تعلیم کے نجی ادارے بھی یہ کورسز کر رہے ہیں۔
ان کی تصدیق عام طور پر ایف ای ٹی اے سی FETAC کرتا ہے۔

# اعلیٰ تعلیم و تربیت

## اعلیٰ تعلیم کیا ہوتی ہے؟

اعلیٰ تعلیم اُن تمام کورسوں پر مشتمل ہوتی ہےجو یونیورسٹیوں، ٹیکنالوجی کے اداروں اور تعلیم کے کالجوں کی جانب سے چلائے جاتے ہیں جنھیں بنیادی طور پر ریاست کی جانب سے فنڈزفراہم کیے جاتے ہیں۔
پرائیویٹ طور پر چلائے جانے والے کالج بھی ان میں شامل ہیں۔

## میرا بچہ کس طرح اعلیٰ تعلیم حاصل کرسکتا ہے؟

اعلیٰ تعلیم تک رسائی کا انحصار سیکنڈری سکول کے اختتام پرہونےوالے لیونگ سرٹیفیکیٹ امتحانات کے نتائج پرہوتا ہے۔
سنٹرل اپلیکینشز آفس ایک قومی ادارے ہے جو داخلوں کا اہتمام کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے اس کی ویب سائٹ کا ملاحظہ کریں www.cao.ie
ایسے طلباء جنھوں نے پی ایل سی کورس کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا ہے، وہ اپنے پی ایل سی کی بنیاد پر اعلی تعلیم کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔
میں اعلیٰ تعلیم کے سلسلے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟
آپ اعلیٰ تعلیم سے متعلق مزید معلومات اعلیٰ تعلیمی اتھارٹی (www.hea.ie) یا محکمہ تعلیم و سائنس (www.education.ie) سے حاصل کرسکتے ہیں۔

## بالغوں کے لئے زبان کی کلاسیں

میں انگریزی کی کلاسوں کو کہاں سے دریافت کرسکتا ہوں؟
تمام آئرلینڈ میں بالغوں کے لئے انگریزی زبان کی بہت سی کلاسیں ہوتی ہیں۔
کلاسوں کا بندوبست وی ای سیز ، این جی اوز اور پرائیویٹ افراد کی جانب سے کیا جاتا ہے۔
انگریزی کی کلاسوں کے ضمن میں معلومات حاصل کرنے کے لئے آپ اپنے مقامی وی ای سی، اپنی مقامی لائبریری یا شہریوں سے متعلق معلومات کے مرکز یا کمیونٹی مرکز سے رابطہ کرسکتے ہیں۔
مشاورتی کونسل برائے انگلش لینگوئج سکولزACELS انگریزی تعلیم کےنجی سکولوں کی نگرانی کرتی اور انھیں باضابطہ بناتی ہے۔ مزید معلومات www.acels.ie» سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ انگریزی تعلیم کےنجی کالجوں سے متعلق می ریلساMEI Relsa نامی تنظیم بھی معلومات فراہم کرتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے www.mei.ie دیکھیں۔

# مفید رابطے

## محکمہ تعلیم و سائنس

پتہ Marlborough Street
Dublin 1
فون 8896400 (01)
ای میل info@education.gov.ie
ویب سائٹ www.education.ie

## شعبہ سماجی و خاندانی معاملات

پتہ Áras Mhic Dhiarmada
Store Street
Dublin 1
فون 7043000 (01)
ویب سائٹ www.welfare.ie

## بورڈ برائے معلومات شہریان

پتہ 7th Floor
Hume House
Ballsbridge
Dublin 4
فون 1890 777 121
ای میل info@ciboard.ie
ویب سائٹ www.citizensinformationboard.ie

**قومی مرکز برائے تعلیمی رہنمائی [این سی جی ای]**
پتہ 1st Floor
42/43 Prussia St
Dublin 7
فون 8690715/6 (01)
ای میل info@ncge.ie
ویب سائٹ www.ncge.ie

**قومی اتھارٹی برائے تعلیمی قابلیت، آئر لینڈ**
پتہ 5th Floor
Jervis House
Jervis Street
Dublin 1
فون 8871500 (01)
ای میل info@nqai.ie
ویب سائٹ www.nqai.ie

**آئرش قومی ادارہ برائے اساتذہ**
پتہ 35 Parnell Square, Dublin 1
فون 804 7700 (01)
ای میل info@into.ie
ویب سائٹ www.into.ie

**اساتذہ یونین آئرلینڈ**
پتہ 73 Orwell Road,
Rathgar, Dublin 6
فون 492 2588 (01)
ای میل tui@tui.ie
ویب سائٹ www.tui.ie

**انجمن ثانوی اساتذہ آئرلینڈ**
پتہ Thomas McDonagh House,
Winetavern Street, Dublin 8
فون 604 0160 (01)
ای میل info@asti.ie
ویب سائٹ www.asti.ie

**قومی والدین کونسل پرائمری**
پتہ 12 Marlborough Court, Dublin 1
فون 887 4034 (01)
ای میل info@npc.ie
ویب سائٹ www.npc.ie

**قومی والدین کونسل پوسٹ پرائمری**
پتہ Unit 5 Glasnevin Business Centre,
Ballyboggin Road, Dublin 11
فون 830 2740 (01)
ای میل npcpp@eircom.net
ویب سائٹ www.npcpp.ie

**قومی تعلیمی نفسیاتی سروس**
پتہ Frederick Court, 24 –27
North Frederick Street, Dublin 1
فون 889 2700 (01)
ای میل neps@neps.gov.ie
ویب سائٹ www.education.ie

**قومی کونسل برائے خصوصی تعلیم**
پتہ 1–2 Mill Street, Trim, Co. Meath
فون 9486400 (046)
ای میل info@ncse.ie
ویب سائٹ www.ncse.ie

**آئرش انجمن برائے فنی تعلیم**
پتہ McCann House, 99 Marlborough Road,
Donnybrook, Dublin 4
فون 4966033/ 4966248 (01)
ای میل info@ivea.ie
ویب سائٹ www.ivea.ie

**قومی تعلیمی بہبود بورڈ**
پتہ 16– 22 Green Street, Dublin 7
فون 873 8700 (01)
ای میل nfo@newb.ie
ویب سائٹ www.newb.ie

**جیسوٹ ریفیوجی سروس آئرلینڈ**
پتہ Ground Floor, 13 Gardiner Place, Dublin 1
فون 814 8644 (01)
ویب سائٹ www.jrs.ie

**فیٹک FETAC**
پتہ East Point Plaza, East Point Business Park, Dublin 3
فون 865 9500 (01)
ای میل information@fetac.ie
ویب سائٹ www.fetac.ie

**ہیٹک HETAC**
پتہ 26 – 27 Denzille Lane, Dublin 2
فون 631 4567 (01)
ای میل info@hetac.ie
ویب سائٹ www.hetac.ie

**قومی کونسل برائے نصاب و جائزہ**
پتہ 24 Merrion Square, Dublin 2
فون 661 7177 (01)
ای میل info@ncca.ie
ویب سائٹ www.ncca.ie

**کوالی فیکس QualifaX**
پتہ Linkardstown, Tinryland, Carlow
فون 059 914 7022
ای میل awalshe@qualifax.ie
ویب سائٹ www.qualifax.ie

# سکول کے لئے مفید مراسلے

## 1۔ سکول سے غیر حاضر ی سے متعلق ٹیچر کو والدین / سرپرست کی جانب سے مراسلہ

تاریخ

محترم ٹیچر

میرا بچہ مورخہ ...................... کو سکول نہیں آئے گا کیونکہ اسے مندرجہ ذیل کے پاس جاناپڑے گا:۔

جی پی (جنرل پریکٹیشنر)................ ماہر دندان........................ ہیلتھ نرس.....................

دیگر..........................

دستخط..........................(والدین/سرپرست)

## 2۔ سکول سے جلد روانگی یا تاخیر سے آمد سے متعلق ٹیچر کو والدین / سر پرست کی جانب سے مراسلہ

تاریخ

محترم ٹیچر

میرے بچے کوبوقت ................ مورخہ.................... تک رخصت درکار ہو گی۔
میرا بچہ بوقت ................... مورخہ.................... تک سکول نہیں آئے گا۔

دستخط..........................(والدین/سرپرست)

# اہم حقائق

آئرلینڈ میں خاندان کی تفریح کے لئے کئی سرگرمیاں ہوتی ہیں ۔
یہاں ثقافتی ، سماجی اور کھیلوں سے متعلق سرگرمیوں کا اہتمام کیا جاتا ہے ۔
سیر وتفریح سے متعلق آؤٹ ڈور سرگرمیوں کے لئے بہت سے مقامات ہیں جہاں آپ موسم ٹھیک ہونے کی صورت میں جاسکتے ہیں ۔
بچوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ کھیل کود میں حصہ لیں کیونکہ اس سے انہیں جذباتی ، ذہنی اور جسمانی طور پر اپنے آپ کوبہتربنانے کا موقع ملتا ہے ۔

# اپنے خاندان کے لئے وقت نکالنا

## ایک شخص کا دن کس طرح تقسیم ہوتا ہے ؟

وسیع تناظر میں ایک شخص کے دن کو پانچ مختلف اوقات میں تقسیم کیا جاسکتا ہے :۔

*کام کے لئے وقت : یہ وقت کام کرنے ( پیسوں کے بدلے یا رضاکارانہ ) ،پڑھائی کرنے یا بچوں کی نگہداشت کا ہوتا ہے۔

*گھر کے لئے وقت : یہ وقت گھر کے کام کاج کا ہوتا ہے جس میں نہانا ، دھونا اور کھانا شامل ہیں ۔

*خاندان اور دوستوں کے لئے وقت : یہ وقت خاندان اور دوستوں کے ساتھ گزارنے کا ہوتا ہے ۔

*اپنے لئے وقت : یہ وقت اپنے لئے ہوتا ہے جس میں آرام کیا جاتا ہے، نیند پوری کی جاتی ہے یا ورزش کی جاتی ہے ۔

*سوچ بچار کا وقت : یہ وقت اپنی چیزوں کے بارے میں سوچنے کا ہوتا ہے ۔

## والدین کو کیا کرنا چاہیے ؟

والدین کے طور پرصرف چند گھنٹے فارغ وقت ملنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے پاس اپنے لئے وقت بہت کم ہے خاص طو ر پر جب آپ اپنے بچوں‌کی دیکھ بھال کررہے ہوتے ہیں ۔
تمام والدین اپنے بچوں کے ساتھ کافی وقت نہ گزارسکنے کی وجہ سے دباؤ کا شکار ہوتے ہیں لیکن کچھ ایسے آسان طریقے ہیں جن کی مدد سے آپ اپنے بچوں کے ساتھ معیاری وقت گزار سکتے ہیں جو 10منٹ پر مشتمل ہوتا ہے جسے آپ اپنے بچے سے اس کے دن کے بارے میں بات کرنے، چہل قدمی پر جانے، اکٹھے کھانا کھانے، اکٹھے نہانا دھونے اور دیگر کاموں کے لئے صرف کرسکتے ہیں۔
آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ اپنے آرام ، تفریح اور کھیل کود کی سرگرمیوں کے لئے وقت نکالیں ۔ یہ تفریح آپ اکیلے بھی کرسکتے ہیں اور اپنے خاندان یا دوستوں کے ساتھ بھی کی جاسکتی ہے ۔

## بچوں کو کیا کرنا چاہیے ؟

بچے اپنے والدین سے ذرا مختلف وقت گزارتے ہیں کیونکہ انہیں اپنے لئے کمانا نہیں پڑتا ۔
بچوں کو بڑوں کی نسبت زیادہ نیند کی ضرورت ہوتی ہے اور نیند کا وقت ان کی عمر کے حساب سے ہوتا ہے ۔

## تفریحی سرگرمیاں میری فیملی کے لئے کس طرح فائدہ مند ہوتی ہیں ؟

خاندان کی تفریحی سرگرمیاں آپ کو اپنے بچے کے ساتھ ایک قریبی رشتہ استوار کرنے میں مدد گار ثابت ہوتی ہیں اور اس سے آپ ذاتی طور پر بھی لطف اندوز ہوتے ہیں۔اس سے آپ کے بچے کی جذباتی ، جسمانی اور ذہنی ترقی کی راہ بھی ہموار ہوتی ہے ۔

## کیا آئرلینڈ میں کوئی سماجی یا تفریحی سرگرمیاں ہوتی ہیں ؟

جی ہاں، آئرلینڈ میں لوگوں کے لطف اندوز ہونے کے لئے کئی سماجی اور تفریحی سرگرمیاں ہوتی ہیں ۔اکثر سرگرمیاں یا تو مفت ہوتی ہیں یا پھر ان پر کوئی زیادہ رقم خرچ نہیں‌کرنی پڑتی۔

# لائبریری

## عوامی لائبریریاں کیاخدمات فراہم کرتی ہیں ؟

شمالی آئرلینڈ میں عوامی لائبریریاں کئی مختلف خدمات فراہم کرتی ہیں ۔اگر آپ ان کے ممبر ہیں تو آپ کو درج ذیل سہولیات حاصل ہوں گی: ۔

- معلومات ، کتابیں ، میوزک ، ڈی وی ڈیز وغیرہ ۔
- مفت انٹرنیٹ کی سہولت۔
- مقامی ایونٹس یا کلاسز

## میں لائبریری کیسے جوائن کر سکتا ہوں ؟

لائبریری کی سہولیات تک رسائی کے لئے آپ کو ممبر بننا پڑے گا۔ لائبریری کا ممبر بننا بہت آسان ہے ۔
لائبریری میں شامل ہونے کے لئے آپ کو درج ذیل میں سے کوئی ایک کام کرنا ہوگا ۔
a) آن لائن درخواست فارم پُر کریں یا
b) اپنی مقامی لائبریری میں‌جاکر فارم پُر کریں ۔
آپ انٹرنیٹ کے ذریعے یا خود لائبریری میں‌جاکر فارم پُر کرتے ہیں تو آپ کو اپنی شناختی کا ثبوت اور پتہ ساتھ لے کر جانا چاہیے ۔

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں ؟

آپ کو مزید معلومات اس ویب سائٹ www.librarys.ie سے یا مقامی لائبریری سے مل سکتی ہیں ۔

# ثقافتی سرگرمیاں

## آئرلینڈ میں ثقافتی سرگرمیاں کیا ہیں؟

تمام آئرلینڈ میں بہت سی ثقافتی سرگرمیاں میسر ہیں۔ آئرلینڈ ایک طویل ثقافتی تاریخ کا حامل ہے جس میں موسیقی، رقص، تخلیقی ادب اور تھیٹر شامل ہیں۔

# عجائب گھر

## میں اپنے بچے کے ساتھ عجائب گھر کیوں جاؤں؟

عجائب گھر اپنے بچوں کے ساتھ وقت گزارنے کے حوالے سے انہیں تعلیم دینے کا ایک بہترین ذریعہ ہوتا ہے۔ آئر لینڈ میں بہت سے عجائب گھر مفت اور ایسی خاص معلومات رکھتے ہیں جو انہیں بالغوں اور بچوں ، دونوں،کے لئے دلچسپ بناتی ہیں۔

## آئر لینڈ میں کتنے عجائب گھر ہیں؟

آئر لینڈ میں 100سے زیادہ عجائب گھر ہیں۔ آئر لینڈ میں عجائب گھروں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے یہ ویب سائٹ دیکھیں:۔
www.goireland.com

# موسیقی

## کیا موسیقی آئر لینڈ میں مقبول ہے؟

جی ہاں، آیر لینڈ میں موسیقی بہت اہم روایت موجود ہے اور پورے آئر لینڈ میں روایتی موسیقی اب بھی بجائی جاتی ہے جبکہ اس کے ساتھ جدید موسیقی پر بھی پرفارم کیا جاتا ہے جیسا کہ U2اور Westlifeجیسے بین الاقوامی گروپ، اس فن کا مظاہرہ کر تے ہیں۔

## کیا میرے علاقے میں فن موسیقی کے مظاہرے ہوتے ہیں؟

جی ہاں، آئرلینڈ میں بہت سے پب خاص شاموں اور سہ پہروں کا اہتمام کرتے ہیں جہاں روایتی بینڈز اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ عام طور پر یہ پرفارمنس یا ‘مظاہرہ’ مفت کیے جاتے ہیں۔ آپ مقام کا پتہ کر کے دیکھیں کہ بچوں کو ساتھ لا سکتے ہیں یا نہیں مگر بالعموم بچوں کو شام 7:30تک خوش آمدید کہا جاتا ہے۔

## کیا آئر لینڈ میں کنسرٹ ہوتے ہیں؟

آئرلینڈ کنسرٹس کے لئے بھی ایک مقبول مقام ہے اور مشہور گلوکار اور بینڈز اپنے ورلڈ ٹورز میں آئرلینڈ کے لئے ڈیٹ شامل رکھتے ہیں۔ کنسرٹ اگر بڑی جگہ اور مقبول بینڈ کا ہے تو مہنگا ہو سکتا ہے۔ کنسرٹس کی بالعموم ہونے سے چند ماہ پہلے ہی قومی اخبارات اور انٹرنیٹ پر تشہیر کی جاتی ہے۔

## مجھے کلاسیکل موسیقی پسند ہے، مجھے اس کی پرفارمنسز کہاں مل سکتی ہیں؟

کلاسیکل موسیقی یا اوپیرا سے لطف اٹھانے والوں کے لئے ڈبلن میں نیشنل کنسرٹ ہال اور دوسرے شہروں کے کنسرٹ ہالوں میں شوز اور پرفارمنسز ہوتی ہیں۔

یہ شوز کافی مہنگے ہو سکتے ہیں مگر دن کے وقت ہونے والی پرفارمنسز کم پیسوں میں بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔

### موسیقی کے فسیٹیول کے بارے میں کیا ہے؟

پورے آئر لینڈ میں موسیقی کے بہت سے فیسٹیول ہوتے ہیں۔ان میں خاندانوں کو خوش آمدید کہا جاتا ہے کہ لیکن پانچ سال سے کم عمر کو بچوں کو لانا بہتر نہیں رہتا کیونکہ ان کے لئے کوئی خصوصی سہولت نہیں دی جاتی۔

## تھیٹر

### کیا آئر لینڈ میں تھیٹر ہیں؟

جی ہاں، آئر لینڈ میں بہت سے تھیٹر ہیں جن میں مختلف عمر کے افراد کے لئے پرفارمنسز ہوتی ہیں۔ بہت سوں میں بچوں کے لئے ڈرامے اور موسیقی کے شو ہوتے ہیں جنہیں سب گھر والے ایک ساتھ دیکھ سکتے ہیں۔ یہ دیکھنے کے لئے کہ آپ کے گھر کے قریبی علاقے میں کیا کچھ ہو رہا ہے ، اس ویب سائٹ سے چیک کیا جاسکتا ہے ۔ entertainment.ie/theatre

## فلم

### کیا آئر لینڈ میں سینما ہیں؟

جی ہاں، آئر لینڈ میں بہت سے سینما ہال ہیں اور بیشتر علاقوں میں سینما تک رسائی ہے جہاں امریکہ اور دوسرے ملکوں میں ریلیز کی جانے والی فلمیں فورا ہی دکھائی جاتی ہیں۔ ایسے سینما بھی ہیں جو زیادہ آرٹ فلمیں نمائش کے لئے پیش کرتے ہیں اور فلمیں سب ٹائٹل[ترجمہ کےساتھ] کے ساتھ اصل زبان میں دکھائی جاتی ہیں۔

# کھیل اور تفریح

### کھیل اور تفریح کے لئے کون سی سرگرمیاں ہیں؟

خاندانوں اور بچوں کے لئے کھیل کی بہت سی سہولتیں دستیاب ہیں۔ آئر لینڈ میں کھیل کی سرگرمیوں کا ایک خزانہ موجود ہے اور یہ مختلف کھیلوں کے عالمی مقابلوں میں شرکت کی تاریخ بھی رکھتا ہے۔

## پیراکی

حالیہ برسوں میں پیراکی آئر لینڈ میں مقبول ہوئی ہے۔ اگر چہ آئر لینڈ ایک جزیرہ اور پانی بہت صاف ہے مگرموسم گرما کے علاوہ سمندر میں تیرنے کا موقعہ بہت کم ملتا ہے(اگر آپ بہادر نہیں ہیں تو)۔

### مجھے مقامی سوئمنگ پول کہاں ملے گا؟

اکثر کاؤنٹی کونسلز میں کم از کم ایک عوامی سوئمنگ پول ضرور ہوتا ہے جو گھر بھر کے ساتھ تفریح کا کم قیمت ذریعہ ہوتا ہے۔ عام طور پر بچوں کے لئے اس میں جانا مفت جبکہ بالغوں کے لئے معمولی سے رقم رکھی جاتی ہے۔

اپنے علاقے میں سوئمنگ پول کی فہرست کے لئے یہ ویب سائٹ ایک اچھا ذریعہ ہے۔ www.swimmerguide.com کیونکہ اس میں آئیر لینڈ سمیت بیشتر ملکوں میں موجود سوئمنگ پولز کی فہرست موجود ہے۔

مزید معلومات اس ویب سائٹ پر www.swimireland.ie دستیاب ہِیں۔

## سوکر[فٹ بال]

فٹبال بہت مقبول کھیل ہے۔ آئر لینڈ کے تقریبا ہر علاقے کی اپنی اور بچوں کی علیحدہ علیحدہ ٹیمیں ہیں۔ بہت سے لوگ اپنے مقامی اور قومی کلب کے ساتھ ساتھ عالمی اور انگلش فٹبال چیمپیئن شپ کی ٹیموں کو سپورٹ کرتے ہیں ۔

### مجھے اپنا مقامی فٹبال کلب کہاں ملے گا؟

یہ دیکھنے کے لئے کون کون سی فٹبال ٹیمیں کھیلنے کے دستیاب ہیں آپ کے مقامی کھیل کے مرکز کے پاس ان ٹیموں اور رابطہ افراد کی فہرست ہوتی ہے۔

آپ اپنے مقامی کلب کواس ویب سائٹ www.fai.ie پر بھی تلاش کر سکتے ہیں۔

بچے بھی اپنے سکول یا اس کے ذریعے کسی کلب تک پہنچ سکتے ہیں۔

### Gaelic Athletic Association) GAA)

گیلک اتھلیٹک ایسوسی ایشن(GAA) چار کھیلوں کی ذمہ دار تنظیم ہے جن میں سے دو خصوصی طور پر آئرش کھیل ہیں ۔۔ ایک فٹ بال اوردوسرا ہرلنگ ( ہاکی جیسا کھیل)

فٹ بال اور ہرلنگ دونوں کھیلیں بہت مشہور ہیں اور اکثر علاقوں میں ایک مقامی ٹیم اور دوسری بچوں کی ٹیم ہوتی ہے۔

### گیلکGaelic فٹ بال کیا ہے ؟

یہ فٹ بال عام فٹ بال کی طرح نہیں ہے اور اس کے قوانین بہت مختلف ہیں۔ اس کا موازنہ دوسرے کھیلوں بشمول رگبی ، سوکر اور آسٹریلین رولز کے مجموعے سے کیا جاتا رہا ہے۔ یہ آئرلینڈ میں بہت تیز اور مقبول کھیل ہے ۔

### ہرلنگ(Hurling-ہاکی)کیا ہے ؟

ہرلنگ دنیا کی تیز ترین اور فعال فیلڈ گیم ہے ، آئرلینڈمیں بھی بہت مقبول ہے۔
خواتین کے لئے ہرلنگ کی ایک گیم بھی ہے جسے Camogie کہا جاتا ہے۔ یہ کھیل خواتین اور لڑکیاں کھیلتی ہیں۔

### مجھے اپنا مقامی کلب کہاں مل سکتا ہے ؟

اپنے مقامی کلب کے بارے میں جاننے کے لئے آپ اس ویب سائٹ سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں ۔ www.gaa.ie/page/provinces

## واکنگ اینڈ ہائیکنگ

واکنگ اور ہائیکنگ آئرلینڈ میں انتہائی مقبول سرگرمیاں ہیں ۔ واکنگ کے روٹس کی باقاعدہ طور پر نشاندہی کی گئی ہے ۔

### مجھے واکنگ روٹ کہاں مل سکتا ہے ؟

آئر لینڈ میں واکنگ روٹس فراہم کرنے کی ذمہ داری آئرش سپورٹس کونسل کی ہے۔ اس سلسلے میں 30 مقررہ روٹس ہیں۔ مزید تفصیلات اور معلومات کے لئے اس ویب سائٹ کو دیکھیں:۔ www.walkireland.ie

آرش ہارٹ فاونڈیشن نے بھی سلائی نا سلینٹے پیدل چلنے راستے بناتے ہوئے ہیں۔ ان پر ہر کلو میٹر کے فاصلے پر زرد نشان لگائے گئے ہیں۔ ان راستوں سے متعلق معلومات اس ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں؟ www.irishheart.ie

## پارک اور جنگلات

### مجھے مقامی پارک اور گرین ایریا کہاںمل سکتا ہے ؟

آئرلینڈ کے تقریباً ہر شہر اور ٹاؤن میں گرین ایریا اور پارک موجود ہیں۔ لوگ ان فیملی پارکوں میں جاکر ایک صحت مندانہ ماحول، سکون اور تفریح سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ ان پارکوں میں اکثر پلے گراؤنڈ، پکنک کے مقامات اور بار بی کیو ایریا بھی ہوتے ہیں ۔

آئرلینڈ میں کئی جنگلات ہیں اور ان جنگلات میں واک اور پکنک کے ذریعے آپ اپنے وقت کو خوشگوار بنا سکتے ہیں اور لطف اندوز ہوسکتے ہیں ۔

## دیگر کھیلیں

### آئرلینڈ میں کون سی دیگر کھیلیں ہوتی ہیں؟

آئرلینڈ میں فیملی، بڑوں اور بچوں کے لئے کئی کھیلیں ہوتی ہیں ۔

### لینڈ سپورٹس

آئرلینڈ کے لینڈ سپورٹس میں رگبی، باسکٹ بال، ہینڈ بال، ٹینس، باکسنگ، مارشل آرٹس اور راؤنڈرز شامل ہیں ۔

### واٹرسپورٹس

آئرلینڈ میں دیگر واٹرسپورٹس میں سرفنگ، ونڈ سرفنگ، کائیٹ سرفنگ، کشتی رانی اورمچھلی کا شکارشامل ہیں ۔

## نوجوانوں کے کلب

### نوجوانوں کے کلب کیا کرتے ہیں ؟

آئرلینڈ کے کئی علاقوں میں یوتھ کلب موجود ہیں۔ یوتھ کلبوں میں تعلیمی اور تفریحی عنصر کے ساتھ مختلف سرگرمیاں ہوتی ہیں جن میں زیرنگرانی ہوم ورک کلب، بعد ازسکول کلب، اور کھیل وغیرہ شامل ہیں۔

### نوجوانوں کے کلب کون چلاتا ہے ؟

ان کلبوں کو فلاحی کارکن یا متعلقہ سٹاف چلاتا ہے جو سارے عمل کی نگرانی کرتے ہیں تاہم اکثر ان کلبوں‌کو چلانے کے لئے نوجوانوں کے مشوروں کو اہمیت دی جاتی ہے ۔

### نوجوانوں کے کلب کون جوائن کرسکتا ہے ؟

یہ کلب عموماً 12 سے 18 سال عمر کے نوجوانوں کے لئے ہوتے ہیں۔ ان کلبوں کو جوائن کرنے کی مقررہ فیس ہوتی ہے تاہم یہ فیس عموما انتہائی کم ہوتی ہے ۔

### مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں ؟

آئرلینڈ میں فوروجی foroigeنامی ایک تنظیم ہے جو نوجوانوں کے کلب چلاتی ہے ۔ اس کونسل کے بارے میں مزید معلومات www.foroige.ie سے حاصل کی جاسکتی ہیں ۔

## فرہنگ / لغت

فرہنگ سے مراد ایسے الفاظ ہیں جوعبارت میں استعمال ہوتے ہیں اور ان کی وضاحت کی ضرورت ہوتی ہے ۔

### سیکشن- 2

Accessories جملہ ساز و سامان

ایک گھر میں تمام فرنیچر ، برتن ، فریج اور چھری کانٹے وغیرہ جملہ سازوسامان کہلاتاہے ۔

Area Code علاقے کا کوڈ

ایریا کوڈ سے مراد وہ 2 سے 4 نمبر ہیں جو آپ کسی نمبر سے پہلے ڈائل کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر بیلفاسٹ Dublin کا ایریا کوڈ 01 ہے۔ اگرآپ نے کوئی نمبر ڈائل کرنا ہو تو اس نمبر سے پہلے کوڈ 01ڈائل کریں ۔

Bereavement موت کا صدمہ

اس سے مرا د موت کا مقابلہ کرنا ہے ۔

Breach توڑنا

اس سے مراد کوئی معاہدہ وغیرہ توڑنا ہے ۔

Credit کھاتے میں جمع رقم

موبائل فون کے سلسلے میں کریڈٹ سے مراد کال کرنے کے لئے آپ کی پہلے سے ادا شدہ رقم ادا ہے۔ آپ یہ رقم بڑھا کر فون میں اپنا کریڈٹ بنا سکتے ہیں ۔

Eligible اہل

اہل سے مرا د آپ کسی چیز کے حصول کے لئے متعلقہ معیار پر پورا اترتے ہوں ۔

State Agent اسٹیٹ ایجنٹ

جائیداد کی خریدوفروخت سے متعلق سروس فراہم کرنے والے اسٹیٹ ایجنٹ کہا جاتا ہے ۔

Fee فیس

فیس سے مراد وہ مخصوص رقم ہے جو آپ کوئی سروس حاصل کرنے کے لئے ادا کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگرآپ کے پاس میڈیکل کارڈ یا جی پی وزٹ کارڈ نہیں تو پھرGP (میڈیکل پریکٹشنر) جب آپ کو دیکھنے کے لئے آئے گا تو ہرمرتبہ 50یورو لے گا ۔

Landline لینڈ لائن

لینڈ لائن فون سے مراد آپ کے گھر میں لگا ہوا تار والا فون ہے اور یہ موبائل نہیں ہوتا ۔

Landlord مالک مکان

مالک مکان وہ شخص ہوتا ہے جو کرائے کے مکان کا مالک ہوتا ہے یا اس کا نگران ہوتا ہے ۔

Means Test آمدن کے ذرائع کا ٹیسٹ

اس ٹیسٹ میں آپ کی آمدنی اور آپ کے تمام اخراجات کا جائزہ لیا جاتا ہے ۔

Online آن لائن

جوچیزانٹرنیٹ پردستیاب ہوتی ہے ۔

### سیکشن- 3

Garda Siochana

آئرلینڈ میں پولیس گارڈا سائیوچیناGarda Siochanaکہلاتی ہے جس کا مطلب امن و امان قائم کرنے والا ہوتا ہے۔

Refuge پناہ

پناہ سے مراد ایک ایسا محفوظ مکان ہے جہاں آپ تشدد سے بچ کر رہ سکتے ہیں اور اپنے بچوں کو بھی لا سکتے ہیں ۔

### سیکشن- 4

Abortion اسقاطِ حمل

اس کامطلب حمل گرانا ہے ۔

Accident and Emergency حادثات اور ہنگامی حالات

یہ ہسپتال کا وہ شعبہ ہوتا ہے جہاں ہنگامی صورت حال میں لوگوں کا علاج کیا جاتا ہے ۔



Aural کانوں سے متعلق

کانوں سے متعلق اُمور۔

Birth Certificate پیدائش کا تصدیق نامہ

یہ ایک دستاویز ہوتی ہے جس میں نومولود بچے کا نام ، تاریخ اور جائے پیدائش کے ساتھ والدین کے نام درج ہوتے ہیں۔ یہ ایک اہم دستاویز ہے جسے محفوظ رکھنا چاہیے ۔

Booster بوسٹر

باربار دی جانے والی ایک ویکسین جو آپ کے بچے میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتی ہے ۔

Charge اخراجات

یہ وہ رقم ہوتی ہے جو آپ کو ہسپتال میں ادا کرنی پڑتی ہے ۔

Contraceptive مانع حمل

یہ ایسی ادویات ہوتی ہیں جو عورت کو حاملہ ہونے سے روکتی ہیں ۔



Dental دانتوں سے متعلق

دانتوں سے متعلق اُمور۔

Diagnose تشخیص

تشخیص سے مراد کسی شخص کی تکلیف یا بیماری کا سبب جاننا ہے ۔

In–Patient Service سروس برائے اندرونی مریضان

ہسپتال میں وہ جگہ جہاں آپ کو رات بسر کرنی پڑی ۔

Metabolic Disorder جینیاتی بیماری

یہ ایک جینیاتی بیماری ہے جو بہت تھوڑی تعداد میں بچوں کو متاثر کرتی ہے ۔

Miscarriage وقت سے پہلے حمل گر جانا

حمل گرنے سے مراد حمل کا مقررہ وقت سے قبل خود بخود ختم ہوجانا ہے ۔



Optical آنکھوں سے متعلق

آنکھوں سے متعلق اُمور ۔

Out – patient service سروس برائے بیرونی مریضان

ہسپتال میں وہ جگہ جہاں آپ معائنہ کراتے ہیں لیکن رات کو ٹھہرتے نہیں ۔

Physical exam جسمانی معائنہ

اس سے مراد جب کوئی ڈاکٹر یا نرس آپ کے بچے کے جسم میں کسی مسئلے کو جاننے کے لئے معائنہ کرے ۔

Referral حوالہ جاتی

اس سے مراد جب آپ کا ڈاکٹر کسی دوسرے سپیشلسٹ سے رابطہ کرتا ہے اور اُسے بتاتا ہے کہ آپ کو اُس کے علاج کی ضرورت ہے ۔

Screening Program سکریننگ پروگرام

سکریننگ پروگرام وہاں ہوتا ہے جہاں ایک پبلک ہیلتھ نرس یا ایریا میڈیکل آفیسر آپ کے بچے کی کسی بیماری یا مسئلے کا معائنہ کرے ۔

Subsised اعانتی

اس کا مطلب ہے کہ جب حکومت کسی چیز کی قیمت کا کچھ حصہ ادا کرتی ہے اور آپ کو اس کی پوری قیمت ادا نہیں کرنا پڑتی ۔

Surgery سرجری

یہ ایک ڈاکٹر یاماہر دندان کا دفتر ہوتا ہے ۔

Treat علاج معالجہ

اس سے مراد کسی مسئلے یا بیماری کا تعین کرنا ہوتا ہے ۔

Time Out مخصوص جگہ

یہ ایک ایسی جگہ ہو تی ہے جہاں آپ کے بچے کو کچھ مخصوص وقت کے لئے بیٹھے رہنے کے لئے بھیج دیا جاتا ہے جب وہ کوئی غلط رویہ اختیار کرتاٍ ہے۔ یہ کسی کونے میں ہوتی ہے یا سیڑھیوں کے اوپرٍ وہ اپنی عمر کے تناسب سے اتنے منٹ وہاں بیٹھتا ہے جتنی اس کی عمر ہوتی ہے مثلاً اگر وہ 5سال کا ہے تو اسے 5 منٹ بٹھایا جاتا ہے۔

Vaccinations and Immunisations حفاظتی ٹیکے اور ادویات

کچھ ادویات ایسی ہوتی ہیں جو بچوں کوبعض مخصوص بیماریوں سے بچاتی ہیں۔ ویکسین ان ہی جراثیم سے بنائی جاتی ہیں جو بیماری کا سبب بنتے ہیں تاہم یہ آپ کے بچے کے لئے محفوظ ہوتی ہے کیونکہ ویکسین میں شامل جراثیم ، پہلے سے موجود جراثیم کو ختم یا کمزور کردیتے ہیں ۔

## سیکشن 5

Community Run کمیونٹی کے زیر انتظام

اس سے مراد پری سکول کا انتظام مقامی کمیونٹی کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔

Compulsory لازمی

اس سے مراد بچے قانونی طور پر سکول جانے کے پابند ہوتے ہیں ۔

Education System تعلیمی نظام

اس میں تعلیم کے تمام درجات شامل ہوتے ہیں جن میں پرائمری سکول، مابعد پرائمری سکول، تیسرے درجے کی تعلیم، بالغوں کی تعلیم اور مزید تعلیم شامل ہیں۔

Second Level Eduation دوسرے درجے کی تعلیم

طلباءکی اکثریت 12 اور13 سال کی عمر میں دوسرے درجے کی تعلیم میں منتقل ہو جاتے ہیں یعنی جب وہ اپنی پرائمری تعلیم مکمل کر لیتے ہیں۔اس درجہ کو مابعد پرائمری بھی کہا جا تا ہے۔

## مخفف الفاظ

بی بی سی – برطانوی نشریاتی کارپوریشن

بی سی جی– باسیلس کالمیٹی۔گورن

ای یو – یورپین یونین

ای ای اے– یورپی معاشی شعبہ

ایف ایس اے– اتھارٹی برائے غذائی معیارات

جی اے اے – گیلک اتھلیٹک ایسوسی ایشن

جی پی – جنرل پریکٹشنر

ایچ آئی بی – ہوموفیلس انفلوئنزا قسم ۔بی

ایچ آر سی – روایتی رہائش کے حالات

آئی ٹی وی – خود مختار ٹیلی ویثرن

ایم اے بی ایس – رقم، مشاورت اور بجٹ سازی کی سروس

ایم ایم آر – خسرہ، گلپھٹرے ، روبیلا ویکسین

ایم او ٹی – وزارت ٹرانسپورٹ ٹیسٹ

این آئی ای – شمالی آئر لینڈ انرجی

این آئی ایس – ادارہ شماریات و تحقیقات شمالی

آر اے– آئرلینڈ

ٹی بی – ٹیوبرکلوسس

( بی سی جی ویکسین

ٹی وی – ٹیلی ویثرن Īru valodas lietošana Īrijā

## آئرلینڈ میں آئرش زبان میں استعمال

آئر لینڈ میں آپ یہ مشاہدہ کریں گے کہ بہت سے الفاظ آئرش زبان میں لکھے ہوتے ہیں۔ درج میں عمومی مثالیں دی گئی ہیں جو آپ دیکھیں گے ۔

### جگھوں کے نام اور سڑکوں کے اشارات

آئرلینڈ میں تمام جگھوں کے نام اور سڑکوں کے اشارات آئرش اور انگریزی دونوں زبانوں میں لکھے ہوتے ہیں۔

### بسوں کی منزل مقصود

بہت سی بسوں پر بھی اُن کی منزل مقصود آئرش اور انگریزی دونوں میں لکھی ہوتی ہیں۔




### دی پولیس

آئرلینڈ میں پولیس گارڈا سائیوجیناGarda Siochanaکہلاتی ہے جس کا مطلب امن و امان قائم کرنے والا ہوتا ہے۔




### پوسٹ آفس / ڈاک خانہ

پوسٹ آفس/ڈاک خانہ این پوسٹAn Post کہلاتا ہے۔

### حکومت

حکومت کے کاروبار مملکت میں استعمال ہونے والے بہت سے الفاظ آئرش ہیں۔ مثلاً

Dáil Éireann [ڈیل ایئرن] آئرلینڈ کی پارلیمنٹ
Seanad Éireann [سینڈ ایئرن] آئر لینڈ کی سینٹ
Teachta Dála [ٹیچٹا ڈالا] پارلیمنٹ کے نمائندے
Uachtaráin [یو آک ئیرین] صدر
Áras an Uachtaráin [ آراس این یوآک ئیرین] ایوان صدر

اہم سیاسی پارٹیوں میں سے تین کے نام آئرش ہیں۔